



مجموعہ وظائف
مع
دلائل الخیرات شریف
حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ
ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔ کراچی۔ پاکستان



فاذکرونی اذکرکم واشکروا لی ولا تکفرون

مجموعہ وظائف

مع

دلائل الخیرات شریف

ترجمہ و اضافات

فقیر پیر محمد کرم شاہ بن علماء الازہر الشریف


سجادہ نشین آستانہ عالیہ امیر السالکین حضرت پیر امیر شاہ صاحب چشتی نظامی بھیرہ ضلع سرگودھا

ناشر

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا گنج بخش روڈ

لاہور۔ پاکستان



نام کتاب ——— مجموعہ وظائف مع دلائل الخیرات

مؤلف ——— پیر محمد کرم شاہ صاحب سجادہ نشین بھیرہ

خطاطی ——— خوشی محمد ناصر قادری

ضخامت ——— ۴۴۴ صفحات

بار ——— اول

تاریخ اشاعت ——— رمضان المبارک ۱۴۰۵ھ / جون ۱۹۸۵ء

مطبوعہ ——— حامد جمیل پرنٹرز ریٹی گن روڈ۔ لاہور

ہدیہ ———

ناشر ——— ضیاء القرآن پبلی کیشنز، گنج بخش روڈ لاہور



فہرست

عنوان	صفحہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مقدمہ

ذکرِ الٰہی زندگی کی جان ہے۔ وہ زندہ اِنسان جو ذکرِ الٰہی سے غافل اور محروم ہے اگرچہ عام دیکھنے والوں کی نظروں میں تو اسے زندہ شمار کیا جاتا ہے لیکن درحقیقت وہ مُردہ ہے۔ بے جان ہے اور زندگی کی برکتوں سے یکسر محروم ہے۔ حیاتِ اِنسانی کی وہی گھڑیاں سرمدی اور ابدی ہیں جو اپنے خالقِ کریم کی یاد اور محبت میں بسر ہوتی ہیں۔ زندگی کے وہ لمحے جب اِنسان ذکرِ الٰہی سے محروم ہوتا ہے وہ فانی ہیں۔ لاحاصل ہیں اور ایسی زندگی بسر کرنے والے کو بجز حسرت و ندامت اور کچھ نہیں ملتا۔

یہ لطیفۂ غیبی جس کو قلب کہتے ہیں جو مملکتِ جسم کا سلطان اور فرمانروا ہوتا ہے جب تک اسے لذتِ ذکرِ الٰہی نصیب نہیں ہوتی وہ افسردہ و پژمردہ رہتا ہے۔ حوادثاتِ دہر کے طوفان تنکوں کی طرح اسے اڑاتے رہتے ہیں۔ نہ اسے کہیں قرار نصیب ہوتا ہے اور نہ سکون میسّر آتا ہے وہ ایک ایسی پتنگ ہے جس کی ڈور کٹ گئی ہے۔ اور جب کشورِ جسم کے سلطان کی پژمردگی، بے چینی اور اضطراب کا یہ حال ہو تو جسم کی دوسری قوتیں ظاہری اور باطنی، ان میں سکون و اطمینان کیونکر پایا جاسکتا ہے زندگی کے سارے ماہ و سال فکری پراگندگی اور ذہن کی بے چینی کا مرکز بنے رہتے ہیں۔ نہ وہ اپنی منزل کا صحیح تعین کرسکتا ہے اور نہ وہ یکسوئی اور دل جمعی کے ساتھ اپنی خداداد قوتوں کو بروئے کار لاکر اپنی منزلِ حیات کی طرف پیش قدمی کرسکتا ہے۔ ساری عمر بھٹکتے بھٹکتے اور ٹھوکریں کھاتے بیت جاتی ہے اور جب اس کی زندگی کا چراغ بجھتا ہے تو ناکامی، نامرادی اور حسرت و یاس کے کانٹوں کے بغیر اس کے دامن میں کچھ بھی تو نہیں ہوتا۔

اِنسان کی زندگی کی منزل کا تعین اور اس کی طرف یکسوئی کے ساتھ رواں دواں رہنے کا عزم صرف انہیں نصیب ہوتا ہے جن کے دل میں محبوبِ حقیقی کے عشق کی آگ بھڑک رہی ہوتی ہے

اور ذکرِ الٰہی کی شمع ہاتھ میں پکڑ کر وہ جادۂ عشق و محبت پر گامزن رہتا ہے۔ اسی لئے قرآن کریم میں بار بار مختلف اسلوبوں سے انسان کو ذکرِ الٰہی کی ترغیب دی گئی ہے اور غفلت کے سراب میں ٹھوکریں کھاتے رہنے سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے۔ اسی طرح سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ارشاداتِ طیبات سے اپنے غلاموں کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کی سعی جمیل فرمائی ہے۔ اور بڑے شوق آفریں اندازِ بیان سے اللہ تعالیٰ کے بندوں کے دلوں میں اپنے رب کریم کی یاد کا ذوق و شوق پیدا فرمایا ہے۔

پہلے آپ بے شمار آیاتِ قرآنی میں سے چند آیاتِ کریمہ ملاحظہ فرمائیں۔ اس کے بعد گلشنِ نبوت کے سدا بہار گلزار کے رنگین اور مہکتے ہوئے چند پھول پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں گا۔

ارشادِ خداوندی ہے:۔

۱۔ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ۔ تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا۔ تم میری نعمتوں کا شکر ادا کرو اور ناشکری نہ کرو۔

کتنی پیاری آیت ہے۔ رب کریم اپنے بندے کو فرما رہا ہے کہ اگر تم مجھے یاد کرو گے تو میں تمہیں یاد کروں گا۔ اور بندے کی اس سے بڑی خوش قسمتی اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کا خدا اسے یاد کرے۔

حضرت ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

"مجھے پتہ چل جاتا ہے جب میرا خدا مجھے یاد کرتا ہے۔" لوگ یہ سن کر گھبرا گئے۔ انہوں نے پوچھا آپ کو کیسے پتہ چل جاتا ہے۔ آپ نے جواب دیا جب میں اس کو یاد کرتا ہوں وہ مجھے یاد کرتا ہے۔

اس آیت کے پڑھنے اور اس میں غور کرنے سے ذکرِ الٰہی کا شوق خود بخود پیدا ہو جاتا ہے لیکن صرف اسی پر اکتفا نہیں بلکہ ذکر کرنے والے کے ساتھ وعدہ جود و کرم بھی ہے۔ "اُدْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ" تم مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔ جس سائل کو یہ یقین ہو کہ جس دروازے پر وہ دامنِ سوال پھیلا رہا ہے وہ کریم ہے اور وہ اپنے سائل کو کبھی خالی واپس نہیں کرتا تو خود سوچئے اس سائل کے ذوق و شوق کا کیا عالم ہو گا۔ صرف ایک آدھ بار

ذکر کرنے کو کافی نہیں سمجھا گیا بلکہ کثرتِ ذکر کی بار بار تاکید کی گئی ہے تاکہ بندہ کا کوئی سانس اور کوئی لمحہ اپنے خالقِ کریم کی یاد کے بغیر نہ گزرے۔ کہیں فرمایا اُذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيرًا۔ اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کیا کرو۔ کہیں فرمایا اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ۔ وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کو ہر حالت میں یاد کرتے ہیں کھڑے ہو کر بھی، بیٹھے ہوئے بھی اور اپنے پہلوؤں پر لیٹے ہوئے بھی۔ پھر فرمایا۔ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ۔ جب تم نماز ادا کر چکو تو پھر بھی اللہ کا ذکر کرو کھڑے ہو کر، بیٹھ کر اور لیٹے ہوئے یعنی نماز ادا کرنے کے بعد یہ سمجھو کہ اب مزید ذکر کی ضرورت نہیں اتنا ذکر ہی کافی ہے جو اثناء نماز کیا گیا ہے۔ فرمایا نماز کے بعد بھی ذکر کی شمع کو روشن رکھو اور جس حالت میں ہو ذکرِ الٰہی میں مشغول رہو۔

الغرض قرآن کریم میں بکثرت ایسی آیات ہیں جن میں یہ تاکید کی گئی ہے کہ صبح و شام ذکر کرو، رات اور دن میں ذکر کرو، سورج کے طلوع ہونے سے پہلے ذکر کرو، سورج کے غروب ہونے سے پہلے ذکر کرو، سورج ڈھلے تو ذکر کرو جب رات کے وقت ساری دنیا میٹھی نیند کے مزے لوٹ رہی ہو تم جاگو اور اپنے معبودِ برحق کی یاد میں محو ہو جاؤ۔ کسی عارفِ ربانی نے خوب کہا ہے ؎

اوقات جاں بود کہ بیار بسر شد — باقی ہمہ بے حاصلی و بے خبری بود

زندگی کے قیمتی لمحے تو وہی تھے جو محبوبِ حقیقی کی یاد میں بسر ہوئے۔ اس کے علاوہ جو کچھ کیا وہ لاحاصل تھا، بے مقصد تھا، بے خبری تھا اور نادانی تھا۔

ذکرِ الٰہی کی انہی قرآنی تعلیمات کو شارحِ قرآن کریم حضور نبی رؤف و رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے جاں پرور ارشادات سے بھی واضح فرمایا ہے۔ ارشاد فرمایا:-

۱۔ ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ كَالشَّجَرَةِ الْخَضْرَاءِ فِيْ وَسْطِ الْهَشِيْمِ۔

اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا غافلوں میں اس طرح ہے جس طرح سوکھی گھاس میں ہرا بھرا درخت۔

دوسرا ارشادِ گرامی ہے:-

۲۔ ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ كَالْمُقَاتِلِ بَيْنَ الْفَارِّيْنَ۔

غافلوں میں اللہ کا ذکر کرنے والا ایسا ہے جیسے میدانِ جہاد سے بھاگنے والوں میں راہِ حق میں جنگ و قتال کرنے والا مجاہد۔

ایک حدیث قدسی سماعت فرمائیں :-

۳۔ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ اَنَا مَعَ عَبْدِیْ مَا ذَکَرَنِیْ وَتَحَرَّکَتْ شَفَتَاہُ بِیْ۔

حضور نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں میں اپنے بندے کے پاس ہوتا ہوں جب تک وہ میرا ذکر کرتا ہے اور میرے ذکر سے اس کے دونوں ہونٹ حرکت کرتے رہتے ہیں۔

۴۔ حضرت معاذ بن جبل نے عرض کی یا رسول اللہ مجھے کچھ نصیحت فرمائیے۔ حضور نے فرمایا اپنے مقدور بھر اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ہر حجر و شجر کے پاس اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرو۔ اگر کوئی برا کام کر بیٹھو تو فوراً اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں از سر نو توبہ کرو۔ پوشیدہ گناہ کی پوشیدہ توبہ اور علانیہ گناہ کی علانیہ توبہ۔

۵۔ حضرت معاذ بن جبل کہتے ہیں آخری بار جب میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جدا ہوا وہ یہ ہے کہ میں نے آپ سے دریافت کیا کہ کون سا عمل اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پیارا ہے۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ تمہیں اس حالت میں موت آئے کہ تمہاری زبان اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر ہو۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔

اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اَنْ تَمُوْتَ وَلِسَانُکَ رَطْبٌ بِذِکْرِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ۔

۶۔ فضیلتِ ذکر کے بارے میں آخر میں ایک اور پیاری حدیث غور سے سنیئے :-

قَالَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ مَنْ شَغَلَہٗ ذِکْرِیْ عَنْ مَسْئَلَتِیْ اَعْطَیْتُہٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِی السَّائِلِیْنَ۔

جس شخص کو کثرتِ ذکر کے باعث سوال کرنے کی ہی فرصت نہ ملے میں اس کو بن مانگے وہ نعمتیں عطا فرماتا ہوں جو مانگنے والوں کی مانگی ہوئی نعمتوں سے افضل و اعلیٰ ہوتی ہیں۔

اہلِ ذکر کی شان اور مقام رفیع کا تو کیا کہنا وہ مجلس ذکر جس میں وہ بیٹھ کر اپنے رب کو یاد کرتے ہیں اس کی شان ہی ہمارے تصور کی حد سے بالاتر ہے۔

۱۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ اِلَّا حَفَّتْ بِھِمُ الْمَلٰئِکَۃُ وَغَشِیَتْھُمُ الرَّحْمَۃُ وَذَکَرَھُمُ اللّٰہُ فِیْمَنْ عِنْدَہٗ۔

جس مجلس میں بیٹھ کر لوگ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں نورانی فرشتے اُن کو چاروں طرف سے گھیر لیتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی رحمت ان پر چھا جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کو یاد فرماتا ہے۔ ان اہل مجلس کے درمیان جو اُس کے حریم قرب میں حاضر ہوتے ہیں۔

۲- وقال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم ما من قوم اجتمعوا يذكرون الله تعالى لا يريدون بذالك الا وجهه الا ناداهم مناد من السماء قوموا مغفورا لكم قد بدلت لكم سيأتكم حسنات۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لیے ایک جگہ جمع ہوتے ہیں اور اس سے ان کا مقصد رضائے الٰہی کے بغیر اور کچھ نہیں ہوتا تو ان لوگوں کو آسمان سے ایک ندا کرنے والا ندا کرتا ہے۔ اٹھو! تمہارے سارے گناہ بخش دیے گئے ہیں اور تمہاری برائیوں کو نیکیوں میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

۳- اہل ذکر کی مجلسوں کی بارگاہِ الٰہی میں بڑی عزت و شان ہے۔ اس سلسلہ کی آخری حدیث حضرت ابوہریرہ اور ابوسعید خدری سے منقول ہے جسے امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی اپنی صحیح میں روایت کیا ہے اُس کو پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

عنه صلى الله عليه وسلم انه قال ان لله عز وجل ملائكة سياحين فى الارض فضلا عن كتاب الناس فاذا وجدوا قوما يذكرون الله عز وجل تنادوا هلموا الى بغيتكم فيجيئون فيحفون بهم الى السماء فيقول الله تبارك وتعالى اى شىء تركتم عبادى يصنعونه فيقولون تركناهم يحمدونك ويمجدونك ويذكرونك فيقول الله تبارك وتعالى وهل راونى فيقولون لا۔ فيقول جل جلاله كيف لو راونى فيقولون لو راوك لكانوا اشد تحميدا وتمجيدا فيقول لهم من اى شىء يتعوذون فيقولون من النار فيقول تعالى وهل راوها فيقولون لا۔ فيقول الله عز وجل فكيف لو راوها فيقولون لو راوها لكانوا اشد هربا منها واشد نفورا فيقول الله عز وجل واى شىء يطلبون فيقولون الجنة فيقول تعالى وهل راوها فيقولون لا فيقول فكيف لو راوها فيقولون لو راوها لكانوا اشد عليها حرصا

فَيَقُوْلُ جَلَّ جَلَالُهُ إِنِّي أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ فَيَقُوْلُوْنَ كَانَ فِيْهِمْ فُلَانٌ لَمْ يُرِدْهُمْ إِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ۔

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے بعض فرشتے ہیں جو زمین میں گشت کے لیے مقرر ہیں۔ جب وہ کسی قوم کو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں ادھر آؤ یہ ہے تمہارا مقصود پس سب آجاتے ہیں اور آسمان تک خلا کو بھر دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن سے پوچھتا ہے میرے بندوں کو کیا کرتے ہوئے تم نے چھوڑا۔ وہ فرشتے عرض کرتے ہیں ہم نے انہیں چھوڑا اس حال میں کہ وہ تیری حمد کر رہے تھے تیری بڑائی بیان کر رہے تھے اور تیری پاکی بیان کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان سے دریافت کرتا ہے کہ انہوں نے مجھے دیکھا ہے۔ فرشتے جواب دیتے ہیں نہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی فرشتے عرض کرتے ہیں اگر وہ تجھے دیکھ لیتے تو وہ تیری تسبیح تحمید اور تمجید پر اور زیادہ حریص ہوتے پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے کیا وہ کسی چیز سے پناہ مانگ رہے تھے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں الٰہی وہ آگ کے عذاب سے پناہ مانگ رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے آتش جہنم کو دیکھا ہے فرشتے کہتے ہیں نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی۔ فرشتے عرض کرتے ہیں اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو وہ اس سے اور زیادہ دُور بھاگتے پھر اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کوئی چیز طلب بھی کر رہے تھے فرشتے کہتے ہیں کہ جنت۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے اس کو دیکھا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں نہیں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ان کی کیا کیفیت ہوتی اگر وہ جنت کو دیکھ لیتے۔ فرشتے کہتے ہیں اگر وہ اس کو دیکھ لیتے تو اس کے حصول کے لئے اور زیادہ خواہش کا اظہار کرتے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے فرشتو! میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کو بخش دیا ہے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اس محفل میں ایک ایسا آدمی بھی تھا جو اس مقصد کے لیے وہاں نہیں آیا تھا بلکہ اُسے کوئی اور حاجت تھی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرا ذکر کرنے والے بندے وہ لوگ ہیں کہ جن کے پاس بیٹھنے والا بدبخت نہیں رہتا۔ یعنی وہ آدمی اگرچہ میرے ذکر کے لئے اس محفل میں شریک نہیں ہوا تھا لیکن اہلِ ذکر کی ہم نشینی تو اسے نصیب ہوئی تھی۔ جو ایسے لوگوں کے پاس بیٹھ جائے اس کی شقاوت سعادت سے بدل جاتی ہے۔

ذکرِ الٰہی وہ صیقل ہے جس سے دل کا زنگار دُور ہوتا ہے، جس سے غفلت کی مدہوشی کافور ہوتی ہے اور نفسِ انسانی اخلاقِ رذیلہ سے نجات حاصل کر کے اخلاقِ حسنہ سے مزین و آراستہ ہوتا ہے اور انسانیت کے اعلیٰ و ارفع مقام پر اس کو رسائی نصیب ہوتی ہے۔ اس لیے صوفیاء کرام خود بھی اور اپنے متوسلین کو بھی ذکرِ الٰہی کی طرف متوجہ کرتے رہتے ہیں۔ اس لیے مختلف قسم کے اوراد و وظائف انہوں نے طالبانِ حق کے لیے مدوّن و مرتب کر دیئے ہیں جو قرآن و سنّت سے ماخوذ ہیں۔ تاکہ آسانی کے ساتھ وہ ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ حضور نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس و اطہر پر دُرود پاک بھی ذکرِ الٰہی کی اعلیٰ ترین قسم ہے۔ کیونکہ ارشادِ ربانی ہے اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا یعنی یہ وہ ذکر ہے جس کو صرف خاکی انسان ہی انجام نہیں دیتے بلکہ نوری فرشتے بھی اس سے سعادت حاصل کرتے ہیں اور خود خداوند کریم بھی اپنے حبیب مکرّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر دُرود و سلام بھیجتا ہے۔ اس لیے دیگر اذکار کے علاوہ دُرود پاک بھی اولیاء کاملین اور ان کے مخلص متبعین کا شعار رہا ہے اور دُرود پاک کے فضائل و برکات سے احادیث کی کتب بھری پڑی ہیں۔ جن میں سے چند احادیث دلائل الخیرات شریف کی ابتداء میں حضرت مصنف نے ذکر کر دی ہیں۔ دلائل الخیرات دُرود پاک کے ان تمام صیغوں پر مشتمل ہے جو مختلف اسناد سے مروی ہیں اور اس کو اتنا قبولِ عام نصیب ہوا ہے کہ تمام سلاسلِ تصوّف میں اس کی تلاوت کی جاتی ہے اور اس کو باعثِ سعادت و نجات تصوّر کیا جاتا ہے۔

برصغیر ہند و پاک کے چاروں مشہور سلسلوں چشتیہ، قادریہ، سہروردیہ اور نقشبندیہ میں اس وظیفہ کو پابندی سے پڑھا جاتا ہے، اور جن اہلِ دل حضرات نے اس کو اپنا معمول بنایا ہے انہیں ان برکات کا ذاتی مشاہدہ ہے جو اس کے طفیل بارگاہِ الٰہی سے انہیں ارزانی ہوتی ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، آپ کے مشائخ، آباء و اجداد اور آپ کے متوسلین اس کے عامل تھے۔ آج جب کہ مادی لذتوں کی کشش نے اور زر و سیم کی ہوس نے ہر شخص کو اتنا مشغول کر دیا ہے کہ اسے ذکرِ الٰہی کے لیے نہ وقت ملتا ہے اور نہ اس کا شوق اس کے دل میں پیدا ہوتا ہے ضروری ہے کہ مشائخِ عظام اور اولیاء کرام کے وظائف و معمولات کو بڑی اعلیٰ کتابت اور دلکش طباعت کے ساتھ وقت کے نوجوانوں کی خدمت میں پیش کیا جائے تاکہ وہ اپنی زندگی کے اوّلین مقصد کے حصول کی طرف بھی متوجہ ہوں۔

اس لیے ادارہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز نے دلائل الخیرات اور مجملہ سلاسل تصوّف کے دیگر اَوراد کو بڑے عمدہ طریقہ سے طبع کرانے کا اہتمام کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس ادارہ کو خدمتِ دین کی بیش از بیش توفیقات سے بہرہ ور فرمائے۔

آج کل بعض اہلِ ظاہر جو کسی غلط فہمی کے باعث اپنے آپ کو اہلِ علم و فضل میں شمار کرتے ہیں ہر جگہ یہ کہتے ہوئے سُنائی دیتے ہیں کہ یہ اَوراد و وظائف بدعتِ سیئہ ہیں۔ قرآن کریم کی تلاوت سے روکنے کا باعث ہیں۔ مسلمانوں کو چاہیئے کہ ان کو اپنے معمولات میں ہرگز داخل نہ کریں۔

آج کل لوگ ویسے بھی خواہشاتِ نفسانی کے اسیر اور لذّاتِ دُنیا کے گرویدہ ہونے کے باعث ذکرِ الٰہی سے محروم ہیں۔ ان مدعیانِ علم و فضل کی ان باتوں نے انہیں ذکرِ الٰہی کے شوق سے یکسر محروم کر دیا ہے۔ اَب اُنہیں اس محرومی پر احساسِ زیاں بھی نہیں رہا۔ ان حضرات کے ان ارشادات نے انہیں مطمئن کر دیا ہے کہ غفلت کی میٹھی نیند کے جو مزے یہ لوٹ رہے ہیں اسی میں ان کی خیر ہے اسی میں اُن کی بھلائی ہے۔

حالانکہ اگر یہ صاحبان بزرگانِ دین کے ان وظائف و اَوراد کا بنظرِ غائر مطالعہ کریں تو انہیں اس نتیجہ پر پہنچنے میں ذرا دقت نہ ہو کہ قرآن کریم کی بے شمار آیات اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اَن گنت ارشادات جن میں ذکرِ الٰہی کی تلقین کی گئی ہے اور ہر وقت اپنے معبودِ برحق کی تحمید و تمجید کی ترغیب دی گئی ہے درحقیقت یہ اَوراد و اذکار ان اوامر کی حسین تعمیل ہیں۔ اور یہ رب العالمین کے ان عاشقانِ باصفا کی کیف انگیز اور شوق آگیں عبارات ہیں جن میں اُنہوں نے اپنے پاک دلوں میں اُمڈ کر آنے والی کیفیاتِ محبت کو اپنی پاک زبانوں سے الفاظ کا زیبا لباس پہنایا ہے۔ آپ ان اَوراد میں ایک جملہ کی بھی نشان دہی نہیں کر سکتے جس میں توحیدِ ذاتی اور توحیدِ صفاتی کو بکمال بلاغت و فصاحت بیان نہ کیا گیا ہو۔ یہ دلوں سے نکلے ہوئے ایسے اثر آفریں جملے ہیں کہ غافل سے غافل دل بھی ان کی تلاوت کے بعد لذتِ ذکر سے سرشار ہو جاتا ہے اور اپنے معبودِ برحق کی یاد میں یُوں کھو جاتا ہے کہ دُنیا و مافیہا سے بے نیازی کی کیفیت اس پر طاری ہو جاتی ہے جو اَوراد و ذکرِ الٰہی سے عبارت ہوں اور ذکر بھی وُہ جو عشق و محبت کے رنگ میں رنگا ہوا ہو۔ اس کے بارے میں لوگوں کے دلوں میں غلط فہمیاں پیدا کرنا اور شک و شبہ کی تخم ریزی کرنا دین کی کوئی خدمت نہیں۔

عہدِ حاضر کے مدعیانِ علم و دانش کو ان کے حال پر رہنے دیجئے۔ ذرا زمرہ علماء کے ان اہلِ تحقیق اسلاف صالحین کی سیرتوں کا مطالعہ کیجئے۔ آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ عمر بھر اولیاء کرام کے مرتب کردہ اوراد و وظائف کو پابندی سے پڑھتے رہے اور ان کی برکات و فیوضات سے اپنے دلوں کو وادیٔ ایمن بناتے رہے اور اپنے ہم نشینوں کے سینوں میں عشقِ الٰہی کی آگ بھڑکاتے رہے۔

حضرت خواجۂ خواجگان شمس العارفین، شمس الحق والدین سیالوی قدس سرہ العزیز کے وجودِ مسعود سے طریقت و معرفت کے گلشن میں بہار آگئی۔ قریہ قریہ، بستی بستی ذکرِ الٰہی کی محفلیں منعقد ہونے لگیں۔ ہر سُو، ہر سمت اللہ ھو کی دلنواز اور روح پرور صدائیں بلند ہونے لگیں۔ دلوں کے بجھے ہوئے چراغ پھر روشن ہوگئے۔ ٹھٹھرے ہوئے احساسات کو فطرتِ سیماب ارزانی ہوتی جو بھی اس بندۂ حق کے روئے زیبا کی زیارت کرتا محبتِ الٰہی کی دولت سے اس کا دامن معمور ہو جاتا۔ آپ کے فرزندِ ارجمند ثانیٔ ذی شان حضرت خواجہ محمد دین قدس سرہ العزیز جو حضرت شمس العارفین کے وصال کے بعد آستانۂ عالیہ سیال شریف کے پہلے سجادہ نشین مقرر ہوئے۔ آپ نے آنجناب کی اجازت و ایماء سے ۱۳۰۹ھ میں سالکانِ راہِ حقیقت و طالبانِ گوہرِ معرفت کی راہ نمائی اور آسانی کے لیے مجموعہ وظائف ترتیب دیا۔ جسے حضرت علامہ مولانا احمد دین صاحب ڈیگوال جو اعلیٰ حضرت کے خلیفہ مجاز تھے نے کمال محنت کے ساتھ طبع کرایا۔ حضرت خواجہ شمس العارفین رحمۃ اللہ علیہ کو آپ کے شیخ کامل پیر پٹھان حضرت خواجہ شاہ محمد سلیمان تونسوی رحمۃ اللہ علیہ نے چاروں سلسلوں کی اجازت دی تھی اس لیے حضرت خواجہ شمس العارفین کی اجازت سے جو مجموعہ اوراد و وظائف مرتب ہوا اس میں فقط سلسلۂ چشتیہ کے معمولات پر ہی اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اس میں چاروں سلاسل تصوف کے اہم معمولات کو یکجا کر دیا گیا ہے۔

یہ مجموعہ وظائف جو اب آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے اس میں حضرت قبلہ ثانی صاحب کے شائع کردہ مجموعہ وظائف کی پیروی کی گئی ہے تاکہ بعینہٖ وہی چیز، اسی ترتیب کے ساتھ شائقین تک پہنچے جو حضرت خواجہ شمس العارفین کی اجازت سے آپ کے فرزندِ ارجمند نے مرتب کی تھی۔

حضرت مولانا احمد دین صاحب کا مجموعہ وظائف غیر مترجم تھا۔ بعد میں اس کے جو ایڈیشن شائع ہوئے وہ اگرچہ مترجم تھے لیکن عربی متن غلطیوں سے بھرا ہوا تھا۔ اور ترجمہ بھی کیف و سرور سے

یکسر خالی تھا۔ یہ مجموعہ مترجم ہے اور اس کے ترجمہ میں کوشش کی گئی ہے کہ ترجمہ پڑھتے ہوئے قاری کو وہی کیف و سرور میسر آئے جو اصل متن کی تلاوت سے اہلِ علم کو نصیب ہوتا ہے۔ نیز پوری کوشش کی گئی ہے کہ عربی متن کتابت کی غلطیوں سے مبرا ہو۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ بیکس پناہ میں یہ فقیر سراپا تقصیر بصد عجز و نیاز ملتجی ہے کہ وہ رحیم و کریم اپنے اس عاجز بندے کی اس کوشش کو شرفِ قبول بخشے۔ ان اوراد کے پڑھنے والوں کو انہیں برکتوں اور سعادتوں سے بہرہ ور کرے جو اہلِ دل کا مقدر ہیں اور ادارہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز کو بھی بزرگانِ دین کی تعلیمات دل آویز، دل افروز اور دلربا انداز میں قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی توفیق ارزانی فرمائے۔

اس مجموعہ وظائف میں ترجمے کے علاوہ قارئین کے فائدہ کے لیے چند چیزوں کا اضافہ کیا گیا ہے حصن حصین سے چند ایسی دعائیں نقل کی گئی ہیں جن کی ہر شخص کو اکثر ضرورت ہوتی ہے۔ یہ وہ دعائیں ہیں جو سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو تعلیم فرمائیں۔ جن کی برکات اور اثرات محتاجِ بیان نہیں نیز مشائخ سلسلہ چشتیہ کے حالات بڑے اختصار کے ساتھ بیان کر دیئے ہیں بعض مقامات پر جہاں جگہ تھی اولیاء کاملین کے دل میں اتر جانے والے ارشادات کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَهُوَ وَلِیُّ التَّوْفِيْقِ۔

رب اوزعنی ان اشکر نعمتك التی انعمت علیّ وعلی والدی وان اعمل صالحا ترضاہ واصلح لی فی ذریتی انی تبت الیك وانی من المسلمین بجاہ حبیبك الکریم شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین الی یوم الدین۔

المترجم والمرتب

۷۔ رمضان المبارک ۱۴۰۴ھ
۷۔ جون ۱۹۸۴ء

الملتمس بذیل حبیبہ الکریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم
محمد کرم شاہ
سجادہ نشین آستانہ عالیہ امیریہ چشتیہ نظامیہ
بھیرہ۔ ضلع سرگودھا

ترتیبِ ادائے وظائف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ (یعنی تعریف کرتے ہیں ہم اللہ کی اور درود بھیجتے ہیں اُس کے رسول بزرگ پر)

اما بعد خادم الصلحاء والفقراء احقر عباد اللہ الصمد بندہ منشی شیخ الٰہی بخش التماس مے نماید کہ برائے سہولت و آسانی سالکان و وظیفہ خوانان و طالبان خاندانِ چشتیہ طریقہ خواندن مجموعہ وظائف بعد دلائل الخیرات کہ از زبانِ فیض ترجمان قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین شمس الحق والدین خواجہ خواجگان خواجہ شمس الدین قدس سرہ سیالوی منقول ست درج ذیل کردہ شود تا کہ طالبانِ راہِ حق برین منوال عمل نمودہ فائز المرام شوند و این احقر العباد را بدعائے خیر یاد فرمائید باید کہ چوں از خواب بیدار شود بطریق مسنون وضو ساختہ دوگانہ تحیۃ الوضو بگزارد و در رکعتِ اول بعد سورۃ فاتحہ آیت وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا (یعنی اگر وہ لوگ جب ظلم کرتے اپنے نفس پر آتے تیرے پاس بخشش مانگتے اللہ سے اور بخشش مانگتا واسطے ان کے رسول البتہ پاتے اللہ کو بخشنے والا مہربان) و در رکعت دوم بعد سورۃ فاتحہ آیت وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (یعنی جو کوئی برا عمل کرے یا اپنے نفس پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش مانگے پائے گا اللہ کو بخشنے والا رحم کرنے والا) بعد ازاں دوازدہ رکعت نمازِ تہجد بگزارد بشش سلام و در رکعتِ اول بعد از سورۃ فاتحہ آیۃ الکرسی تا خالدون و در ثانی آمن الرسول تا آخر سورہ و در ثالث سورۃ اخلاص یک بار و در رابع دو بار علیٰ ہذا القیاس سورۃ اخلاص یک یک بار در ہر رکعت تزاید نمودہ تا در رکعتِ اخیرہ دہ بار خواندہ تمام کند و بعد از سلام این دعا بخواند اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّسَارِيْ نُوْرًا وَّفَوْقِيْ نُوْرًا وَّتَحْتِيْ نُوْرًا وَّاَمَامِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَّعَصَبِيْ نُوْرًا وَّلَحْمِيْ نُوْرًا وَّدَمِيْ نُوْرًا وَّشَعْرِيْ نُوْرًا وَّبَشَرِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَّعَظِّمْنِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا (یعنی اے بار خدایا کر تو دل میرے میں نور اور آنکھ میری میں نور اور کان میرے میں نور اور دائیں میرے نور اور بائیں میرے نور

اور اوپر میرے نور اور نیچے میرے نور اور آگے میرے نور اور پیچھے میرے نور اور کر دے تو واسطے میرے نور اور زبان میری میں نور اور پٹھے میرے میں نور اور گوشت میرے میں نور اور خون میرے میں نور اور میرے بالوں میں نور اور میرے چمڑے میں نور اور کر دے بیچ نفس میرے کے نور اور بڑا کر دے مجھے نور سے اے بار خدایا دے تو مجھ کو نور) بعد ازاں بر مصلے نشستہ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّأَتُوْبُ إِلَيْهِ یعنی بخشش مانگتا ہوں میں اللہ سے ہر گناہ سے اور توبہ کرتا ہوں میں طرف اس کے ہزار بار بخواند و اگر نتواند یا صد بار بخواند بعد ازاں تا صبح صادق ورد ذکر پاس انفاس یا وقوف قلبی مشغول شود و چوں وقت نماز بامداد در آید نماز بجماعت بگذارد و بعد از سلام آیۃ الکرسی یک بار سُبْحَانَ اللّٰهِ سی و سہ بار و اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سی و سہ بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ سی و چہار بار و یک بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ بخواند و ہشتاد بار اسم یَا وَدُوْدُ بخواند و دست دعا بجناب مجیب الدعوات بر آوردہ عافیت دارین بخواہد و بعد ازاں مسبعات عشر قبل از طلوع آفتاب تمام کند۔ بعد ازاں اسماء الحسنیٰ بر دو قسم متصل چوں هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ تا آخر منفصل چوں یَا اللّٰهُ یَا رَبُّ یَا رَحْمٰنُ تا آخر یک بار بخواند بعد ازاں دعائے کبیر یک بار بخواند و یک منزل از مجموع شریف بخواند و شروع منزل یک شنبہ کند بعد ازاں یک بار درود مستغاث بخواند و طریقہ زکوٰۃ اش این است روز چہار شنبہ شروع کند۔

اوّل روز یک بار بخواند دوم بار دو بار ہمیں طریق تا روز یازدہم یازدہ بار بخواند و بروز دوازدہم دہ بار سیزدہم نہ بار بخواند تا روز بیست و یکم یک بار بخواند بعد ازاں قبل از نماز فجر یا بعد آں وظیفہ روزمرہ یک بار مقرر سازد و باید کہ در مدت زکوٰۃ صائم باشد و از اشیاء جلالی مثل گوشت و پیاز و سیر و مانند ایں پرہیز کند و جماع نکند و بوقت خواندن نزد خود خوشبو دارد و جامہ سفید پوشد و جائے خواندن مقرر سازد و باید کہ اول زکوٰۃ دہد و بعد ازاں قدرے طعام پختہ بارواح جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و بارواح خواجگان چشتیہ نظامیہ رضی اللہ عنہم و خصوصاً بارواح شیخ خود برساند و دعاء عافیت دارین بطلبد بعد ازاں درود کبریت احمر یک بار بخواند و اگر تواند سہ بار بعد نماز فجر و ظہر و عشاء تمام کند طریقہ زکوٰۃ او این است۔ اوّل دہن خود بحسب ارشاد رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم طَيِّبُوْا اَفْوَاهَكُمْ بِالسِّوَاكِ ۱۲ (یعنی پاک کرو اپنے مونہوں کو ساتھ مسواک کے پاک و صاف نماید و وضو بطریق مسنون ساختہ غسل کند و دستار بقدر پنج دست بر سر بندد و چادر دو ذرعی یا یک ہری بر بدن پیچد و جائے نماز بقدر سہ دست در زیر خود اندازد و ایں ہر سہ پارچہ غیر مستعمل باشد و نے

خواندن مکان علیحده باشد و باید که بعد از نصف ماهِ شعبان شروع کرده تا آخر رمضان شریف تمام کند و
روزه در ایام زکوٰة از شرائط موکده است باید که قبل از شروع دوگانهٔ تحیة الوضو بگذارد و در هر رکعت بعد از
فاتحه اخلاص سه بار بخواند و بعد از سلام فاتحه یک بار و اخلاص هفت بار خواند ثواب او بجنابِ رسالت پناه
صلی اللہ علیہ وسلم و بحضور حضرت غوث الاعظم برساند و بحضور مجلس نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و بہ نیت محبت الٰہی
شروع کند یازده یازده بار تا چهل و یک روز بخواند و در سه محل سجده کند اول چون بکلمه صَلوٰةً تَمْلَأُ
الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ برسد این دعا سر در سجده نهاده بخواند صَلوٰةً تَسْتَجِيبُ بِهَا دُعَآءَنَا وَتُزَكِّي بِهَا
نُفُوْسَنَا وَتُحْيِيْ بِهَا قُلُوْبَنَا محل دوم وَتُحِلُّ بِهَا الْعُقَدَ وَتُفَرِّجُ بِهَا الْكُرَبَ محل سوم وَتُجْرِيْ بِهَا
لُطْفَكَ فِيْ اَمْرِيْ وَاُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ چون یازده بار تمام کند بجناب مجیب الدعوات دست دعا
برداشته بگوید خداوندا مرا از برکت این درود شریف پیروی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم روزی کن
و محبت او نصیب گردان و مشاهدهٔ ذات خود مشرف گردان بعد از فراغت دستار و چادر و جاے نماز
دران حجره یا مکانے دیگر محفوظ دارد و از اشیاے جلالی مثل گوشت ماهی وغیره و سیر و پیاز و عدس پرهیز
کند و بعد از زکوٰة حلواے یا شیرینی بدرویشان تقسیم کند و همین طریق زکوٰة ثانی بیست و یک بار وظیفه روزمره
ساخته تمام کند و زکوٰة ثالث مع شرائط مذکور چهل و یک بار وظیفه هر روز تا چهل و یک روز تمام کنند
بعد ازاں سلسلهٔ چشتیه نظامیه بخواند چون آفتاب نیزه یا دو نیزه بلند شود نماز اشراق دوازده رکعت بگذارد
بعد ازاں صلوٰة العاشقین چار رکعت بخواند. در رکعت اوّل بعد از فاتحه یَا اَللهُ صد بار و در دوم یَا رَحْمٰنُ
صد بار و در سوم یَا رَحِیْمُ صد بار و در چهارم درود صد بار و بعد از سلام این دعا بخواند اَللّٰهُمَّ زِدْ نُوْرَنَا
وَزِدْ سُرُوْرَنَا وَزِدْ حُضُوْرَنَا وَزِدْ مَعْرِفَتَنَا وَزِدْ نِعْمَتَنَا وَزِدْ مَحَبَّتَنَا وَزِدْ عِشْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَزِدْ
ذَوْقَنَا وَزِدْ عِلْمَنَا وَزِدْ عَمَلَنَا يَا مَوْلَانَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ و بعد از نوافل دلائل الخیرات
بخواند بطریق اسماے سیدنا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم شروع کند و بعد هر اسم مبارک درود شریف صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم بخواند چنانچه محمد صلی اللہ علیہ وسلم احمد صلی اللہ علیہ وسلم علی هذا القیاس اسماے سابقات تا حزب روزمره بخواند و بعد ازاں حزب
اوّل و حزب خامس روز جمعه بخواند و باقی احزاب تا آخر کتاب بطریق مرقوم تمام کند یعنی حزب ثانی روز
شنبه و حزب ثالث در روز یک شنبه علی هذا القیاس تا آخر کتاب بخواند و احادیث که قبل از اسماے شریف
مرقوم اند آں را هم گاهے گاهے خوانده باشد تا فضائل درود شریف واند یاد در رغبت درود خوانی معلوم

شود و چوں حزبِ ششم روزِ جمعہ تا آخر کتاب ختم کند پس معاً حزبِ اول و حزبِ خامس بخواند بازبطریق مذکور
تمام کند۔ بعد ازاں بتلاوتِ قرآن مجید مشغول شود و پنج رُبع منزل روزِ مرہ مقرر سازد و تا در بیست و چہار
روز ختم شود بعد ازاں بمطالعہ کتبِ سلوک یا توحید مشغول شود تا یک نیم سپارہ بخواند و وقتِ نصف النہار
حسب الارشادِ سید المختار قِيلُوا فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَقِيلُ و قدرے قیلولہ کند بعد ازاں چوں ازخواب بیدار شود
وضو کند و نمازِ ظہر بجماعت بگزرانیدہ ختم خواجگان چشتیہ نظامیہ بخواند بایں ترتیب اول پانزدہ بار درود
اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ بعد ازاں سہ صد و شصت بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنْهُ إِلَّا إِلَيْهِ بخواند بعد ازاں اَلَمْ نَشْرَحْ سہ صد و شصت بار باز
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ الخ سہ صد و شصت بار یازدہ بار درود مذکور بخواند و ثواب آں بجناب باری تعالےٰ
جل جلالہٗ گذرانیدہ بارواحِ جنابِ رسالت مآب رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم برساند بعدہٗ بارواحِ
پیرِ خود و بارواحِ پنج خانوادہ چشتیہ و بارواحِ جمیع اہلِ سلسلۂ خود اسم باسم برساند و برائے خواندنِ ختم شریف
یک صد و بیست یا دوام مقرر سازد و بعد ازاں بمطالعہ کتبِ اہلِ عرفان و ترجمہ قرآن مجید مشغول شود و چوں وقت
نمازِ عصر در آید چہار رکعت سنتِ عصر بگزارد و در رکعتِ اولیٰ بعد از فاتحہ سورۃ عصر چہار بار و در ثانی سہ بار
و در ثالث دو بار و در رابع یک بار بخواند و بعد از سلام دعا سنتِ عصر کہ درین کتاب مرقوم است بخواند بعد
ازاں چہار رکعت فرض گذرانیدہ مسبعاتِ عشر قبل از غروبِ آفتاب بخواند بعد ازاں در ذکرِ پاس انفاس یا
وقوفِ قلبی مشغول شود و چوں وقتِ نمازِ مغرب بیاید نماز بگذارد و بعد ازاں صلوٰۃ اوابین شش رکعت بہ سہ
سلام در ہر رکعت بعد از فاتحہ سہ بار اخلاص بخواند بعد ازاں دو رکعت حفظ الایمان در رکعت اول بعد از فاتحہ
اخلاص ہفت بار و فلق یک بار و دوم اخلاص ہفت بار و سورۃ ناس یک بار بخواند و بعد از سلام سر در سجدہ
نہادہ سہ بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ثَبِّتْنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ بگوید و بعد از سجدہ دست برداشتہ بگوید خداوندا بحرمتِ
احمدِ مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم بحرمتِ جمیع خواجگانِ چشت اہلِ بہشت از سلبِ ایمان واز ہر علت و
قلت و ذلت در حفظ خود مرا محفوظ دار۔ آمین یا رب العالمین۔

شمس

ز نورِ شمس سلیمان ، عیان[1] محمد الدین[2]

پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑہ شریف والے ، پیر حیدر شاہ صاحب جلالپوری

ترتیب ادائے وظائف (ترجمہ اردو)

خاندانِ طریقہ چشتیہ کے سالکین اور وظیفہ خوانان کی سہولت اور آسانی کے لئے ادائے وظائف کی وہ ترتیب پیش کی جاتی ہے جو زبانِ فیض ترجمان قدوۃ السالکین، زبدۃ العارفین شمس الحق والدین خواجہ خواجگان، خواجہ شمس الدین سیالوی قدس اللہ سرہٗ سے منقول ہے تاکہ طالبانِ راہِ حق اس طریقہ پر عمل کر کے منزلِ مقصود تک رسائی حاصل کریں اور اس احقر العباد کو اپنی دعائے خیر میں یاد فرمائیں۔

حضرت شمس العارفین رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ جب طالبِ راہِ حق نیند سے بیدار ہو تو مسنون طریقہ پر وضو کرے اور دو گانہ نفل تحیۃ الوضو ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد یہ آیت پڑھے

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا۔ (النساء، آیت ۶۴)

(ترجمہ) اگر وہ لوگ جنہوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا وہ آپ کی خدمتِ عالی میں حاضر ہوں اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کریں اور رسول کریم بھی ان کی مغفرت کے لئے التجا کرے تو وہ لوگ یقیناً اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا پائیں گے۔

دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد یہ آیت پڑھے۔

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔

(ترجمہ) جو کوئی برا عمل کرے یا اپنے نفس پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش مانگے پائے گا اللہ کو بخشنے والا رحم کرنے والا)

اس کے بعد نماز تہجد بارہ رکعت چھ سلاموں کے ساتھ ادا کرے۔ ہر بار دو نفل کی نیت باندھے پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تا خالدون پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آمن الرسول تا آخر سورت تلاوت کرے۔ تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص ایک بار چوتھی میں دو بار ہر رکعت میں ایک ایک بار سورۃ اخلاص کا اضافہ کرتا جائے۔ بعد نماز تہجد یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ

يَسَارِي نُوْرًا وَفَوْقِي نُوْرًا وَتَحْتِي نُوْرًا وَأَمَامِي نُوْرًا وَخَلْفِي نُوْرًا وَاجْعَلْ لِي نُوْرًا وَفِي لِسَانِي نُوْرًا وَعَصَبِي نُوْرًا وَلَحْمِي نُوْرًا وَدَمِي نُوْرًا وَشَعْرِي نُوْرًا وَبَشَرِي نُوْرًا وَاجْعَلْ فِي نَفْسِي نُوْرًا وَأَعْظِمْ لِي نُوْرًا اَللّٰهُمَّ أَعْطِنِي نُوْرًا۔

ترجمہ: اے اللہ میرے دل میں نور بھر دے، میری آنکھوں میں نور بھر دے، میرے کانوں میں نور بھر دے، میرے دائیں طرف نور کر دے، میری بائیں طرف نور کر دے، میرے اوپر نور کر دے میرے نیچے نور کر دے، میرے آگے نور کر دے، میرے پیچھے نور کر دے میرے لئے نور ہی نور کر دے میری زبان میں نور کر دے، میرے پٹھوں میں نور کر دے، میرے گوشت میں نور کر دے، میرے خون میں نور کر دے، میرے بالوں میں نور کر دے، میری جلد میں نور کر دے، میرے نفس میں نور کر دے، میرے لئے نور کو عظیم بنا دے، اے اللہ! مجھے نور عطا فرما دے۔

اس کے بعد مصلیٰ پر بیٹھے بیٹھے ایک ہزار مرتبہ یہ استغفار پڑھے یا پانچ سو مرتبہ۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّأَتُوْبُ إِلَيْهِ۔

ترجمہ: میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے جو میرا رب ہے ہر گناہ سے اور میں صدق دل سے اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

اس کے بعد صبح صادق تک ذکر پاس انفاس یا وقوف قلبی میں مشغول رہے اور جب نماز صبح کا وقت ہو جائے تو نماز با جماعت ادا کرے۔ اور سلام کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار، سُبحان اللہ تینتیس بار، الحمد للہ تینتیس بار، اللہ اکبر چونتیس بار اور ایک بار لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اور اسی مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھے۔ پھر مجیب الدعوات کی بارگاہ میں دستِ دعا دراز کرے اور دارین کی عافیت کے لئے التجا کرے۔ اس کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے مسبعات عشر پڑھے۔ اس کے بعد اسمائے حسنیٰ کی تلاوت کرے۔ اور ان اسماء کے پڑھنے کے دو طریقے ہیں متصل جیسے هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ تا آخر۔ غیر متصل جیسے يَا اَللّٰهُ يَا رَبُّ يَا رَحْمٰنُ تا آخر اس کے بعد ایک مرتبہ دعائے کبیر پڑھے۔ پھر اسبوع شریف کی ایک منزل پڑھے۔ اور اس منزل کی ابتدا اوراد سے کرے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ درود مستغاث شریف پڑھے۔

درودِ مستغاث کی زکوٰۃ کا طریقہ

بُدھ کے روز شروع کرے پہلے دن ایک مرتبہ۔ دُوسرے دن دو مرتبہ۔ اسی طرح گیارہ دن تک ایک بار کا اضافہ کرتا جائے یعنی گیارھویں دن گیارہ مرتبہ پڑھے۔ پھر ایک ایک مرتبہ کم کرنا شروع کر دے۔ بارھویں دن دس مرتبہ۔ تیرھویں دن نو بار۔ یہاں تک کہ اکیس دن پڑھے اکیسویں دن ایک بار پڑھ کر ختم کرے۔ اس کے بعد نمازِ فجر سے پہلے یا بعد ایک مرتبہ وظیفہ رکھے۔

شرائطِ زکوٰۃ

زکوٰۃ کے دنوں میں روزہ رکھنا ضروری ہے اور اشیاء جلالی مثل گوشت، پیاز، لہسن مصالحہ سے پرہیز ضروری ہے۔ مباشرت سے بھی پرہیز کرے پڑھتے وقت اپنے پاس خوشبو رکھے اور سفید لباس پہنے اور پڑھنے کی جگہ متعین کر دے چاہیئے کہ پہلے زکوٰۃ دے۔ اس کے بعد کچھ کھانا پکائے اور اس کا ثواب رُوحِ مبارک جنابِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں پیش کرے۔ اور خواجگانِ چشتیہ نظامیہ کی اَرواحِ مطہرہ کو خصوصاً اپنے شیخِ طریقت کی رُوح کو اس کا ثواب پہنچائے اور دونوں جہان کی عافیت کی دُعا مانگے۔

اس کے بعد درودِ کبریتِ احمر شریف ایک بار پڑھے۔ اگر ہو سکے تو تین بار نمازِ فجر، ظہر اور عشاء کے بعد ایک ایک بار پڑھے۔

درودِ کبریتِ احمر شریف کی زکوٰۃ کا طریقہ

اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے حسبِ ارشادِ رسالت پناہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طَیِّبُوْا اَفْوَاهَكُمْ بِالسِّوَاكِ کہ اپنے مُونہوں کو مسواک سے پاک کرو مسواک کے بعد مسنون طریقہ سے وضو کرے۔ پھر غسل کرے اور دستار بقدر پانچ ہاتھ سر پر باندھے اور چادر دو بری یا ایک بری کے ساتھ اپنے

بدن کو لپیٹے اور جا۔ نماز بقدر تین ہاتھ اپنے نیچے بچھائے۔ یہ تینوں کپڑے غیر مستعمل ہونے چاہئیں اور پڑھنے کے لئے الگ مکان ہونا چاہئیے اور چاہئیے کہ ماہ شعبان کے نصف کے بعد شروع کرے تاکہ آخر رمضان شریف میں مکمل ہو جائے۔ اور اس کی شرائط زکوٰۃ میں سے ان ایام میں روزہ ضروری ہے شروع کرنے سے پہلے دو نفل تحیۃ الوضو پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین بار پڑھے۔ سلام کے بعد سورۃ فاتحہ ایک بار، سورۃ اخلاص سات بار پڑھے اور اس کا ثواب بارگاہ رسالت پناہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور بحضور حضرت غوث الاعظم پہنچائے۔ اور یہ خیال کرے کہ وہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہے یا مجلس نبوی میں حاضر ہے زکوٰۃ شروع کرے۔ اور نیت یہ ہو کہ محبت الٰہی اسے مرحمت فرمائی جائے۔ گیارہ گیارہ مرتبہ اکتالیس دن تک پڑھے اور تین مقامات پر سجدہ کرے۔

۱۔ جب اس فقرہ پر پہنچے صلوٰۃ تملاء الارض والسماء تو اگلی دُعا سر بسجود ہو کر پڑھے دُعا یہ ہے۔ صلوٰۃ تستجیب بھا دعاءنا وتزکی بھا نفوسنا وتحیی بھا قلوبنا پھر سجدے سے سر اٹھالے۔

۲۔ سجدہ کی دوسری جگہ۔ وتحل بھا العقد وتفرج بھا الکرب۔

۳۔ سجدہ کی تیسری جگہ دعبری بھا الطفت فی امری وامور المسلمین اجمعین گیارہ مرتبہ پورا کرو دعاؤں کو قبول کرنے والے پروردگار کی بارگاہ میں دستِ دُعا پھیلا کر یہ عرض کرے۔ اے میرے خدا مجھے اس درود شریف کی برکت سے رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی نصیب فرما۔ اور حضور کی محبت عطا فرما۔ اور اپنی ذات کے مشاہدہ سے مشرف فرما۔ فراغت کے بعد دستار، چادر، جائے نماز اس حجرہ میں یا دوسری جگہ محفوظ کر دے۔

نیز جلالی اشیاء سے پرہیز کرے جیسے گوشت، مچھلی وغیرہ، لہسن، پیاز، مسور کی دال اور زکوٰۃ سے فارغ ہونے کے بعد حلوا یا شیرینی درویشوں میں تقسیم کرے۔

دوسری زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اکیس اکیس مرتبہ ہر روز مندرجہ بالا شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے پڑھے۔ تیسرا طریقہ زکوٰۃ کا یہ ہے کہ اکتالیس مرتبہ مذکورہ شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے پڑھے ان زکوٰتوں میں سے ہر ایک کی مدت اکتالیس دن ہے۔

درود مستغاث اور درود کبریت احمر کی زکوٰۃ کا طریقہ بیان کرنے کے بعد پھر روزمرہ کے اوراد

وظائف کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

اس کے بعد سلسلہ چشتیہ نظامیہ پڑھے جب آفتاب ایک نیزہ یا دو نیزہ بلند ہو جائے تو نماز اشراق بارہ رکعت پڑھے اس کے بعد صلوٰۃ العاشقین چار رکعت پڑھے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد یَا اَللّٰہُ سو بار۔ دُوسری میں یَا رَحْمٰنُ سو بار۔ تیسری میں یَا رَحِیْمُ سو بار۔ چوتھی میں دُرود شریف سو بار پڑھے سلام کے بعد یہ دُعا پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ زِدْ نُوْرَنَا وَزِدْ سُرُوْرَنَا وَزِدْ حُضُوْرَنَا وَزِدْ مَعْرِفَتَنَا وَزِدْ نِعْمَتَنَا وَزِدْ مَحَبَّتَنَا وَزِدْ عِشْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَزِدْ ذَوْقَنَا وَزِدْ عِلْمَنَا وَزِدْ عَمَلَنَا یَا مَوْلٰنَا بِحَقِّ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ


ان نوافل کے بعد دلائل الخیرات پڑھے۔ اور جس طرح پہلے بتایا جا چکا ہے۔ ہر منزل سے پہلے اسماء الحسنیٰ اور اسماء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مذکورہ طریقہ کے مطابق پڑھے۔ اور وہ احادیث جو فضائل دُرود شریف میں لکھی گئی ہیں کبھی کبھی ان کا مطالعہ کرے۔ اس کے بعد قرآن مجید کی تلاوت میں مشغول ہو جائے اور سوا پارہ ہر روز منزل پڑھا کرے۔ تاکہ چوبیس دنوں میں قرآن کریم ختم ہو جائے اس کے بعد علم سلوک اور علم توحید کی کتابوں کے مطالعہ میں مشغول ہو جائے اور نصف پارہ پڑھے اور دوپہر کے وقت حسب ارشاد سید المختار قِیْلُوْا فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَقِیْلُ قیلولہ کیا کرو کیونکہ شیطان قیلولہ نہیں کرتا جب نیند سے بیدار ہو وضو کرے اور نماز ظہر جماعت کے ساتھ ادا کرے۔ پھر ختم خواجگان چشتیہ نظامیہ اس طریقہ سے پڑھے۔ پہلے پندرہ مرتبہ یہ دُرود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اس کے بعد تین صد ساٹھ مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنْہُ اِلَّا اِلَیْہِ اس کے بعد سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ تین صد ساٹھ بار پڑھے۔ پھر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ الخ تین سو ساٹھ بار پڑھے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ مذکورہ دُرود شریف پڑھے اور اس کا ثواب بارگاہِ الٰہی میں پیش کرنے کے بعد جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوح مبارک کو پہنچائے اس کے بعد اپنے پیرو مرشد کی رُوح کو پہنچائے۔ پھر سلسلہ چشتیہ کے پانچ خانوادوں کی ارواح کو پہنچائے پھر تمام اہل سلسلہ کی ارواح کو نام بنام ثواب پہنچائے۔ ختم شریف پڑھنے کے لئے ایک سو بیس (۳ تین سو ساٹھ) بادام مقرر کرے۔ اس کے بعد اہل عرفان کی کتابوں اور قرآن کریم کے ترجمہ کے مطالعہ میں مشغول ہو جائے اور جب نماز عصر کا وقت ہو جائے تو چار رکعت سنت عصر ادا

کرے پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سُورۂ عصر چار بار اور دُوسری رکعت میں تین بار تیسری رکعت میں دو بار اور چوتھی رکعت میں ایک بار پڑھے اور سنتِ عصر کے سلام کے بعد وُہ دُعا پڑھے جو اس کتاب میں مرقوم ہے۔ اس کے بعد چار رکعت نمازِ فرض ادا کرے۔ مسبعاتِ عشر سُورج کے غروب ہونے سے پہلے پڑھے اس کے بعد ذکرِ پاس انفاس یا وقوفِ قلبی میں مشغول ہوجائے اور جب نمازِ مغرب کا وقت ہو نماز ادا کرے۔ اور اس کے بعد چھ رکعت نفل اوّابین تین سلاموں کے ساتھ ادا کرے۔ ہر رکعت میں سُورۂ فاتحہ کے بعد تین بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد دو رکعت حفظ الایمان پڑھے۔ پہلی رکعت میں سُورۂ اخلاص سات مرتبہ اور سورۂ فلق ایک بار اور دُوسری رکعت میں سُورۂ اخلاص سات بار اور سُورۂ ناس ایک بار پڑھے۔ سلام کے بعد سر سجدہ میں رکھے اور تین بار یہ کہے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ثَبِّتْنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ۔ پھر سجدہ سے سر اُٹھائے اور دُعا کے لئے ہاتھ اُٹھا کر یہ کہے۔ خُداوندا بحرمتِ احمدِ مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم و بحرمتِ جمیع خواجگانِ چشت اہلِ بہشت از سلبِ ایمان و از ہر علّت و قلت و ذلّت در حفظِ خود مرا محفوظ دار آمین یارب العٰلمین

تمت

زِنُورِ شمسِ سُلیمان

عَیَان مُحَمَّد الدِّین





اَسْمَاءُ اللّٰهِ الْحُسْنٰى

اللہ تعالیٰ کے اچھے نام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ — الرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ — الرَّحِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ

وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں — بہت ہی مہربان — ہمیشہ رحم فرمانے والا

اَلْمَلِكُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بادشاہِ حقیقی — ہر عیب سے پاک — سلامت رکھنے والا — امن دینے والا

اَلْمُهَيْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْعَزِيْزُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْمُتَكَبِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ

نگہبان — سب سے غالب — ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والا — متکبر

اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْبَارِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ

پیدا کرنے والا — پیدا کرنے والا — تصویر بنانے والا — بخشنے والا

اَلْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُهٗ

سب سے طاقتور — بے حساب دینے والا — رزق دینے والا — کھولنے والا

اَلْعَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ — اَلْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ

سب کچھ جاننے والا — بند کرنے والا — کشادہ کرنے والا — پست کرنے والا

اَلرَّافِعُ جل جلاله	اَلْمُعِزُّ جل جلاله	اَلْمُذِلُّ جل جلاله	اَلسَّمِيْعُ جل جلاله
بلند کرنے والا	عزت دینے والا	ذلیل کرنے والا	خوب سننے والا
اَلْبَصِيْرُ جل جلاله	اَلْحَكَمُ جل جلاله	اَلْعَدْلُ جل جلاله	اَللَّطِيْفُ جل جلاله
خوب دیکھنے والا	فیصلہ کرنے والا	عدل کرنے والا	بڑا مہربان
اَلْخَبِيْرُ جل جلاله	اَلْحَلِيْمُ جل جلاله	اَلْعَظِيْمُ جل جلاله	اَلْغَفُوْرُ جل جلاله
ہر چیز سے خبردار	بردبار	بہت بڑا	بہت بخشنے والا
اَلشَّكُوْرُ جل جلاله	اَلْعَلِيُّ جل جلاله	اَلْكَبِيْرُ جل جلاله	اَلْحَفِيْظُ جل جلاله
بڑا قدردان	بلند مرتبہ	سب سے بڑا	سب کا محافظ
اَلْمُقِيْتُ جل جلاله	اَلْحَسِيْبُ جل جلاله	اَلْجَلِيْلُ جل جلاله	اَلْكَرِيْمُ جل جلاله
قوت دینے والا	کفایت کرنے والا	بزرگ	کرم کرنے والا
اَلرَّقِيْبُ جل جلاله	اَلْمُجِيْبُ جل جلاله	اَلْوَاسِعُ جل جلاله	اَلْحَكِيْمُ جل جلاله
نگاہ رکھنے والا	قبول کرنے والا	وسعت دینے والا	بہت دانا
اَلْوَدُوْدُ جل جلاله	اَلْمَجِيْدُ جل جلاله	اَلْبَاعِثُ جل جلاله	اَلشَّهِيْدُ جل جلاله
محبت کرنے والا	بزرگ	بھیجنے والا رسولوں کا	ہر چیز کا مشاہدہ کرنے والا
اَلْحَقُّ جل جلاله	اَلْوَكِيْلُ جل جلاله	اَلْقَوِيُّ جل جلاله	اَلْمَتِيْنُ جل جلاله
حق	کارساز	توانا	مضبوط



اَلْوَلِیُّ جل جلالہ اَلْحَمِیْدُ جل جلالہ اَلْمُحْصِیْ جل جلالہ اَلْمُبْدِئُ جل جلالہ

دوست جس کی حمد کی گئی گننے والا آغاز کرنے والا

اَلْمُعِیْدُ جل جلالہ اَلْمُحْیِیْ جل جلالہ اَلْمُمِیْتُ جل جلالہ اَلْحَیُّ جل جلالہ

دوبارہ لوٹانے والا زندہ کرنے والا مارنے والا زندہ

اَلْقَیُّوْمُ جل جلالہ اَلْوَاجِدُ جل جلالہ اَلْمَاجِدُ جل جلالہ اَلْوَاحِدُ جل جلالہ

دوسروں کو زندہ رکھنے والا پانے والا بزرگی والا اکیلا

اَلْاَحَدُ جل جلالہ اَلصَّمَدُ جل جلالہ اَلْقَادِرُ جل جلالہ اَلْمُقْتَدِرُ جل جلالہ

یکتا بے نیاز قدرت والا قوت والا

اَلْمُقَدِّمُ جل جلالہ اَلْمُؤَخِّرُ جل جلالہ اَلْاَوَّلُ جل جلالہ اَلْاٰخِرُ جل جلالہ

آگے کرنے والا پیچھے کرنے والا سب سے پہلے سب سے پیچھے

اَلظَّاهِرُ جل جلالہ اَلْبَاطِنُ جل جلالہ اَلْوَالِیْ جل جلالہ اَلْمُتَعَالِیْ جل جلالہ

آشکارا پوشیدہ مالک سب سے بلند

اَلْبَرُّ جل جلالہ اَلتَّوَّابُ جل جلالہ اَلْمُنْتَقِمُ جل جلالہ اَلْعَفُوُّ جل جلالہ

احسان کرنے والا توبہ قبول کرنے والا بدلہ لینے والا معاف فرمانے والا

اَلرَّءُوْفُ جل جلالہ مَالِکُ الْمُلْکِ جل جلالہ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جل جلالہ

بہت مہربان سارے ملکوں کا مالک بزرگی اور انعام والا

اَلْمُقْسِطُ جل جلاله اَلْجَامِعُ جل جلاله اَلْغَنِیُّ جل جلاله اَلْمُغْنِیْ جل جلاله

انصاف کرنے والا جمع کرنے والا غنی غنی کرنے والا

اَلْمُعْطِیْ جل جلاله اَلْمَانِعُ جل جلاله اَلضَّآرُّ جل جلاله اَلنَّافِعُ جل جلاله

عطا فرمانے والا باز رکھنے والا ضرر پہنچانے والا نفع دینے والا

اَلنُّوْرُ جل جلاله اَلْهَادِیْ جل جلاله اَلْبَدِیْعُ جل جلاله اَلْبَاقِیْ جل جلاله

روشنی والا راہ دکھانے والا نیا پیدا کرنے والا ہمیشہ رہنے والا

اَلْوَارِثُ جل جلاله اَلرَّشِیْدُ جل جلاله اَلصَّبُوْرُ جل جلاله

مالک سب کی رہنمائی کرنے والا بڑا تحمل کرنے والا

اَلَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِیْعُ جل جلاله اَلْبَصِیْرُ جل جلاله

وہ ذات جس کی مثل کوئی چیز نہیں وہی سب کچھ سننے والا دیکھنے والا ہے

غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ جل جلاله نِعْمَ الْمَوْلٰی جل جلاله

تیری بخشش کے طلبگار ہیں اے ہمارے رب اور تیری طرف ہی لوٹنا ہے تو بہترین دوست ہے

وَنِعْمَ النَّصِیْرُ جل جلاله سَمِیْعٌ جل جلاله بَصِیْرٌ جل جلاله عَلِیْمٌ جل جلاله

اور بہترین مددگار ہے سب کچھ سننے والا سب کچھ دیکھنے والا سب کچھ جاننے والا

قَدِیْرٌ جل جلاله مُرِیْدٌ جل جلاله مُتَکَلِّمٌ جل جلاله

ہر چیز پر قدرت والا ارادہ فرمانے والا کلام کرنے والا

هٰذَا الدُّعَآءُ الْكَبِيْرُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ
يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا مٰلِكَ
يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا حَيُّ
يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ يَا رَبُّ اُوْ اُمْ هُوْ[1] اُمْ رَهِيْنَ نَسْرِيْنَ
پَرِيْنَ اَشِيْ پَرَمْ هَنْسَا اُوْ اَمْ اَنْسُوْا
مُجْرَانِيَهْ مِلِيْكَهْ اَمْلِيْكَهْ اَدَابَهْ اَمْهَابَهْ
وَارِيْسَا اَشْمَنْكَا فَجْرُوْمَنْكَا وَشَبْيِكِيْ وَارِيْ
اَوْرِيَا اَمْ هُوْ كَلَامَا مُلُوْكَا اَسْمِيْنَ اَشْجِيْنَ
كَتَانَهْ بَهَانَهْ مَهَابَهْ هِيَهْ دَرْنَكَهْ سَلْكَاكَهْ

---

[1] یہ اسماء و الفاظ عبرانی زبان میں ہیں چونکہ بزرگانِ دین کے معمولات سے ہیں لہٰذا تبرکاً پڑھے جاتے ہیں۔

وَسَلْكِهَالَكَهْ وَيْلَكَالَكَهْ وَيْلَكِهَالَكَهْ وَاَجَلْ مِرَاُيَا
خِرَاُيَا هَسْتَايَا شَاُيَا وَنَشِيْكَا وَنَشِيْكِيْ
يَادِرْ يُوْيَا يَادَرِيْ وَاَنَاهِيَا وَمِنِيَّا يَامَلْكِنَا
شَمِيْنَهْ كَهَهْ كَهْ هَمَهْ هَسَمَهْ مَتَهْ وَتَهْ
كَتَهْ نَشْتَنَهْ شَيْنَهْ عَنِيْنَهْ مُلْطَهْ وَطَهْ
وَتُهَيَا حَيَايَا مَتَايَا وَاُدِيْ يُوْدِيْ كَيْدِيْ
كَبِيْدِيْ فَشْكَايَا فَشْكَيَايَا بِمَطَايَهْ مَرْنَكَا
شَمِيْنِيْ مُلْوِيْ مَتَا مَطَتَا مَضَا دِيْوَهْ لَجِيْنَهْ
شَنْكَهْ خِيْكَ خِيْكَ جِرَا جِرَايَا اِكْرَا اِكْرَايَا
بَرْ بَرَايَا مِرَايَا كِرَايَا شَمَنِكِيْ فَجَرُوْيَا شَمْهِيَا
وَاَرْثِيَا شُوْبَهْ جَرْبَهْ وَمُنْكَا خَزْنَكَا عَزْنَكَا
مَكْنَكَا مَهْنَابَهْ دِيْوَهْ دِرْيَا شَنْكَا فَشْكِيْنَا



وَنَشِيْنَا مَرِيْنَا عَمَنْكَارِ شَمَنْكَارِ كَمَنْكَارِ
فَثْلِيْخَهْ فَشْلِيْخَهْ وَمَاطِلِيْ كَارِيْ جُوْرِيْ
جُرْنِيْ مَرُوْثَا ثَبُوْثَا لَوْسَا مُقَدَّسَا سَرَاسَا
هِيْرِيَا هَبْتَهْ شَادِيْ مُنَادِيْ فَرْدُ فَرَايَا
شَايَا هَايَهْ دِيُوَهْ پَرْيَا ظِفِيْكَرَا حَوَّا اَكْفِيْشَا
قَطْمُوْشَا قَطْمُوْشَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ



اَوْرَادُ الْاُسْبُوْعِ الشَّرِيْفَةِ لِسَيِّدِنَا الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ

یہ ہفتہ بھر کے اوراد ہیں جو سیدنا غوث اعظم

اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِیْ

ابو محمد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تصنیف کردہ ہیں

وِرْدِ روزِ یکشنبہ (اتوار)

روزِ یکشنبہ (اتوار) کا ورد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْجَلِيْلُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○

وہی ہے اللہ جس کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں جو بزرگ ہے بہت مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا

اَللَّطِيْفُ الْحَلِيْمُ ○ الرَّءُوْفُ ○ الْعَفُوُّ ○ الْمُؤْمِنُ ○

لطف فرمانے والا حلم والا بہت مہربان معاف کرنے والا امن دینے والا

اَلنَّصِيْرُ ○ الْمُجِيْبُ ○ الْمُغِيْثُ ○ الْقَرِيْبُ ○ السَّرِيْعُ ○

مددگار دعا قبول کرنے والا زیادہ فریاد سننے والا نزدیک جلدی حساب لینے والا

اَلْكَرِيْمُ ○ ذُوالْاِكْرَامِ ○ ذُوالطَّوْلِ ○ اَسْئَلُكَ مِنْ جَمَالِ

کرم کرنے والا عزت والا حشمت والا اے میرے رب الواہ جمالیہ کے

بَدِيعِ الْأَنْوَارِ الْجَمَالِيَّةِ وَمَا يُدْهِشُ أَلْبَابَ الذَّرَّاتِ

حُسن بے مثال کا مجھے لباس پہنا جو حیرت زدہ کر دے کائنات کے ذرات کے

الْكَوْنِيَّةِ فَتَتَوَجَّهُ إِلَى حَقَائِقِ الْمُكَوَّنَاتِ تَوَجُّهَ الْمَحَبَّةِ

دلوں کو پس توجہ کریں میری طرف مخلوقات حقیقی ذاتی محبت کی توجہ

الذَّاتِيَّةِ الْجَاذِبَةِ إِلَى شُهُودِ مُطْلَقِ الْجَمَالِ الَّذِي

جو کھینچنے والی ہو جمالِ مطلق کے مشاہدہ کی طرف جسے کوئی

لَا يُضَارُّهُ قُبْحٌ وَلَا يَقْطَعُ عَنْهُ إِيلَامٌ وَاجْعَلْنِي مَرْحُومًا

بدصورتی ضرر نہیں پہنچاتی اور نہ اُسے کوئی دکھ منقطع کرتا ہے اور بنا دے مجھے جس پر رحم کیا گیا ہے

مِنْ كُلِّ رَحْمَةٍ بِحُكْمِ الْعَطْفِ الْحُبِّيِّ الَّذِي لَا يَشُوبُهُ

ہر قسم کی رحمت سے بوجہ اس مہربانی کے جس کا سرچشمہ محبت ہے جس کے ساتھ

انْتِقَامٌ وَلَا يُنَقِّصُهُ غَضَبٌ وَلَا يَقْطَعُ مَدَدَهُ سَبَبٌ

انتقام کی ملاوٹ نہیں اور جس کو تیرا غضب کمزور نہیں کرتا نہ منقطع کرتا ہے اس کے تسلسل کو کوئی سبب

وَتَوَلَّ ذَلِكَ بِحُكْمٍ أَبَدِيَّةٍ وَارْثِيَّتِكَ إِلَى غَيْرِ نِهَايَةٍ

کارسازی فرما اس کی اپنے بے نہایت دوام کے حکم سے جو ابدی ہے جس کو کوئی حد

لَا تَقْطَعُهَا غَايَةٌ يَا رَحِيمُ هُوَ الرَّحِيمُ ۝ رَبَّاهُ ۝ رَبَّاهُ ۝

قطع نہیں کرتی اے رحیم تو ہی وہ رحیم ہے اے میرے پروردگار اے میرے پروردگار

غَوْثَاهُ ، يَا خَفِيًّا لَا يَظْهَرُ يَا ظَاهِرًا لَا يَخْفٰى لَطُفَتْ

اے میرے فریاد رس اے وہ پوشیدہ جو ظاہر نہیں ہوتا اور اے وہ ظاہر جو پوشیدہ نہیں ہوتا بڑے لطیف ہیں تیرے

اَسْرَارُ وُجُوْدِكَ الْاَعْلٰى فَتُرٰى فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ وَّ

وجود اعلیٰ کے اسرار پس تجھے ہر موجود میں دیکھا جا سکتا ہے اور

عَلَتْ اَنْوَارُ ظُهُوْرِكَ الْاَقْدَسِ فَبَدَتْ فِيْ كُلِّ

بلند ہیں تیرے ظہور اقدس کے انوار پس وہ ظاہر ہیں ہر

مَشْهُوْدٍ وَّ اَنْتَ الْحَلِيْمُ الْمَنَّانُ بِالرَّافَةِ وَالْعَفُوُّ السَّرِيْعُ

مشہود میں تو حلیم ہے احسان فرمانے والا مہربانی اور درگزر کے ساتھ جلدی

بِالْمَغْفِرَةِ مُؤْمِنُ الْخَائِفِيْنَ نَصِيْرُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ الْقَرِيْبُ

بخشنے والا ہے خوفزدوں کو امن دینے والا ہے فریاد کرنے والوں کا مددگار ہے

بِسَمُوْجِهَاتِ الْقُرْبِ وَالْبُعْدِ عَنْ عُيُوْنِ الْعَارِفِيْنَ ،

عارفوں کی آنکھوں سے قرب و بعد کی سمتوں کو دور کرکے تو ان کے قریب ہے

يَا كَرِيْمُ ، يَا كَرِيْمُ ، يَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِكْرَامِ ، سَلٰمٌ قَوْلًا

اے کریم اے کریم اے حشمت والے اے بزرگی والے سلامتی ہو تم پر یہ ارشاد ہے

مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

رب رحیم کی طرف سے الحمد للہ رب العالمین



وردِ روزِ دوشنبہ (پیر)

سوموار کا ورد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِيْمُ الرَّحِيْمُ الْفَعَّالُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں صاحبِ حلم، نہایت مہربان جو چاہے کرنے والا

اللَّطِيْفُ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ الصَّبُوْرُ الرَّشِيْدُ الرَّحْمٰنُ

لطف فرمانے والا، کارساز، سراہا گیا، بہت صبر کرنے والا، ہدایت والا، بہت ہی مہربان

رَبِّ اَذِقْنِيْ مِنْ بَرْدِ حِلْمِكَ عَلٰى مَا اَبْتَهِجُ بِهٖ فِيْ

اے میرے پروردگار مجھے چکھا مجھ پر اپنے حلم کی ٹھنڈک جس سے میں خوش رہوں اپنے سارے

عَوَالِمِيْ فَلَآ اَشْهَدُ فِي الْكَوْنِ اِلَّا مَا يَقْتَضِيْ سُكُوْنِيْ

جہانوں میں پس نہ مشاہدہ کروں میں اس جہان میں بجز اس کے جو میرے سکون

وَرِضَآءِيْ فَاِنَّكَ الْحَقُّ وَاَمْرُكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ الْحَكِيْمُ

اور رضا کا تقاضا کرتی ہے بے شک تو ہی حق ہے اور تیرا امر حق ہے اور تو حکمت والا

الرَّحِيْمُ رَبِّ اَشْهِدْنِيْ مُطْلَقَ فَاعِلِيَّتِكَ فِيْ كُلِّ

بہت مہربان ہے اے میرے رب مجھے مشاہدہ کرا اپنے فاعلِ مطلق ہونے کا ہر

مَفْعُولٍ حَتّٰی لَآ اَرٰی فَاعِلًا غَیْرَكَ لِاَكُوْنَ مُطْمَئِنًّا

کام میں تاکہ میں نہ دیکھوں تیرے سوا کسی اور کو فاعل تاکہ میں مطمئن ہو جاؤں

تَحْتَ جَرَیَانِ اَقْدَارِكَ مُنْقَادًا لِكُلِّ حُكْمٍ وُجُوْدِیٍّ

تیرے اقدار کے جاری ہونے کے نیچے سر جھکا دوں تیرے ہر حکم کے سامنے خواہ وہ حکم وجودی ہو

عَیْنِیٍّ وَّغَیْبِیٍّ وَّبَرْزَخِیٍّ یَّا نَافِخًا رُوْحَ اَمْرِهٖ فِیْ كُلِّ

عینی ہو، غیبی ہو یا برزخی ہو اے پھونکنے والے اپنے حکم کی روح کو ہر ذات

عَیْنٍ اِجْعَلْنِیْ مُنْفَعِلًا فِیْ كُلِّ حَالٍ لِّمَا یُخْرِجُنِیْ عَنْ

میں بنا دے مجھے حکم قبول کرنے والا ہر حال میں تاکہ میری تخلیق کے اندھیروں سے

ظُلُمَاتِ تَكْوِیْنَاتِیْ وَاَمْحُ فِعْلِیْ وَفِعْلَ الْفَاعِلِیْنَ فِیْ

مجھے باہر نکال دے اور مٹا دے میرے فعل کو اور دوسرے کرنے والوں کے فعل کو اپنے

اَحَدِیَّةِ فِعْلِكَ وَتَوَلَّنِیْ بِجَمِیْلِ حَمِیْدِ اخْتِیَارِكَ

فعل کی احدیت میں اور کارسازی فرما میری اپنے خوبصورت اور تعریف کئے گئے اختیار کے ساتھ

لِیْ فِیْ جَمِیْعِ تَوَجُّهَاتِیْ وَاَفْنِ مِنِّیْ اِرَادَتِیْ وَصَبِّرْنِیْ

میری تمام توجہات میں اور فنا کر دے مجھ سے میرے ارادے کو اور مجھے صبر کی توفیق

وَسَدِّدْنِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاصْحَبْنِیْ بِاللُّطْفِ وَالْعِنَایَةِ

عطا فرما اور مجھے صحیح راستے پر چلا اور مجھ پر رحم فرما اور میرے ساتھ لطف و عنایت کا برتاؤ کر

بِمَعِيَّةٍ خَاصَّةٍ مِّنْكَ وَحَقِّقْنِىْ بِقُرْبِكَ الَّذِىْ لَا

اپنی خصوصی معیت کے ساتھ اور مجھے اپنا وہ قرب عطا فرما جس میں کوئی

وَحْشَةَ مَعَهٗ يَا رَحْمٰنُ يَا سَلَامُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

وحشت نہ ہو یا رحمٰن یا سلام الحمد للہ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

رب العالمین

وِردِ روزِ سہ شنبہ (منگل)

ورد منگل کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اِلٰهِىْ مَا اَحْلَمَكَ عَلٰى مَنْ عَصَاكَ وَمَا اَقْرَبَكَ مِمَّنْ

اے میرے معبود! تو کتنا حلیم ہے اس سے جو تیری نافرمانی کرے تو کتنا قریب ہے اس سے

دَعَاكَ وَمَا اَعْطَفَكَ عَلٰى مَنْ سَاَلَكَ وَمَا اَرْاَفَكَ بِمَنْ

جو تجھے پکارے اور تو کتنا مہربان ہے اس پر جو تجھ سے مانگے اور تو کتنا شفیق ہے اس پر

اَمَّلَكَ مَنْ ذَا الَّذِىْ سَاَلَكَ فَحَرَمْتَهٗ اَوْ لَجَاَ اِلَيْكَ

جو تجھ سے امید رکھے کون ہے وہ جس نے تجھ سے مانگا اور تو نے اسے محروم رکھا یا اس نے تجھ سے پناہ طلب کی

فَاَهْمَلْتَهٗ اَوْ تَقَرَّبَ مِنْكَ فَاَبْعَدْتَهٗ اَوْ هَرَبَ اِلَيْكَ

اور تو نے اس کو نظرانداز کر دیا، یا اس نے تیرا قرب چاہا اور تو نے اس کو دور کر دیا، یا دوڑ کر تیری طرف آیا اور تو

فَطَرَدْتَهٗ لَكَ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ اِلٰهِىْ اَتَرَاكَ تُعَذِّبُنَا

نے اسے دھتکار دیا خلق اور امر کا تو ہی مالک ہے الٰہی! کیا تو مناسب جانتا ہے کہ تو ہمیں عذاب دے

وَتَوْحِيْدُكَ فِىْ قُلُوْبِنَا وَمَا اَخَالُكَ تَفْعَلُ وَلَئِنْ فَعَلْتَ

درآں حالیکہ تیری توحید ہمارے دلوں میں ہے میں یہ گمان نہیں کرتا کہ تو ایسا کرے گا اور اگر تو ایسا کرے

اَتَجْمَعُنَا مَعَ قَوْمٍ طَالَ مَا بَغَضْنَاهُمْ لَكَ فَبِالْمَكْنُوْنِ

تو کیا تو اکٹھا کرے گا ہمیں اس قوم کے ساتھ جن سے ہم تیری وجہ سے مدتوں بغض کرتے رہے تجھے واسطہ

مِنْ اَسْمَآئِكَ وَمَا وَارَتْهُ الْحُجُبُ مِنْ بَهَآئِكَ اَنْ

ہے اپنے ان ناموں کا جو مستور ہیں اور تیری اس نور ذات کا جو پردوں میں چھپا ہوا ہے بخش دے

تَغْفِرَ لِهٰذِهِ النَّفْسِ الْهَلُوْعِ وَلِهٰذَا الْقَلْبِ الْجَزُوْعِ الَّذِىْ

اس بے صبرے نفس کو اور اس گھبرا جانے والے دل کو جو برداشت نہیں کر سکتا

لَا يَصْبِرُ لِحَرِّ الشَّمْسِ فَكَيْفَ يَصْبِرُ لِحَرِّ نَارِكَ يَا حَلِيْمُ

سورج کی گرمی کو پس وہ کیسے برداشت کر سکے گا تیری آگ کی حرارت کو اے حلیم۔

يَا عَظِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ

اے عظیم۔ اے کریم۔ اے رحیم۔ اے اللہ ہم پناہ مانگتے ہیں تجھ سے

الذُّلِّ اِلَّا لَكَ وَمِنَ الْخَوْفِ اِلَّا مِنْكَ وَمِنَ الْفَقْرِ اِلَّا

ذلت سے بجز اس کے کہ وہ تیرے لیے ہو۔ اور خوف سے بجز اس کے کہ وہ تیرے لیے ہو اور فقر سے بجز اس کے

اِلَيْكَ ۞ اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وُجُوْهَنَا اَنْ تَسْجُدَ لِغَيْرِكَ

کہ وہ تیری طرف ہو۔ اے اللہ! جس طرح تو نے محفوظ رکھا ہے ہمارے چہروں کو کہ وہ تیرے سوا کسی کو سجدہ کریں

فَصُنْ اَيْدِيَنَا اَنْ تَمْتَدَّ بِالسُّؤَالِ لِغَيْرِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اسی طرح محفوظ رکھ ہمارے ہاتھوں کو کہ وہ تیرے سوا کسی کے آگے سوال کے لیے دراز ہوں نہیں ہے کوئی معبود

سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

بجز تیرے پاک ہے تو بے شک میں ظالموں میں سے ہوں والحمد للہ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

رب العالمین

وِردِ روزِ چہار شنبہ (بدھ)

ورد بدھ کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اِلٰهِيْ عَفْوُ قِدَمِكَ حَدَثِيْ فَلَآ اَنَا وَاَشْرَقَ سُلْطَانُ

الٰہی! تیرا قدم میرے حدوث کو شامل ہے کہ جس میں تو کچھ بھی نہیں اور تیری ذات کے نور کا سلطان

نُوْرُ وَجْهِكَ فَاَضَآءَ هَيْكَلَ بَشَرِيَّتِيْ وَلَا سِوَاكَ فَمَا دَامَ

چمکا پس اُس نے روشن کر دیا میری بشریت کے ہیکل کو پس تیرے سوا اور کوئی نہیں پس

مِنِّيْ فَبِكَ دَوَامُكَ وَمَا فَنِيَ عَنِّيْ فَبِرُؤْيَتِيْ اِيَّايَ وَاَنْتَ

جو چیز باقی رہے مجھ سے پس وہ تیری بقا کے ساتھ ہے اور جو فنا ہو مجھ سے پس وہ اس نے

اَللّٰهُ نُوْرٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْأَلُكَ بِالْاَلِفِ اِذَا تَقَدَّمَتْ ۝

نہیں بنا۔ تو ہی ہمیشہ رہنے والا ہے نہیں ہے کوئی معبود برحق بجز تیرے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے طفیل الف کے

وَبِالْهَاءِ اِذَا تَاَخَّرَتْ ۝ وَبِالْهَاءِ مِنِّيْ اِذَا انْقَلَبَتْ لَامًا

کہ جب اسے مقدم کیا جاتا ہے اور طفیل ھا کے جب پیچھے آتی ہے اور ساتھ ھا کے مجھ سے جب بدل جاتی ہے لام سے

اَنْ تُفْنِيَنِيْ بِكَ عَنِّيْ حَتّٰى تَلْتَحِقَ الصِّفَةُ بِالصِّفَةِ وَتَقَعَ

یہ کہ فنا کر دے تو مجھے مجھ سے اپنی ذات کے ساتھ یہاں تک کہ صفت، صفت کے ساتھ مل جائے اور رابطہ

الرَّابِطَةُ بِالذَّاتِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ

ذات کے ساتھ واقع ہو جائے۔ نہیں ہے کوئی معبود تیرے سوا یا حیّ یا قیوم یا ذوالجلال

وَالْاِكْرَامِ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى وَسَلَّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

والاکرام اور درود بھیجے اللہ تعالیٰ اور سلام ہمارے آقا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ پر سب پر اور الحمد للہ رب العالمین



وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ ۝

والحمد للہ وحدہٗ

وِردِ روزِ پنجشنبہ (جمعرات)

ورد جمعرات کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ الٓمّٓ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اللہ نہیں ہے کوئی معبود بجز اس کے وہ زندہ ہے سب کو زندہ رکھنے والا ہے۔ الم۔ اللہ تعالیٰ نہیں ہے کوئی خدا بجز اس کے

هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ

خود زندہ ہے دوسروں کو زندہ رکھنے والا ہے عجز سے جھک گئے ہیں سارے چہرے حی قیوم کی بارگاہ میں اے اللہ!

اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ ۝ يَا اَللّٰهُ ۝ يَا اَللّٰهُ ۝ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں یا اللہ۔ یا اللہ۔ یا اللہ۔ اس چیز کا جس کا سوال کیا ہے تجھ سے اس

نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا وَدُوْدُ ۝

کا تیرے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے یا ودود

يَا وَدُوْدُ ۝ يَا وَدُوْدُ ۝ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ ۝ يَا مُبْدِئُ ۝

یا ودود یا ودود اے بزرگ عرش کے مالک اے آغاز کرنے والے

يَا مُعِيْدُ ۔ يَا فَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ ۔ أَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ

اے دوبارہ لوٹانے والے اے جو چاہے کرنے والے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیری ذات کے نور کے طفیل

الَّذِيْ مَلَأَ أَرْكَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَرْتَ

جس نے لبریز کر دیا ہے تیرے عرش کے گوشوں کو اور تیری قدرت کے طفیل جس سے تو اپنی

بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ

ساری مخلوق پر قادر ہے اور تیری اس رحمت کے طفیل جو ہر چیز کو گھیرے

كُلَّ شَيْءٍ ۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا مُغِيْثُ أَغِثْنِيْ (ثلاثا)

ہوئے ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے اے فریاد سننے والے میری فریاد سن (تین مرتبہ) اے

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ يَا لَطِيْفًا قَبْلَ كُلِّ لَطِيْفٍ وَيَا

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے ہر لطف کرنے والے سے پہلے لطف فرمانے والے اور اے

لَطِيْفًا بَعْدَ كُلِّ لَطِيْفٍ ۔ يَا لَطِيْفُ (ثلاثا) لَطَفْتَ

ہر لطف کرنے والے کے بعد لطف فرمانے والے یا لطیف یا لطیف تو نے اپنی مہربانی سے

بِخَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۔ أَسْأَلُكَ يَا رَبِّ كَمَا

آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے میرے رب جب

لَطَفْتَ بِيْ فِيْ ظُلُمَاتِ الْأَحْشَاءِ ۔ اَلْطُفْ بِيْ فِيْ

تو نے مجھ پر لطف فرمایا جب کہ میں آنتوں کے اندھیروں میں تھا مہربانی فرما میرے ساتھ اپنی

قَضَائِكَ وَقَدَرِكَ وَفَرِّجْ عَنِّي الضِّيْقَ وَلَا تُحَمِّلْنِيْ

قضا و قدر میں اور دور فرما مجھ سے تنگی کو اور نہ بوجھ ڈال مجھ پر

مَا لَا اُطِيْقُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَ

جس کی میں طاقت نہیں رکھتا بحرمتِ سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و

اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۝

آلہٖ وسلم اور بحرمتِ ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

يَا لَطِيْفُ ۝ يَا لَطِيْفُ ۝ اُلْطُفْ بِيْ بِخَفِيِّ خَفِيِّ

یا لطیف یا لطیف مہربانی کر مجھ پر ساتھ باریک در باریک

خَفِيِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ الْخَفِيِّ اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ

در باریک لطف اپنے کے جو نہایت مخفی در مخفی ہے بے شک تو نے فرمایا ہے اور تیرا فرمان

الْحَقُّ ۝ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ

حق ہے اللہ تعالیٰ بہت مہربان ہے اپنے بندوں کے ساتھ رزق دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور وہ

الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝

قوت والا غالب ہے اور ہم کو کافی ہے اللہ تعالیٰ اور وہ بہترین کارساز ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

والحمد للہ رب العالمین

وِرْدِ روزِ جمعہ (جمعہ)

ورد روزِ جمعہ کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؞

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِعَظِيْمِ قَدِيْمِ كَرِيْمِ مَكْنُوْنِ مَخْزُوْنِ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل تیرے اسماء کے جو عظیم، قدیم معزز پوشیدہ اور مخفی ہیں

اَسْمَآئِكَ وَبِاَنْوَاعِ اَجْنَاسِ رُقُوْمِ نُقُوْشِ اَنْوَارِكَ

اور بطفیل تیرے انوار کے جن کے نقوش کئی انواع و اقسام کے ہیں اور تیری عزت کے طفیل

وَبِعَزِيْزِ اِعْزَازِ تَعَزُّزِ عِزَّتِكَ وَبِحَوْلِ طَوْلِ جَوْلِ شَدِيْدِ

جو خود بھی غالب ہے اور دوسروں کو بھی غلبہ دینے والا ہے اور بطفیل تیری قوت کے جس کا حملہ شدید

قُوَّتِكَ وَبِقَدْرِ مِقْدَارِ اقْتِدَارِ قُدْرَتِكَ وَبِتَاْئِيْدِ تَحْمِيْدِ

اور حملہ قوی ہے اور تیری قدرت کے اقتدار کے اندازے کے طفیل اور بطفیل تیری عظمت کی تائید، تعریف،

تَمْجِيْدِ تَعْظِيْمِ عَظَمَتِكَ وَبِسُمُوِّ نُمُوِّ عُلُوِّ رِفْعَتِكَ

بزرگی اور تعظیم کے ساتھ اور تیری رفعت کی بلندی، زیادتی اور علو کے طفیل

وَبِقَيُّوْمِ دَيْمُوْمِ دَوَامِ مُدَّتِكَ وَبِرِضْوَانِ غُفْرَانِ

اور تیری مدت کے طفیل جو قائم رکھنے والی ہمیشہ رہنے والی اور مرضی ہے تیری مغفرت، رضامندی، بخشش اور

اَمَانِ مَغْفِرَتِكَ وَبِرَفِيْعِ بَدِيْعِ مَنِيْعِ سُلْطَانِكَ وَ

امان کے طفیل، تیری بادشاہی، سطوت کی بلندی، بے مثالی اور استواری کے طفیل اور

سَطْوَتِكَ وَبِرَهَبُوْتِ عَظَمُوْتِ جَبَرُوْتِ جَلَالِكَ

تیرے جلال کے دبدبے، عظمت اور شوکت کے طفیل

وَبِصَلَاتِ سُعَاتِ سَعَةِ بِسَاطِ رَحْمَتِكَ وَبِلَوَامِعِ

تیری رحمت کی چادر کی وسعت کی فراخیوں کے طفیل تیری ذات کے

بَوَارِقِ صَوَاعِقِ عَجِيْجِ هَجِيْجِ رَهِيْجِ بَهِيْجِ نُوْرِ ذَاتِكَ

خوشنما نور کی چمکنے والی بجلیوں کی گرجدار آواز کے طفیل تیری

وَبِبَهْرِ قَهْرِ جَهْرِ مَيْمُوْنِ ارْتِبَاطِ وَحْدَانِيَّتِكَ وَبِهَدِيْرِ

وحدانیت کے روشن غالب، ظاہر اور بابرکت رابطہ کے طفیل تیرا سمندر

هَيَاتِ تَيَّارِ تَيَّارِ اَمْوَاجِ بَحْرِكَ الْمُحِيْطِ بِمَلَكُوْتِكَ وَ

جو تیری بادشاہی کا احاطہ کئے ہوئے ہے اس کی شور مچانے والی منہ زور تند و تیز موجوں کے طفیل

بِاتِّسَاعِ انْفِسَاحِ مَيَادِيْنِ بَرَازِخِ كُرْسِيِّكَ وَبِهَيْكَلِيَّاتِ

تیری کرسی کے برزخوں کے میدانوں کی فراخی اور وسعت کے طفیل تیرے عرش

عُلْوِيَّاتِ رُوْحَانِيَّاتِ اَمْلَاكِ اَفْلَاكِ عَرْشِكَ وَبِاَمْلَاكِ

کے آسمانوں کے ملکوں کی بلند اور روحانی ہیکلوں کے طفیل، بطفیل

الرُّوحَانِيِّينَ الْمُدَبِّرِينَ لِلْكَوَاكِبِ الْمُنِيرَةِ بِأَفْلَاكِكَ

رُوحانی فرشتوں کے جو تدبیر کرنے والے ہیں ان ستاروں کے جو تیرے آسمانوں میں جو گردش ہیں

وَبِحَنِينِ أَنِينِ تَسْكِينِ قُلُوبِ الْمُرِيدِينَ بِقُرْبِكَ وَ

تیرے قرب کا ارادہ کرنے والوں کے دلوں کے سوز،

بِخَضَعَاتِ حَرَقَاتِ زَفَرَاتِ الْخَائِفِينَ مِنْ سَطْوَتِكَ

گریہ وزاری اور تسکین کے طفیل، تیری ہیبت سے ڈرنے والوں کے عجز و نیاز سوز دروں آہ و بکا کے

وَبِآمَالِ نَوَالِ أَقْوَالِ الْمُجْتَهِدِينَ فِي مَرْضَاتِكَ وَ

طفیل، تیری رضا جوئی کے لیے جو ریاضت میں مصروف ہیں اُن کی اُمیدوں کے طفیل،

بِتَخْضِيعِ تَقْطِيعِ تَعْظِيمِ مَرَائِرِ الصَّابِرِينَ عَلَى

جو تیرے انعام سے وابستہ ہیں تیری آزمائشوں پر صبر کرنے والوں کی عاجزی، شدت

بَلْوَائِكَ وَبِتَعَبُّدِ تَمَجُّدِ تَجَلُّدِ الْعَابِدِينَ عَلَى

اور شدید تختیوں کے طفیل، تیری اطاعت پر جو بڑی بہادری سے ثابت قدم رہے اُن کی نیازمندی اور

طَاعَتِكَ يَا أَوَّلُ يَا آخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَدِيمُ

بزرگی کے طفیل، اے اوّل، اے آخر، اے ظاہر، اے باطن، اے قدیم،

يَا مُقِيمُ يَا قَيُّومُ اِطْمِسْ بِطَلْسَمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ

اے مقیم، اے قیوم، محو کر دے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے طلسم کے

الرَّجِيْمِ وَشَرَّ سُوَيْدَآءِ قُلُوْبِ اَعْدَآئِنَا وَاَعْدَآئِكَ وَدُقَّ

طفیل ہمارے اور اپنے دشمنوں کے دلوں کی سیاہی کے شر کو اور اڑا دے

اَعْنَاقَ رُءُوْسِ الظَّلَمَةِ بِسُيُوْفِ نَشَآتِ قَهْرِكَ وَ

گردنیں ظالموں کے سروں کی اپنے قہر و جبروت کی تلواروں سے اور

سَطْوَتِكَ وَاحْجُبْنَا بِحُجُبِكَ الْكَثِيْفَةِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ

ڈال دے ہم پر کثیف پردے اپنی، قوت، طاقت

وَقُدْرَتِكَ عَنْ لَحَظَاتِ لَمَحَاتِ لَمَعَاتِ اَبْصَارِهِمُ

اور قدرت کے تاکہ ان کی کمزور نظریں ہمیں نہ

الضَّعِيْفَةِ بِعِزَّتِكَ وَقُدْرَتِكَ وَسَطْوَتِكَ يَا اَللهُ يَآ اَللهُ

دیکھ سکیں اپنی عزت، قدرت اور سطوت کے طفیل یا اللہ! یا اللہ!

يَآ اَللهُ وَصُبَّ عَلَيْنَا مِنْ اَنَابِيْبِ مَيَازِيْبِ التَّوْفِيْقِ

یا اللہ! اور سعادتوں کے باغات میں ہم پر توفیق کے پرنالوں سے

فِيْ رَوْضَاتِ السَّعَادَاتِ اٰنَآءَ لَيْلِكَ وَاَطْرَافَ نَهَارِكَ

پانی برسا اپنی رات کے ہر لمحہ میں اور اپنے دن کی ہر گھڑی میں

وَاَغْمِسْنَا فِيْ اَحْوَاضِ سَوَاقِيْ مَسَاقِيْ بِرِّكَ وَرَحْمَتِكَ

اور داخل کر دیں ان حوضوں میں جہاں تیرے احسان اور رحمت کی ندیاں آ گرتی ہیں

وَقَيِّدْنَا بِقُيُوْدِ السَّلَامَةِ عَنِ الْوُقُوْعِ فِیْ مَعْصِيَتِكَ

اور ہمیں سلامتی کی زنجیروں میں جکڑ دے تاکہ ہم تیری نافرمانی کے ارتکاب سے محفوظ رہیں

يَا اَوَّلُ ۥ يَا اٰخِرُ ۥ يَا ظَاهِرُ ۥ يَا بَاطِنُ ۥ يَا قَدِيْمُ ۥ يَا قَوِيْمُ ۥ

اے اول ، اے آخر ، اے ظاہر ، اے باطن ، اے قدیم ، اے قویم ،

يَا مُقِيْمُ ۥ يَا مَوْلَائِیْ ۥ يَا قَادِرُ ۥ يَا مَوْلَائِیْ ۥ يَا غَافِرُ ۥ يَا لَطِيْفُ ۥ

اے مقیم ، اے میرے مولا ، اے قادر ، اے میرے مولا ، اے گناہ بخشنے والے ، اے لطف فرمانے والے ،

يَا خَبِيْرُ ۥ اَللّٰهُمَّ ذَهِلَتِ الْعُقُوْلُ وَانْحَسَرَتِ الْاَبْصَارُ

اے خبر رکھنے والے ، اے اللہ! عقل دنگ ، آنکھیں خیرہ ،

وَحَارَتِ الْاَوْهَامُ وَضَاقَتِ الْاَفْهَامُ وَبَعُدَتِ الْخَوَاطِرُ

وہم حیران ، فہم تنگ ، دل دُور ،

وَقَصُرَتِ الظُّنُوْنُ عَنْ اِدْرَاكِ كُنْهِ كَيْفِيَّةِ ذَاتِكَ وَمَا

اور ظن وگمان قاصر ہوگئے ہیں تیری ذات کی کیفیت کی حقیقت سمجھنے سے تیری قدرت

ظَهَرَ مِنْ بَوَادِیْ عَجَائِبِ اَنْوَاعِ اَصْنَافِ قُدْرَتِكَ

کے گوناگوں عجائبات کے جنگلوں سے کچھ ظاہر نہ ہوا

دُوْنَ الْبُلُوْغِ اِلٰی تَلَأْلُؤِ لَمَعَاتِ بُرُوْقِ شُرُوْقِ

سوائے تیرے اسماء کی روشنیوں کی چمک دمک

اَسْمَآئِکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَوَّلُ ہ یَا اٰخِرُ ہ یَا ظَاھِرُ ہ

کے اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے اول ، اے آخر ، اے ظاہر ،

یَا بَاطِنُ ہ یَا قَدِیْمُ ہ یَا قَوِیْمُ ہ یَا مُقِیْمُ ہ یَا نُوْرُ ہ یَا ھَادِیُ ہ

اے باطن ، اے قدیم ، اے قویم ، اے مقیم ، اے نور ، اے ہادی ،

یَا بَدِیْعُ ہ یَا بَاقِیُ ہ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

اے بدیع ، اے باقی یا ذا الجلال والاکرام ، نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے

بِرَحْمَتِکَ نَسْتَغِیْثُ ہ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا ہ

ہم تیری رحمت کے ساتھ فریاد کرتے ہیں اے فریاد کرنے والوں کے فریاد رس ہماری فریاد سن

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ ارْحَمْنَا ہ اَللّٰھُمَّ مُحَرِّکَ الْحَرَکَاتِ

نہیں ہے کوئی معبود بجز تیرے اپنی رحمت کے طفیل ہم پر رحم فرما اے اللہ حرکت دینے والے تمام حرکتوں کے

وَمُبْدِئَ نِھَایَاتِ الْغَایَاتِ وَمُخْرِجَ یَنَابِیْعِ قُضْبَانِ

اور اے آغاز کرنے والے تمام مقاصد کی انتہاؤں کے اے نباتات کے تنوں سے شاخوں کے

قُضْبَاتِ النَّبَاتِ وَمُشَقِّقَ صُمِّ جَلَامِیْدِ الصُّخُوْرِ

چشموں کو نکالنے والے اور سخت پتھروں کی مستحکم چٹانوں کو

الرَّاسِیَاتِ وَالْمُنْبِعَ مِنْھَا مَآءً مَّعِیْنًا لِّلْمَخْلُوْقَاتِ

پھاڑنے والے مخلوقات کے لئے ان میں سے صاف پانی کے چشمے جاری کرنے والے

وَالْمُحْيِي بِهٖ سَائِرَ الْحَيَوَانَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ وَالْعَالِمِ بِمَا

مجملہ حیوانات و نباتات کو اس کے ذریعے زندہ کرنے والے اے جاننے والے جو

اخْتَلَجَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ اَسْرَارِهِمْ وَاَفْكَارِهِمْ وَفَكِّ

لوگوں کے سینوں میں ان کے اسرار اور ان کے افکار خلجان پیدا کرتے ہیں اور زمین پر

رُمُوْزِ نُطْقِ اِشَارَاتِ خَفِيَّاتِ لُغَاتِ النَّمْلِ السَّارِحَاتِ

رینگنے والی چیونٹیوں کی لغات کے مخفی اشارات کی علامتوں کو کھولنے والے

يَا مَنْ سَبَّحَتْ وَقَدَّسَتْ وَعَظَّمَتْ وَكَبَّرَتْ

اے وہ کہ ساتوں آسمانوں کے فرشتے اس کی عزت و جبروت کے اقوال کی تسبیح، تقدیس اور

وَمَجَّدَتْ لِجَلَالِ جَمَالِ كَمَالِ اَقْدَامِ اَقْوَالِ اَعْظَامِ

تعظیم بیان کرتے ہیں اور ان کی بڑائی اور بزرگی کا ذکر

عِزِّهٖ وَجَبَرُوْتِهٖ مَلَائِكَ سَبْعِ سَمٰوَاتِكَ اجْعَلْنَا فِيْ

کرتے ہیں بنا دے ہمیں

هٰذَا الْعَامِ وَفِيْ هٰذَا الشَّهْرِ وَفِيْ هٰذِهِ الْجُمُعَةِ وَفِيْ

اس سال میں اس ماہ میں اس جمعہ میں اس

هٰذَا الْيَوْمِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ هٰذَا الْوَقْتِ الْمُبَارَكِ

دن میں اس گھڑی میں اور اس مبارک وقت میں

مِمَّنْ دَعَاكَ فَاَجَبْتَهٗ وَسَاَلَكَ فَاَعْطَيْتَهٗ وَتَضَرَّعَ

اُن لوگوں میں سے جو تجھے پکارتے ہیں تو تُو اُن کی دُعا قبول فرماتا ہے اور جو تجھ سے مانگتے ہیں تو تُو اُن کو عطا

اِلَيْكَ فَرَحِمْتَهٗ وَاِلٰى دَارِكَ دَارِ السَّلَامِ اَدْنَيْتَهٗ بِفَضْلِكَ

فرماتا ہے جو تیری جناب میں عاجزی کرتے ہیں تو تُو اُن پر رحمت فرماتا ہے اور اپنے گھر یعنی جنّت کی طرف تو انہیں قریب

يَا جَوَادُ ۝ يَا جَوَادُ ۝ جُدْ عَلَيْنَا وَعَامِلْنَا بِمَا اَنْتَ

کرتا ہے اپنے فضل سے اے سخی، اے سخی، سخاوت فرما ہم پر اور ہمارے ساتھ وہ سلوک کر جو

اَهْلُهٗ وَلَا تُعَامِلْنَا بِمَا نَحْنُ اَهْلُهٗ اِنَّكَ اَنْتَ اَهْلُ

تیری شان کے شایاں ہے اور ہمارے ساتھ وہ معاملہ نہ کر جس کے ہم لائق ہیں بے شک تو اہل التقوی

التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝ يَا اَللّٰهُ ۝

اور اہل المغفرۃ ہے یا ارحم الرّاحمین یا اللہ

يَا اَللّٰهُ ۝ يَا اَللّٰهُ ۝ يَا اَوَّلُ ۝ يَا اٰخِرُ ۝ يَا ظَاهِرُ ۝ يَا بَاطِنُ ۝

یا اللہ ، یا اللہ ، اے اوّل ، اے آخر ، اے ظاہر ، اے باطن ،

يَا قَدِيْمُ ۝ يَا قَوِيْمُ ۝ يَا مُقِيْمُ ۝ يَا نُوْرُ ۝ يَا هَادِيْ ۝ يَا بَدِيْعُ ۝

اے قدیم ، اے قویم ، اے مقیم ، اے نور ، اے ہادی ، اے بدیع ،

يَا بَاقِيْ ۝ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ

اے باقی ، اے جلال والے اور عزت والے نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے تیری رحمت کے

نَسْتَغِيْثُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنَا ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

وسیلہ سے فریاد کرتے ہیں اے فریاد کرنے والوں کی فریاد سننے والے ہماری فریاد سن نہیں ہے کوئی معبود

اَنْتَ وَبِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَسْئَلُكَ

تیرے سوا اے ارحم الراحمین میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ اور آپ کی آل، آپ کے اصحاب اور

تُسَلِّمَ وَاَنْ تَقْضِيَ حَوَآئِجَنَا يَا اَللّٰهُ ۝ يَا اَللّٰهُ ۝ يَا اَللّٰهُ ۝

سلام بھیج اور پوری کرو ہماری حاجتیں یا اللہ، یا اللہ، یا اللہ،

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

سب تعریفیں اللہ کے لئے جو رب العالمین ہے

وِردِ روزِ شنبہ (ہفتہ)

ورد ہفتہ کے روز کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ نِّعَمُهٗ لَا تُحْصٰى ۝ وَاَمْرُهٗ لَا يُعْصٰى ۝ وَنُوْرُهٗ

اے اللہ اے وہ جس کی نعمتوں کا شمار نہیں ہو سکتا اور جس کے حکم کی نافرمانی نہیں ہو سکتی اور جس کے نور کو

لَا یُطْفٰی ۝ وَلُطْفُهٗ لَا یَخْفٰی ۝ یَا مَنْ فَلَقَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰی ۝

بجھایا نہیں جاسکتا جس کا لطف چھپایا نہیں جاسکتا اے وہ جس نے شق کردیا سمندر کو موسیٰ کے لئے،

وَاَحْیَی الْمَیِّتَ لِعِیْسٰی ۝ وَجَعَلَ النَّارَ بَرْدًا وَّسَلَامًا

زندہ کردیا مُردے کو عیسیٰ کے لئے، بنادیا آگ کو سرد اور سلامتی

عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ابراھیم پر درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر

وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا مَا اللّٰهُ هُوَ بِتَلَأْلُؤِ نُوْرِ

اور بنا دے میرے لئے میری مشکل کو آسان اور اس سے نکلنے کا راستہ، اے اللہ تیرے عرش کے

بَهَاءِ حُجُبِ عَرْشِكَ مِنْ اَعْدَائِیْ احْتَجَبْتُ وَبِسَطْوَةِ

پردوں کی روشنی کے نور کی چمک میں اپنے دشمنوں سے اپنے آپ کو چھپاتا ہوں اور تیرے جبروت

الْجَبَرُوْتِ مِمَّنْ یَّكِیْدُنِیْ تَحَصَّنْتُ وَبِجَوْلِ طَوْلِ حَوْلِ

کی سطوت کے طفیل ان لوگوں سے پناہ مانگتا ہوں جو میرے خلاف سازش کرتے ہیں اور تیری قوت کے

شَدِیْدِ قُوَّتِكَ مِنْ كُلِّ سُلْطٰنٍ تَحَصَّنْتُ وَبِدَیْمُوْمِ

شدید حملے کے زور سے میں ہر بادشاہ کے شر سے قلعہ گیر ہوتا ہوں اور تیری ابدیت کی

قَیُّوْمِ دَوَامِ اَبَدِیَّتِكَ مِنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ اسْتَعَذْتُ وَ

ہمیشہ قائم رہنے والی بقا سے میں ہر شیطان سے پناہ مانگتا ہوں اور

بِمَكْنُوْنِ السِّرِّ مِنْ سِرِّ سِرِّكَ مِنْ كُلِّ هَامَّةٍ تَخَلَّصْتُ

تیرے رازوں میں سے جو سرِ نہاں ہے اس کے طفیل میں ہر شیطان سے نجات و پناہ

وَتَحَصَّنْتُ يَا حَامِلَ الْعَرْشِ عَنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ

طلب کرتا ہوں اے حاملینِ عرش کے بوجھ کو اُٹھانے والے

يَا حَابِسَ الْوُحُوْشِ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَ

اے وحشیوں کو روکنے والے اے شدید گرفت والے تجھی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور

اِلَيْكَ اَنَبْتُ اُحْبُسْ عَنِّيْ مَنْ ظَلَمَنِيْ وَاغْلِبْ عَلٰى

تیری طرف میں نے رجوع کیا ہے روک لے مجھ سے جس نے مجھ پر ظلم کیا اور غلبہ دے مجھے اُس پر

مَنْ غَلَبَنِيْ كَتَبَ اللهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ اِنَّ اللهَ قَوِيٌّ

جو مجھ پر غالب آیا ہے لکھ دیا ہے اللہ تعالیٰ نے میں ضرور غالب آؤں گا اور میرے رسول غالب آئیں گے بیشک

عَزِيْزٌ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ مِنْ

اللہ تعالیٰ قوت والا غالب ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، ساری مخلوق سے

خَلْقِهٖ جَمِيْعًا اَللهُ اَعَزُّ مِمَّنْ اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَعُوْذُ

عزت والا ہے اللہ عزت والا ہے اس سے جس سے میں ڈرتا ہوں اور خوف کرتا ہوں میں پناہ

بِاللهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ اَنْ

مانگتا ہوں اللہ سے وہ اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں جس نے روکا ہوا ہے سات آسمانوں کو



تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فُلَانٍ وَّ

گرنے سے زمین پر مگر اس کے اذن کے ساتھ تیرے فلاں بندے کے شر سے اس

جُنُوْدِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَللّٰهُمَّ

کے لشکروں سے اس کے پیروکاروں سے اس کے مددگاروں سے خواہ وہ جن ہوں یا انسان اے اللہ

كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّهِمْ جَمِيْعًا جَلَّ ثَنَآؤُكَ وَعَزَّ

مجھے پناہ دے ان تمام کے شر سے تیری تعریف بڑی بزرگ ہے تیرا پڑوسی

جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ تَفْعَلُ مَا تَشَآءُ

عزت والا ہے تیرا نام برکت والا ہے نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے تو کرتا ہے جو چاہتا ہے

وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

تو ہر چیز پر قادر ہے والحمد للہ رب العالمین

دُرُودِ مُسْتَغَاث

درود مستغاث

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ زَيَّنَ النَّبِيِّيْنَ بِحَبِيْبِهِ الْمُصْطَفٰى

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے تمام انبیاء کو اپنے حبیب مصطفےٰ سے مزین فرمایا

وَمَنَّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ بِنَبِيِّهِ الْمُجْتَبٰى اَلصَّلٰوةُ

اور اپنے پسندیدہ نبی کو بھیج کر سب اہل ایمان پر احسان عظیم فرمایا صلوٰۃ و

وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى الْمُسْرٰى بِهٖ

سلام ہو اس کے رسول محمد پر جو سب مخلوق سے بہترین ہیں جن کو عرش کے

مِنْ فَوْقِ الْعَرْشِ اِلٰى تَحْتِ الثَّرٰى اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى

اوپر سے تحت الثریٰ تک سیر کرائی گئی سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے

مَا مَضٰى وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا بَقِىَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

ان نعمتوں پر جو اس نے پہلے فرمائی ہیں اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ان نعمتوں پر جو ابھی باقی ہیں صلوٰۃ و

عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى مَدَحْتُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

وسلام ہو اس کے رسول محمد پر جو ساری کائنات سے بہترین ہیں یا رسول اللہ میں نے آپ کی مدح سرائی کی ہے

صَلَّى اللهُ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ أَنْتَ خِيَارُ اللهِ الْمُسْتَغَاثُ

نبی امی پر خدا کے درود ہوں آپ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ ہیں آپ بارگاہِ الٰہی

إِلَى حَضْرَةِ اللهِ تَعَالَى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول آپ پر

يَا رَسُوْلَ اللهِ رَسُوْلُ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ فَتَّاحٌ فَاتَحَهُ اللهُ

صلوٰۃ و سلام ہو آپ رسول ہیں کونین کے سردار ہیں ہر بند دروازہ کھولنے والے ہیں اللہ تعالیٰ

اَلْمُسْتَغَاثُ إِلَى حَضْرَةِ اللهِ تَعَالَى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

نے آپ کو فاتح بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلنَّبِيُّ الْمُصْطَفٰى رَسُوْلُ نَبِيُّ

آپ پر درود و سلام ہو آپ نبی مصطفےٰ ہیں رسول ہیں مشرق و مغرب

الْخَافِقَيْنِ قَاسِمُ خَيْرُ خَلْقِ اللهِ الْمُسْتَغَاثُ إِلَى

کے نبی ہیں خیر تقسیم کرنے والے ہیں آپ اللہ کی سب مخلوق سے بہتر ہیں آپ بارگاہِ الٰہی میں

حَضْرَةِ اللهِ تَعَالَى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ

ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام

اللهِ السَّيِّدُ الْمُعَلّٰى رَسُوْلُ سِرَاجُ الْعَالَمِيْنَ

ہو آپ آقا ہیں، بلند و بالا ہیں، رسول ہیں سب جہانوں کے چراغ ہیں

مَحْمُوْدٌ مُطَيَّبُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ

ستائش کئے ہوئے ہیں اللہ نے آپ کو پاک بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے

تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْلٰى

والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ اللہ کے

مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ رَسُوْلٌ صَاحِبُ الدَّارَيْنِ خَادِمُ

تمام بندوں سے مقرب ہیں رسول ہیں دارین کے مالک ہیں دین کے خادم ہیں

طَيِّبُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

اللہ نے آپ کو پاکیزہ بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلنَّبِيُّ الْمُزَكّٰى رَسُوْلُ

پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ نبی ہیں جنہیں پاک بنایا گیا ہے رسول ہیں

تَاجُ الْحَرَمَيْنِ نَاهٍ طَاهِرُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

حرمین کے تاجدار ہیں برائیوں سے منع کرنے والے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو طاہر بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ

میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام

اللّٰهِ هَدَانَا رَسُوْلٌ جَدُّ الطَّيِّبَيْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

ہو ہمیں ہدایت دی ہے رسول ہیں دو پاکبازوں حسن اور حسین کے جدِ کریم ہیں

دَاعٍ مُطَهَّرُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰے

حق کی طرف بلانے والے ہیں اللہ نے آپ کو مطہر بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ نَبِيٌّ مُخْتَارٌ

ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ نبی مختار ہیں

مُرْتَضٰی اِمَامٌ رَسُوْلٌ مُقْتَدَی الْاَئِمَّةِ الْمُهْتَدِيْنَ

پسندیدہ ہیں امام ہیں رسول ہیں ہدایت یافتہ اماموں کے پیشوا ہیں

هَادٍ مُبِيْنُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی

ہادی ہیں اللہ کے احکام بیان کرنے والے ہیں آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَدَانَا رَسُوْلٌ

ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام جو ہمیں ہدایت دی ہے ہمیں اس

مُهْدِي الْاُمَّةِ وَرَسُوْلٌ صَفِيٌّ حُجَّةُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

رسول نے امت کے ہادی ہیں اور رسول ہیں چنے ہوئے ہیں اللہ کی دلیل ہیں آپ بارگاہِ الٰہی

اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و

رَسُوْلَ اللّٰهِ حَبِيْبُنَا رَسُوْلٌ مُهْدِيٌّ مِنَ الضَّلَالَةِ

سلام جو آپ ہمارے حبیب ہیں، رسول ہیں جو گمراہی سے ہدایت یافتہ ہے

مُهْتَدٍ مُطِيْعُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

راہ راست پر گامزن ہے اللہ کا مطیع ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ مُحِبُّنَا

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ کا اسم گرامی محمد ہے ہم سے محبت

اَحْمَدُ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ مَرْضِيٌّ خَلِيْفَةُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

کرنے والے ہیں، آپ احمد ہیں، رسول ہیں کریم ہیں پسندیدہ ہیں اللہ نے آپ کو اپنا خلیفہ بنایا ہے آپ

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و

رَسُوْلَ اللّٰهِ رَسُوْلُنَا رَسُوْلٌ عَلَى الدَّوَامِ نَبِيٌّ طٰهٰ

سلام ہو آپ ہمارے رسول ہیں آپ کی رسالت دائمی ہے نبی ہیں طٰہٰ ہیں

قَائِمٌ حَامِدُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

حق کے ساتھ قائم ہیں اللہ کی حمد کرنے والے ہیں آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمِيْرُنَا رَسُوْلٌ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ ہمارے امیر ہیں رسول

وَنَبِيٌّ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور نبی ہیں آپ کا نام نامی محمد ہے اللہ کے رسول ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

نَاصِرُ كَلِيْمُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

مدد فرمانے والے اللہ سے کلام کرنے والے ہیں آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُعِيْنُنَا رَسُوْلٌ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام جو آپ ہمارے مددگار ہیں رسول ہیں

وَالدُّرُّ النَّبِيُّ الْيَاسِيْنُ اِمَامٌ اَمِيْنُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

سچے موتی ہیں نبی ہیں یٰسین ہیں امام ہیں اللہ نے آپ کو اپنے رازوں کا امین بنایا ہے آپ

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و

رَسُوْلَ اللّٰهِ مُصَدِّقُنَا رَسُوْلٌ وَحَبِيْبُنَا نَبِيٌّ مُزَّمِّلٌ

سلام جو آپ ہمارے بیان کی تصدیق کرنے والے ہیں رسول ہیں ہمارے حبیب ہیں نبی ہیں کملی والے ہیں

بَيَانٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

قرآن کا بیان ہیں اللہ کے رسول ہیں آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَاهِدُنَا رَسُوْلٌ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام جو آپ ہمارے گواہ ہیں رسول

وَنَبِيٌّ مُدَّثِّرٌ قُرْاٰنٌ نُوْرُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

اور نبی ہیں چادر اوڑھنے والے ہیں قرآن ناطق ہیں اللہ کے نور ہیں آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مُدَّثِّرٌ رَسُوْلٌ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام جو آپ کپڑا اوڑھنے والے ہیں رسول ہیں

مُعَطَّرُ الرُّوْحِ بَارٌّ جَوَادُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ

آپ کی روح معطر ہے نیکوکار ہیں اللہ نے آپ کو سخی بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد

اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام جو

سُلْطَانُ الْاَنْبِیَاءِ رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْفُرْقَانِ مَلِیٌّ

آپ نبیوں کے سلطان ہیں رسول ہیں صاحب قرآن ہیں آپ کا سینہ علوم الٰہیہ سے لبریز ہے

مَکِّیٌّ شَکُوْرُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی

آپ مکی ہیں اللہ نے آپ کو قدردان بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِمَامُ الْاَتْقِیَاءِ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام جو آپ اتقیاء کے امام ہیں

رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْکَوْثَرِ مَدَنِیٌّ مُنِیْرُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

رسول ہیں کوثر کے مالک ہیں مدنی ہیں اللہ نے آپ کو روشن آفتاب بنایا ہے آپ

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ

بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و

اللهِ سِرَاجُ الْاَوْلِيَاءِ رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْمِيْزَانِ اَبْطَحِیٌّ

سلام ہو آپ اولیاء کے چراغ ہیں رسول ہیں ترازو کے صاحب ہیں ابطحی ہیں

قَرِيْبُ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ

اللہ نے آپ کو اپنا مقرب بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ بُرْهَانُ الْاَصْفِيَاءِ رَسُوْلٌ

پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ اصفیاء کے لئے دلیل ہیں رسول ہیں

سَيِّدُ الْقَوْمِ عَرَبِیٌّ يَتِيْمُ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ

قوم کے آقا ہیں عربی ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو دُرِّ یتیم بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے

اللهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ

فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو

شَفِيْعُنَا رَسُوْلٌ مَجْرَاهُ الْمَهْدِیْ قُرَيْشِیٌّ شَهِيْدُ اللهِ

آپ ہمارے شفیع ہیں رسول ہیں آپ کے دفن ہونے کی جگہ [illegible] ہے قریشی ہیں اللہ نے آپ کو اپنی توحید کا

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

گواہ بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اِمَامُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَزِيْنَةُ الْاَنْبِيَاءِ

آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ مومنوں کے امام ہیں انبیاء کی زینت ہیں

رَسُوْلٌ خَادِمُ الْفُقَرَاءِ حِجَازِیٌّ نَذِیْرُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

آپ رسول ہیں فقرا کے آرام کا خیال رکھنے والے ہیں آپ حجازی ہیں اللہ نے آپ کو نذیر بنایا ہے آپ

اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا

بارگاہ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و

رَسُوْلَ اللّٰهِ خَتْمُ الْاَنْبِیَاءِ رَسُوْلٌ مَاحٍ مُحَمَّدُ بْنُ

سلام ہو آپ ختم الانبیاء ہیں رسول ہیں باطل کو مٹانے والے ہیں اسم مبارک محمد

عَبْدِ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ

ہے عبداللہ کے فرزند دلبند ہیں آپ بارگاہ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے

وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَادِقُنَا رَسُوْلٌ مُرْسَلٌ

پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ ہمارے سچے ہیں آپ رسول ہیں آپ کو بھیجا

مُتَوَسِّطٌ رَحِیْمُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی

گیا ہے آپ بہترین ہیں اللہ نے آپ کو رحیم بنایا ہے آپ بارگاہ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَیِّدُنَا رَسُوْلٌ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ ہمارے سردار ہیں رسول ہیں

مُسْتَغِیْثٌ مُقْتَصِدٌ حَلِیْمُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی

فریاد رس ہیں میانہ رو ہیں اللہ نے آپ کو حلیم بنایا ہے آپ بارگاہ الٰہی میں ہمارے لئے

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ

فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوۃ و سلام

اللّٰهِ اَغِثْنَا يَا رَسُوْلَ الثَّقَلَيْنِ اَنْتَ حَقٌّ مُنِيْبُ اللّٰهِ

ہو اے جن وانس کے رسول ہماری فریاد رسی کیجئے آپ حق ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو منیب بنایا ہے

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاعِظُنَا رَسُوْلٌ وَرَسُوْلُهُ الْمُجْتَبٰى

آپ پر صلوۃ و سلام ہو آپ ہمیں نصیحت کرنے والے ہیں آپ رسول ہیں آپ برگزیدہ رسول ہیں

اَوَّلُ حَبِيْبُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

خلق میں اول ہیں اللہ نے آپ کو اپنا حبیب بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَكْرَمُنَا رَسُوْلٌ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوۃ و سلام ہو آپ ہم سب سے مکرم ہیں رسول ہیں

صَاحِبُ الشَّرِيْعَةِ اٰخِرُ عَزِيْزُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

صاحب شریعت ہیں سب نبیوں سے آخر ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو معزز بنایا آپ بارگاہِ الٰہی میں

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوۃ و سلام ہو

أَهْلُ التَّقْوٰى رَسُوْلُ صَاحِبُ الطَّرِيْقَةِ شِفَاءٌ فَصِيْحٌ

آپ اہل تقویٰ ہیں رسول ہیں صاحب طریقت ہیں ہر بیماری کا تریاق ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ

اللّٰهِ الْمُسْتَغَاثُ إِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

کو فصیح بنایا ہے آپ بارگاہ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اٰمَنَّا بِكَ اَنْتَ نَبِيُّنَا رَسُوْلُ

آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو ہم آپ پر ایمان لائے آپ ہمارے نبی ہیں رسول ہیں

صَاحِبُ الْحَقِيْقَةِ مُضَرِيٌّ بَشِيْرُ اللّٰهِ الْمُسْتَغَاثُ إِلٰى

صاحب حقیقت ہیں مضری ہیں اللہ نے آپ کو خوشخبری دینے والا بنایا ہے آپ بارگاہ الٰہی میں

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ

ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام

اللّٰهِ إِمَامُ الْاُمَمِ مُحَمَّدٌ صَاحِبُ الْمَعْرِفَةِ بُرْهَانُ

ہو آپ ساری امتوں کے امام ہیں ہمارے نبی محمد ہے صاحب معرفت ہیں اللہ نے آپ کو اپنی

رَحْمَةِ اللّٰهِ الْمُسْتَغَاثُ إِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

رحمت کی دلیل بنایا ہے آپ بارگاہ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَبِيْرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ

پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ ہم سب سے بڑے ہیں رسول ہیں جنت کے

الْجَنَّةِ ظَاهِرٌ كَرِيْمُ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللهِ

مالک ہیں آپ کا کمال ظاہر ہے اللہ نے آپ کو کریم بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لیے فریاد کرنے

تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ سَنَدُ

والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ گنہگاروں کا

الْعَاصِيْنَ رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْجَنَّةِ فَارِقُ جَهَنَّمَ سُلْطَانٌ

سہارا ہیں رسول ہیں جنت کے مالک ہیں دوزخ خالی کرنے والے ہیں بادشاہ ہیں

تِهَامِيٌّ مُؤْمِنُ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللهِ تَعَالٰى

تہامی ہیں اللہ نے آپ کو دولتِ ایمان و یقین بخشی ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لیے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ فَقِيْهُنَا رَسُوْلٌ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ ہمارے فقیہ ہیں رسول ہیں

صَاحِبُ الصِّرَاطِ مُبَلِّغٌ عَاقِبُ اللهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

راہِ راست کے مالک ہیں اللہ کا پیغام پہنچانے والے ہیں اللہ نے آپ کو تمام انبیاء کے بعد بھیجا ہے آپ بارگاہِ

حَضْرَةِ اللهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ

الٰہی میں ہمارے لیے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام

اللهِ اٰمَنَّا بِكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ

ہو ہم آپ پر ایمان لائے ہیں آپ ہمارے کارساز ہیں رسول ہیں صاحبِ شفاعت ہیں

بَاطِنٌ خَلِيْلُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

آپ سرِّ نہاں ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنا خلیل بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ شَهِيْدُ عَوَامِّنَا

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ عوام اُمّت کے گواہ ہیں

رَسُوْلٌ صَاحِبُ التَّاجِ مُحَلِّلٌ بِاِذْنِ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

رسول ہیں دونوں جہانوں کے تاجدار ہیں اللہ کے حکم سے پاک چیزوں کو حلال کرنے والے ہیں آپ

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ

بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام

اللّٰهِ وَمِنَ النَّارِ مُخَلِّصُنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْمِحْرَابِ

ہو آپ ہمیں دوزخ کی آگ سے نجات دلانے والے ہیں رسول ہیں صاحب محراب ہیں

حَاشِرٌ نَبِيُّ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

جمع کرنے والے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو نبی بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفْضَلُ مِنَ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ تمام نبیوں اور تمام

النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ مَحْبُوْبُنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْمِنْبَرِ

صدیقوں سے افضل ہیں آپ ہمارے محبوب ہیں رسول ہیں صاحب منبر ہیں

خَطِیْبُ رَحْمَةِ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی

اللہ کی رحمت کے خطیب ہیں آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لیے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُبَشِّرُنَا رَسُوْلُ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام جو آپ ہمیں بشارت دینے والے ہیں رسول

صَاحِبُ الْبَیْتِ عَامِرُ کَعْبَةِ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی

ہیں بیت اللہ کے صاحب ہیں اللہ کے کعبہ کو آباد کرنے والے ہیں آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لیے

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو

اَکْبَرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ عَالِمٌ غَنِیُّ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

آپ ہم سب سے بڑے ہیں رسول ہیں صاحبِ معراج ہیں عالم ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو غنی بنایا ہے آپ

اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ

بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لیے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام

اللّٰهِ نَبِیُّ اٰخِرِ الزَّمَانِ رَسُوْلُ صَاحِبُ الْاِجْتِهَادِ مُنْتَقِمُ

ہو آپ نبی آخر الزمان ہیں رسول ہیں صاحبِ اجتہاد ہیں انتقام لینے والے ہیں

مُکَرَّمُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ

اللہ تعالیٰ نے آپ کو مکرم بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لیے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَفِي الدِّيْنِ صَادِقُنَا

پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ دین میں ہمارے سچے ہیں

رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْقِيَامَةِ نَاطِقٌ شَفِيْعُ اللّٰهِ الْمُسْتَغَاثُ

رسول ہیں بزمِ محشر کے صدر ہیں سچ بولنے والے ہیں اللہ نے آپ کو شفیع بنایا ہے آپ

إِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ

بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام

اللّٰهِ مُشَفَّعُ الْاُمَّةِ يُعِيْنُنَا بِالشَّفَاعَةِ رَسُوْلٌ صَاحِبُ

ہو اُمت کے لئے آپ کی شفاعت مقبول ہے شفاعت کے ذریعے آپ ہماری مدد فرمانے والے ہیں رسول ہیں صاحبِ

النُّبُوَّةِ مُحْتَرَمٌ نَبِيُّ اللّٰهِ الْمُسْتَغَاثُ إِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

نبوت ہیں عزت والے ہیں اللہ نے آپ کو نبی بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَنَبِيُّ الرَّحْمَةِ

اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ نبی رحمت ہیں

سَابِقُنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ الدَّارَيْنِ حَرِيْصٌ رَءُوْفٌ بِاللّٰهِ

آپ ہم سے سبقت لے جانے والے ہیں رسول ہیں دونوں جہان کے سردار ہیں اپنی اُمت کی نجات کے لئے حریص ہیں اللہ تعالیٰ نے

الْمُسْتَغَاثُ إِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

آپ کو نہایت مہربان بنایا ہے آپ بارگاہِ الٰہی میں ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَيِّدُ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَاهٍ نَبِيُّنَا رَسُوْلٌ

آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو آپ جن و انس کے آقا ہیں برائیوں سے روکنے والے ہیں ہمارے نبی ہیں رسول ہیں

صَاحِبُ النِّعْمَةِ هَاشِمِيٌّ كَرَامَةُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

ولی نعمت ہیں ہاشمی ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو عزت و کرامت بخشی ہے آپ بارگاہ الٰہی ہیں

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

ہمارے لئے فریاد کرنے والے ہیں اے اللہ کے پیارے رسول آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو

مُقَرِّبُنَا رَسُوْلٌ اِلٰى رَحْمَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى مِائَةَ اَلْفِ اَلْفٍ

آپ ہیں ہمارے رب سے قریب کرنے والے ہیں اللہ کی رحمت کی طرف جانے کے لئے آپ بھیجے گئے ہیں کروڑوں درود و سلام

صَلٰوةٍ وَّسَلَامٍ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْمُصْطَفٰى وَحَبِيْبِهِ الْمُجْتَبٰى

ہوں اللہ کے رسول پر جو چنا ہوا ہے اور اس کے حبیب پر جو برگزیدہ ہے

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اَبَا بَكْرِ التَّقِيَّ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اے اللہ رحم فرما ابوبکر پر جو جنتی تھے

وَعُمَرَ النَّقِيَّ وَعُثْمَانَ الزَّكِيَّ وَعَلِيًّا اِلْوَفِيَّ اَسَدَ اللّٰهِ

اور عمر پر جو پاک و صاف تھے اور عثمان پر جو منزہ اور طاہر تھے اور علی پر جو وفادار تھے اللہ کے شیر اس کے

الْمُرْتَضٰى وَفَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ وَخَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى

رسول کے پسندیدہ تھے اور سیدہ فاطمہ زہراء پر اور خدیجۃ الکبریٰ پر

وَعَائِشَةَ الصِّدِّيْقَةِ الْعُلْيَا وَالْحَسَنِ الرِّضَا وَالْحُسَيْنِ

بلند شان والی عائشہ صدیقہ پر اور حسن پر جو پیکرِ تسلیم و رضا تھے اور حسین پر

الشَّهِيْدِ الْمُجْتَبٰى وَالشُّهَدَآءِ الْكَرْبَلَا وَالسَّعْدِ وَالسَّعِيْدِ

جو برگزیدہ شہید تھے اور تمام شہداء کربلا پر نیز سعد، سعید،

وَالطَّلْحَةِ وَالزُّبَيْرِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَاَبَا عُبَيْدَةَ

طلحہ، زبیر، عبدالرحمٰن بن عوف اور ابو عبیدہ

بْنِ الْجَرَّاحِ الْعَشَرَةِ الْمُبَشَّرِيْنَ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ

بن جراح پر جو عشرہ مبشرہ ہیں نیز تمام صحابہ اور تابعین پر

الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ

نیز خلفاء راشدین پر ان سب کو اللہ تعالیٰ کی رضا نصیب ہو

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا


اے اللہ! مجھے اور میرے ماں باپ کو بخش دے اور ان پر یوں رحم فرما جس طرح انہوں نے مجھ پر رحمت و

وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

شفقت کی تھی جب کہ میں چھوٹا تھا اے اللہ! تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں اور مسلمان مردوں

وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور مسلمان عورتوں پر جو ابھی زندہ ہیں اور جو وفات پا چکے ہیں سب کے گناہ بخش دے برحمتک یا ارحم الراحمین



بِجَاهِ حَبِيْبِكَ وَصَفِيِّكَ وَنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ شَفِيْعِ

اپنے حبیب، اپنے برگزیدہ، اپنے نبی محمدؐ کے طفیل جو شفیع

الْمُذْنِبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

گنہگاروں ہیں اے اللہ درود بھیج آپ پر اور آپ کی اولاد پر اور آپ کے اصحاب پر

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اور برکت نازل فرما اور سلام بھیج

نوٹ

دُرودِ مستغاث شریف کے ترجمہ کی سعادت اس وقت نصیب ہوئی جب میں دارالمال الاسلامی کے اجتماع میں شرکت کے لیے جنیوا گیا۔ ۱۹۔۲۰ اگست کو میٹنگ میں شرکت کی۔ دو دن مزید رکنا پڑا۔ پہلے دُرودِ کبریتِ احمر کا ترجمہ کیا۔ بعد ازاں دُرودِ مستغاث شریف کے ترجمہ کی توفیق ارزانی ہوئی۔ آج مورخہ ۲۲ اگست ۱۹۷۶ء کو پونے پانچ بجے شام اس ترجمہ سے فراغت ملی۔

الحمد للّٰہ علی حسن توفیقہ والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا و مولٰنا المصطفٰی فاتح المغلقات کاشف البلیات وعلی اٰلہ رفیع الدرجات واصحابہ ذوی الاعمال الصالحات

کمرہ نمبر ۲۱۰، رچمانڈ ہوٹل جنیوا، سوئٹزرلینڈ

محمد کرم شاہ

هٰذِهٖ سِلْسِلَۃُ چِشْتِیَّۃٌ بِہِشْتِیَّۃٌ نِظَامِیَّۃٌ

یہ سلسلہ ہے حضراتِ چشت اہلِ بہشت نظامیہ کا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جو ربّ العالمین ہے اور اچھا انجام متقیوں کے لیے ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

درود و سلام ہو اُس کے رسُول پر جن کا اسمِ گرامی محمد ہے اور اُن کی تمام آل پر

اَجْمَعِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَھٰذِہٖ سِلْسِلَتِیْ مِنْ

امّا بعد: یہ میرا سلسلہ ہے میرے

مَشَآئِخِیْ فِیْ طَرِیْقَۃِ الْچِشْتِیَّۃِ رِضْوَانُ اللّٰہِ

مشائخ سے طریقہ چشتیہ میں راضی ہو اللہ

تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ سَیِّدِ

تعالیٰ اُن سب پر اے اللہ بحرمتِ سیّد الکونین

الْکَوْنَیْنِ وَرَسُوْلِ الثَّقَلَیْنِ حَضْرَتْ مُحَمَّدٍ

اور رسُول الثقلین حضرت محمد

اِلْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِلٰھِیْ

مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کے الٰہی

بِحُرْمَتِ بَابِ مَدِیْنَۃِ الْعُلُوْمِ وَالْمَطَالِبِ اِمَامِ

بطفیل علوم و مطالب کے دروازہ کے

الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاِمَامِ

مشارق و مغارب کے اِمام کے جو مومنوں کے امیر اور بہادروں

الْاَشْجَعِیْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی

کے پیشوا ہیں یعنی علی ابن ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ

وَجْھَہٗ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ حَضْرَتِ

وجہہٗ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ حضرت

خَوَاجَہْ اَبِی النَّصْرِ الْحَسَنِ الْبَصَرِیْ رَضِیَ اللّٰہُ

خواجہ ابوالنصر حسن بصری رضی اللہ

تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ

تعالیٰ عنہ کے الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ

حَضْرَتْ خَوَاجَہْ اَبِی الْفَضْلِ عَبْدِ الْوَاحِدِ

حضرت خواجہ ابی الفضل عبدالواحد

اِبْنِ زَیْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِی بِحُرْمَتِ

بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت

شَیْخُ الْمَشَآئِخ حَضْرَتْ خَوَاجَہْ اَبِی الْفَیْضِ

شیخ المشائخ حضرت خواجہ ابو الفیض

فُضَیْلِ بْنِ عَیَاضٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِی بِحُرْمَتِ

فضیل بن عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت

شَیْخِ الْمَشَآئِخ اَمَانِ الْاَرْضِ حَضْرَتْ خَوَاجَہْ

شیخ المشائخ زمین کے امن دینے والے حضرت خواجہ

سُلْطَانِ اِبْرَاھِیْم اَدْھَمَ الْبَلْخِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

سلطان ابراہیم ادھم بلخی رضی اللہ تعالیٰ

عَنْہُ اِلٰہِی بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخ حَضْرَتْ

عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت

خَوَاجَہْ سَدِیْدِ الدِّیْنِ حُذَیْفَۃَ الْمَرْعَشِیِّ

خواجہ سدید الدین حذیفہ المرعشی

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِی بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

حَضْرَتْ خَواجَہ اَمِیْنِ الدِّیْنِ اَبِیْ هُبَیْرَةَ الْبَصْرِیْ

حضرت خواجہ امین الدین ابو ہبیرہ البصری

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخْ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

حَضْرَتْ خَواجَہْ مُمْشَادِ عُلُوْ دِیْنُوْرِیْ رَضِیَ اللّٰہُ

حضرت خواجہ ممشاد علو دینوری رضی اللہ

تَعَالٰی عَنْہُ ۂ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخْ سَرِسِلْسِلَۂ

تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ سلسلہ چشتیہ کے

چِشْتِیَانِ خَواجَۂ خَواجُگَانِ حَضْرَتْ خَواجَہْ

امیر خواجہ خواجگان حضرت خواجہ

اَبِیْ اِسْحَاقَ شَامِیْ چِشْتِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ

ابو اسحاق شامی چشتی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخْ قُدْوَةِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ قدوۃ الحق والدین

حَضْرَتْ خَواجَہْ اَبِیْ اَحْمَدَ بْنِ فَرْسَنَافَۃَ

حضرت خواجہ ابو احمد بن فرسنافہ

الْچِشْتِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ

چشتی رضی اللہ تعالی عنہ الٰہی بحرمت

شَیْخِ الْمَشَآئِخ قُطْبِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ حَضْرَتْ

شیخ المشائخ قطب الحق والدین حضرت

خَوَاجَہ اَبِیْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ چِشْتِیْ رَضِیَ

خواجہ ابو محمد ابن احمد چشتی رضی

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخ

اللہ تعالی عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

حَضْرَتْ خَوَاجَہ نَاصِرِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ اَبِیْ یُوْسُفَ

حضرت خواجہ ناصر الحق والدین ابو یوسف

چِشْتِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۂ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ

چشتی رضی اللہ تعالی عنہ الٰہی بحرمت

شَیْخِ الْمَشَآئِخ حَضْرَتْ خَوَاجَہ قُطْبِ الْحَقِّ وَ

شیخ المشائخ حضرت خواجہ قطب الحق

الدِّیْنِ مَوْدُوْدِ چِشْتِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰے عَنْہُ ۂ

والدین مودود چشتی رضی اللہ تعالے عنہ

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخْ حَضْرَتْ خَواجَہْ

الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ حضرت خواجہ

مَخْدُوم حَاجِیْ شَرِیْفِ زِنْدَانِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

مخدوم حاجی شریف زندانی رضی اللہ تعالیٰ

عَنْہُ ۃ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخْ مُقْتَدَآءِ

عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ مقتدائے

اَھْلِ عِرْفَانِ حَضْرَتْ خَواجَہْ عُثْمَانِ ھَرْوَنِیْ رَضِیَ

اہل عرفان حضرت خواجہ عثمان ہرونی رضی

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۃ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخْ

اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ

قُطْبِ الْعَارِفِیْنَ سَنَدِ الْمُوَحِّدِیْنَ حَضْرَتْ

قطب العارفین سند الموحدین حضرت

خَواجَہْ بُزُرْگْ مُعِیْنِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ حَسَنْ

خواجہ بزرگ معین الحق والدین حسن

سَنْجَرِیْ ثُمَّ اَجْمِیْرِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ۃ اِلٰھِیْ

سنجری ثم اجمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بِحُرْمَتِ شَيْخِ الْمَشَائِخ بُرْهَانِ چِشْتِيَانِ

بحرمت شیخ المشائخ برہان چشتیاں

شَهِيْدِ الْمُحَبَّةِ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ قُطْبُ الْحَقِّ

شہید محبت حضرت خواجہ قطب الحق

وَالدِّيْنِ بَخْتِيَارِ اُوْشِيْ كَاكِىْ رَضِىَ اللهُ تَعَالىٰ عَنْهُ

والدین بختیار اُوشی کاکی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اِلٰهِىْ بِحُرْمَتِ شَيْخِ الْمَشَائِخ حَرِيْقِ الْمُحَبَّةِ اِمَامِ

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ سوختۂ محبت عارفین

الْعَارِفِيْنَ سُلْطَانِ الزَّاهِدِيْنَ حَضْرَتْ

کے امام زاہدوں کے بادشاہ حضرت

خَوَاجَهْ فَرِيْدِ الْحَقِّ وَالدِّيْنِ مَسْعُوْدِ گَنْجِ شَكَرْ

خواجہ فرید الحق والدین مسعود گنج شکر

الْاَجُوْدَهْنِىْ رَضِىَ اللهُ تَعَالىٰ عَنْهُ ؕ اِلٰهِىْ

الاجودھنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بِحُرْمَتِ شَيْخِ الْمَشَائِخ سُلْطَانِ الْعَاشِقِيْنَ

بحرمت شیخ المشائخ عاشقوں کے سلطان

سَیِّدِ الْمَحْبُوْبِیْنَ مَحْبُوْبِ اِلٰهِیْ حَضْرَتْ خَوَاجَہْ
محبوبوں کے سردار محبوب الٰہی حضرت خواجہ
نِظَامِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدْ بَدَاوِنِیْ
نظام الحق والدین محمد بن احمد بداونی
بُخَارِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ
بخاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت
شَیْخِ الْمَشَائِخْ مُسْتَغْرِقِ بَحْرِ شُهُوْدِ شَمْسِ الْعَارِفِیْن
شیخ المشائخ جو شہود کے سمندر میں غرق ہیں عارفوں کے آفتاب ہیں
حَضْرَتْ خَوَاجَہْ نَصِیْرِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ مَحْمُوْدِ
حضرت خواجہ نصیر الحق والدین محمود
چِرَاغِ دِهْلَوِیْ اَوْدِھِیْ چِشْتِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰے
چراغ دہلوی اودھی چشتی رضی اللہ تعالٰے
عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخْ حَضْرَتْ
عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت
خَوَاجَہْ شَیْخْ کَمَالِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ الْمَشْهُوْرِ بِعَلَّامَۃِ
خواجہ شیخ کمال الحق والدین جو علامہ کے لقب سے مشہور ہیں

رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۃ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

حضرت خواجہ شیخ سراج الحق والدین رضی

حضرت خواجہ شیخ سراج الحق والدین رضی

اللہ تعالیٰ عنہ ۃ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ

اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

حضرت خواجہ شیخ علم الحق والدین رضی اللہ

حضرت خواجہ شیخ علم الحق والدین رضی اللہ

تعالیٰ عنہ ۃ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ حضرت

تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ حضرت

خواجہ شیخ محمود بعرفِ شیخ راجن رضی

خواجہ شیخ محمود عرف شیخ راجن رضی

اللہ تعالیٰ عنہ ۃ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ

اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ

حضرت خواجہ شیخ جمال الحق والدین بعرف

حضرت خواجہ شیخ جمال الحق والدین عرف

شَیْخ جمن رَضِیَ اللّٰہُ تعالیٰ عَنْہُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ

شیخ جمن رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت

شَیْخُ الْمَشَآئِخ قُطْبُ الْاَوْلِیَآءِ شَیْخُ الْاَتْقِیَآءِ

شیخ المشائخ اولیاء کے قطب پرہیزگاروں کے شیخ

حَضْرَتْ خَواجَہ شَیْخ حَسَن مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ

حضرت خواجہ شیخ حسن محمد رضی اللہ

تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخُ الْمَشَآئِخ مَظْھَرِ

تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ مظہراللہ

اللّٰہِ التَّآمِّ الصَّمَدِ حَضْرَتْ خَواجَہ شَیْخ

اللہ تعالیٰ الصمد کے مظہر کامل حضرت خواجہ شیخ

مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تعالیٰ عَنْہُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ

محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت

شَیْخُ الْمَشَآئِخ فَرْدِ الْحَقِیْقَۃِ قُطْبُ الْمَدِیْنَۃِ

شیخ المشائخ حقیقت کے یگانہ مدینہ منورہ کے قطب

الشَّرِیْفَۃِ حَضْرَتْ خَواجَہ یَحْیٰے الْمَدَنِیْ رَضِیَ اللّٰہُ

حضرت خواجہ یحییٰ مدنی رضی اللہ

تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ الْمُتَخَلِّقِ

تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ جو اخلاق الٰہی

بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ وَالْمُتَّصِفِ بِاَوْصَافِ اللّٰہِ فَانِیْ

سے متخلق ہیں اور اوصافِ الٰہی سے متصف ہیں فانی

فِی اللّٰہِ بَاقِیْ بِاللّٰہِ حَضْرَتْ خَوَاجَہْ شَیْخْ کَلِیْمُ اللّٰہِ

فی اللہ باقی باللہ حضرت خواجہ شیخ کلیم اللہ

جَھَانْ اٰبَادِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِیْ

جہان آبادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ سِرَاجِ الْوَاصِلِیْنَ فَخْرِ

بحرمت شیخ المشائخ واصلین کے چراغ عاشقوں

الْعَاشِقِیْنَ حَضْرَتْ خَوَاجَہْ شَیْخْ نِظَامِ الْحَقِّ

کے فخر حضرت خواجہ شیخ نظام الحق

وَالدِّیْنِ اَوْرَنْگْ اٰبَادِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

والدین اورنگ آبادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اِلٰہِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ فَخْرِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ اوّلین و آخرین کے فخر

مُحِبِّ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حضرت خواجہ شیخ

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عاشق صادق حضرت خواجہ شیخ

فَخْرِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

فخر الحق والدین محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ قُدْوَۃِ السَّالِکِیْنَ

الٰہی بحرمت شیخ المشائخ سالکوں کے برگزیدہ

شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ غَرِیْبِ نَوَاز حضرت خواجہ

عارفوں کے آفتاب غریب نواز حضرت خواجہ

شَیْخ نُوْرِ مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ

شیخ نور محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ سُلْطَانِ الْعَاشِقِیْنَ

بحرمت شیخ المشائخ عاشقوں کے بادشاہ

بُرْھَانِ الْمَعْشُوْقِیْنَ خَوَاجَۂ خَوَاجُگَانِ

محبوبوں کی برہان خواجہ خواجگان

اَلْقَائِمِ مَقَامَ الْعُبُوْدِیَّۃِ قُطْبُ الزَّمَانِ حضرت

جو عبودیت کے مقام پر قائم ہیں زمانہ کے قطب ہیں حضرت

خواجہ شیخ محمد سلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
خواجہ شیخ محمد سلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ علم الحق والدین
الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ علم الحق والدین

شمس العارفین والعاشقین محبوب رب
عارفوں اور عاشقوں کے آفتاب رب العالمین

العالمین کامل و مکمل حضرت خواجہ
کے محبوب خود کامل اور دوسروں کو مکمل کرنے والے حضرت خواجہ

شیخ شمس الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی
شیخ شمس الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بحرمتِ شیخ المشائخ قطب الاقطاب فردِ
بحرمتِ شیخ المشائخ قطبوں کے قطب یگانۂ

الاحباب زبدۃ العارفین قدوۃ السالکین
احباب عارفوں کے خلاصہ سالکوں کے برگزیدہ

مستغرق بحار المعرفۃ والیقین حضرت خواجہ
معرفت و یقین کے سمندروں میں مستغرق حضرت خواجہ

شَیْخ مُحَمَّدِ الدِّیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ

شیخ محمد الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی

بِحُرْمَتِ قَامِعِ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ وَالْبِدْعَۃِ اَمِیْرِ

بحرمتِ کفر، شرک اور بدعت کی بیخ کنی کرنے والے اللہ تعالیٰ

الْمُجَاھِدِیْنَ الْاَشْجَعِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ شَیْخِ

کی راہ میں مجاہدوں، بہادروں کے امیر شیخ المشائخ

الْمَشَآئِخِ حَضْرَتْ خَوَاجَہْ مُحَمَّدْ ضِیَاءِ الدِّیْنِ

حضرت خواجہ محمد ضیاء الدین

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْاِسْلَامِ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ الاسلام

وَالْمُسْلِمِیْنَ قَائِدِ الْعُلَمَاءِ الرَّبَّانِیِّیْنَ عَارِفِ

والمسلمین علماء ربانیین کے قائد شریعت و

اَسْرَارِ الشَّرِیْعَۃِ وَالطَّرِیْقَۃِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ حَضْرَتْ

طریقت کے اسرار کے عارف شیخ المشائخ حضرت

خَوَاجَہْ مُحَمَّدِ قَمَرِ الدِّیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

خواجہ محمد قمر الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اِلٰهِی بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ اَمِیْرِ الصَّابِرِیْنَ
وَالصَّائِمِیْنَ مُحِبِّ الْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ الْحَرِیْقِ
الْغَرِیْقِ فِیْ حُبِّ اللّٰهِ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ پِیْر اَمِیْر شَاه
اَلْقُرَیْشِیِّ الْهَاشِمِیْ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ۔ اِلٰهِیْ
بِحُرْمَتِ الْعَارِفِ الرَّبَّانِیْ اَلزَّاهِدِ الْعَابِدِ الْمُجَاهِدِ
فِی الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ حَضْرَتْ
پِیْر مُحَمَّدْ شَاه اَلْقُرَیْشِیِّ الْهَاشِمِیْ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ
اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ عَارِفِ الْاَسْرَارِ الْاُلُوْهِیَّةِ
مَظْهَرِ الْکَمَالَاتِ الْمُحَمَّدِیَّةِ حَامِلِ الْحَقَائِقِ الْقُرْآنِیَّةِ
غَوْثِ الْحَقِیْقَةِ مُجَدِّدِ الشَّرِیْعَةِ وَالطَّرِیْقَةِ ضِیَاءِ الْاُمَّةِ
حَضْرَت پِیْر مُحَمَّدْ کَرَم شَاه اَلْقُرَیْشِیِّ الْهَاشِمِیْ
رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

نوٹ: ہر شخص یہاں اپنے شیخِ طریقت کا نام لے کر اس سلسلہ کا اختتام کرے۔

سلسلہ چشتیہ نظامیہ سیالویہ اُردو

اے خداوندا! تو ذاتِ کبریا کے واسطے
رحم کر مجھ پر محمد مصطفےٰ کے واسطے

میں ہُوا ہوں سخت زار اس بندِ محنت میں اسیر
کھول دے مشکل علی مشکل کشا کے واسطے

خواجہ بصری حسن کا نام لاتا ہوں شفیع
شیخ عبدالواحدِ اہلِ بقا کے واسطے

فضل کر مجھ پر طفیلِ خواجہ ابن عیاض
شاہ ابراھیم بلخی بادشاہ کے واسطے

حضرتِ خواجہ حذیفہ کے لیے مجھ رحم کر
پھر ہبیرالبصری صاحب ہدیٰ کے واسطے

خواجہ ممشاد کی خاطر مرا دل شاد کر
شیخ بُو اسحاق قطبِ چشتیہ کے واسطے

خواجہ ابدال احمد بو محمد مقتدے
خواجہ بو یوسف صاحب صفا کے واسطے

خواجہ مودود حق اور خواجہ حاجی شریف
خواجہ عثمان اہلِ اقتدا کے واسطے

والیٔ ہندوستاں خواجہ معین الدین حسن
شیخ قطب الدین قطب الاتقیا کے واسطے

کام کر شیریں طفیلِ خواجہ گنج شکر
اور نظام الدین محبوب اولیاء کے واسطے

دل کو روشن کر طفیلِ شاہ نصیر الدین چراغ
اور کمال الدین کمالِ اصفیاء کے واسطے

دور کر ظلمت سراجِ دین و دنیا کے طفیل
اور علم الحق و دین علم الصدیٰ کے واسطے

حضرت محمود راجن سرورِ دنیا و دیں
اور جمال الدین جمن صاحب صفا کے واسطے

شیخ حسن اور خواجہ شیخ محمد کی طفیل
حضرت یحییٰ مدنی مقتدے کے واسطے

فضل کر مجھ پر طفیلِ شاہ کلیم اللہ ولی
اور نظام الدین مقبولِ خدا کے واسطے

دین و دنیا کا وسیلہ پیر عالم فخر الدین
خواجہ نور محمد رہنما کے واسطے

حضرت خواجہ سلیماں دو جہاں کے دستگیر
قبلۂ حاجات و کعبۂ مدعا کے واسطے

کرم کر مجھ پر طفیلِ خواجۂ عالی جناب
شیخ شمس الدین شمس چشتیا کے واسطے

صفدرِ میدانِ ولایت شیخ شمس الدین میاں
مقتدائے چشتیاں بحرِ صفا کے واسطے

کشتۂ عشقِ الٰہی شمعِ بزمِ اصفیاء
شاہ امیر بے ریا و باصفا کے واسطے

جس کے دل کو تو نے اپنے نور سے روشن کیا
بخش دے میرے گناہ اس رہنما کے واسطے

بلبلِ باغِ رسالت قافلہ سالارِ شوق
شاہ محمد شاہ نجمِ اہتدا کے واسطے

حضرت شاہ کرم محبوبِ مولا و رسول
دین و ملت کی ضیائے دلربا کے واسطے

غوثیت تمکین اور تجدید جس سے فیض یاب
استقامت کے اسی کوہِ بقا کے واسطے

بخش دے اپنی محبت اور قطع کر دے ماسوا
برکتِ پیرانِ عظام و چشتیا کے واسطے

هٰذِهٖ سِلْسِلَةٌ قَادِرِيَّةٌ

یہ سلسلہ حضراتِ قادریہ کا ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ حُسَیْنِ شَهِیْدٍ

اے اللہ بطفیل سردار مومنوں کے حسین شہید کربلا کے

رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ زَیْنِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا الٰہی بطفیل زین العابدین

الْعَابِدِیْنَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے اے اللہ بطفیل

اِمَامِ مُحَمَّدِنِ الْبَاقِرِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ

امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ

بِحَقِّ اِمَامِ جَعْفَرِنِ الصَّادِقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی

بطفیل امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ

عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ اِمَامِ مُوْسَی الْکَاظِمِ رَضِیَ

عنہ کے یا اللہ بطفیل امام موسےٰ کاظم رضی

اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ۃ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ عَلِیْ مُوْسٰی رِضَا رَضِیَ

اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ بہ طفیل علی موسیٰ رضا

رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ۃ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے

شَیْخ مَعْرُوْفِ الْکَرْخِیْ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ۃ اِلٰهِیْ

شیخ معروف کرخی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخ شَیْخ اَبُوالْحَسَن سِرِّیْ سَقَطِیْ

بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ ابو الحسن سری سقطی

رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ۃ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اے اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے

الْاَعْظَمِ حَضْرَت شَیْخ جُنَیْدِ الْبَغْدَادِیْ رَضِیَ

بڑے حضرت شیخ جنید بغدادی رضی

اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ۃ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخ شَیْخ اَبِیْ

اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ بہ حرمت شیخ بزرگوں کے ابو

بَکْر مُحَمَّدِ شِبْلِیْ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ۃ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخ

بکر محمد شبلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اے اللہ بہ طفیل بزرگ

الْمَشَائِخِ شَیْخِ اَبِی الْفَضْلِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ

بزرگوں کے شیخ ابو الفضل عبدالواحد بن عبدالعزیز

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ؕ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اے اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے

شَیْخِ اَبِی الْفَرَحِ طَرْطُوْسِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ؕ اِلٰھِیْ

شیخ ابو الفرح طرطوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اے اللہ

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخِ اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِ الْھَنْکَارِیِّ

بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ ابو الحسن علی ھنکار کے رہنے والے

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ؕ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ

اَبِیْ سَعِیْدِ عَلِیِ الْمُبَارَکِ الْمَخْزُوْمِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ؕ

ابی سعید علی مبارک مخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ حَضْرَتِ شَیْخِ قُطْبِ رَبَّانِیِّ

یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے حضرت شیخ مقبول اللہ تعالےٰ کے

غَوْثِ صَمْدَانِیِّ مَحْبُوْبِ سُبْحَانِیِّ سُلْطَانِ سَیِّدِ عَبْدِ الْقَادِرِ

محبوب رب العالمین بادشاہ سید عبدالقادر

جِيْلَانِيْ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۝ اِلٰهِيْ بِحُرْمَتِ شَيْخِ

جیلانی راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بطفیل بزرگ

الْمَشَآئِخِ شَيْخِ ضِيَآءِ اَبِي النَّجِيْبِ عَبْدِ الْقَاهِرِ سُهْرَوَرْدِيْ

بزرگوں کے روشنی دین کے شیخ ابی النجیب عبد القاہر سہروردی

رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۝ اِلٰهِيْ بِحُرْمَتِ شَيْخِ الْمَشَآئِخِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے

شَيْخِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرِ الْاَنْدَلُسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

شیخ عمار بن یاسر اندلسی راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے

اِلٰهِيْ بِحُرْمَتِ شَيْخِ الْمَشَآئِخِ شَيْخِ نَجْمِ الدِّيْنِ كُبْرٰے

اے اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ نجم الدین کبرٰے

رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۝ اِلٰهِيْ بِحُرْمَتِ شَيْخِ الْمَشَآئِخِ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے

شَيْخِ مَجْدِ الدِّيْنِ بَغْدَادِيْ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۝ اِلٰهِيْ

شیخ مجد الدین بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یا اللہ

بِحُرْمَتِ شَيْخِ الْمَشَآئِخِ شَيْخِ رَضِيِ الدِّيْنِ الْمَعْرُوْفِ

بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ رضی الدین معروف

بِعَلِی لَالَا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِی بِحُرْمَتِ

ساتھ علی لالا کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بہ طفیل

شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخ نُوْرِ الدِّیْنِ الْمَعْرُوْفِ بِالْکُبْرٰے

بزرگ بزرگوں کے شیخ نور الدین مشہور ساتھ کبرٰے کے

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِی بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے

شَیْخ عَلَاءِ الدَّوْلَۃِ سِمْنَانِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

شیخ علاؤ الدولہ سمنانی کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے

اِلٰہِی بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخِ مَحْمُوْدِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

اے اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ محمود کے راضی ہو اللہ تعالیٰ

عَنْہُ اِلٰہِی بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ قُطْبِ الْاَقْطَابِ عَلِیِّ

اُن سے اے اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے قطب قطبوں کے علی

الْہَمْدَانِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہِی بِحُرْمَتِ شَیْخِ

ہمدانی کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بہ طفیل بزرگ

الْمَشَائِخِ شَیْخ اِسْحَاقَ خَتْلَانِی الْحُسَیْنِی رَضِیَ اللّٰہُ

بزرگوں کے شیخ اسحاق ختلانی حسینی کے راضی ہو اللہ

تَعَالٰی عَنْہُ ۝ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ شَیْخِ سَیِّدِ

تعالیٰ ان سے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے شیخ سردار

السَّادَاتِ سَیِّدِ مَحْمُوْدِ نُوْرِ بَخْش رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

سرداروں کے سید محمود نور بخش کے راضی ہو اللہ تعالیٰ

عَنْہُ ۝ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ حَضْرَت

اُن سے اے اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے حضرت

شَیْخِ مُحَمَّدْ غِیَاثِ نُوْرِ بَخْش رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

شیخ محمد غیاث نور بخش کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ حَضْرَت شَیْخِ مَظْھَرِ

یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے حضرت شیخ جگہ ظاہر ہونے انوار

الصَّمَدِ حَضْرَت شَیْخِ مُحَمَّدْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

اللہ کے حضرت شیخ محمد راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخِ فَرْدِ الْحَقِیْقَۃِ

یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے یگانے حقیقت کے

قُطْبِ الْمَدِیْنَۃِ الشَّرِیْفِ یَحْیٰی مَدَنِیْ رَضِیَ

قطب مدینہ شریف کے یحییٰ مدنی کے راضی ہو

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخْ فَانِیْ

اللہ تعالیٰ اُن سے اے اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے فانی

فِی اللّٰہِ حَضْرَتْ شَیْخ کَلِیْمِ اللّٰہِ جَہَانْ اٰبَادِیْ

بیچ رستے اللہ تعالیٰ کے حضرت شیخ کلیم اللہ جہان آبادی

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخْ

راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے یا اللہ بطفیل بزرگ بزرگوں کے

سِرَاجِ الْوَاصِلِیْنَ فَخْرِ الْعَاشِقِیْنَ حَضْرَتْ

چراغ واصلوں کے فخر عاشقوں کے حضرت

شَیْخ نِظَامِ الدِّیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ

شیخ نظام الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اے اللہ

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَائِخْ فَخْرِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنْ

بطفیل بزرگ بزرگوں کے فخر پہلوں اور پچھلوں کے

مُحِبِّ النَّبِیْ حَضْرَتْ فَخْرِ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ مُحَمَّدْ

دوستدار نبی صاحب کے حضرت فخر حق اور دین کے محمد

اَوْرَنْگَابَادِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ

اورنگ آبادی راضی ہو اللہ تعالیٰ ان سے اے اللہ

بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ مُحِبُّ الْعَاشِقِیْنَ مَحْبُوْب

بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے دوستدار عاشقوں کے محبوب

الْمَعْشُوْقِیْنَ مَظْھَرِ اللّٰہِ الْاَحَدِ حَضْرَتْ خَوَاجَہْ

معشوقوں کے جگہ ظاہر ہونے انوار اللہ تعالیٰ کے حضرت خواجہ

صَاحِبْ خَوَاجَہْ نُوْرْ مُحَمَّدْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

صاحب خواجہ نورؔ محمد کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ سُلْطَانِ الْعَاشِقِیْنَ

اَے اللہ بہ طفیل بزرگ بزرگوں کے بادشاہ عاشقوں کے

بُرْھَانِ الْمَعْشُوْقِیْنَ الْقَآئِمِ مَقَامِ الْعُبُوْدِیَّۃِ

دلیل معشوقوں کے قائم مقام عبودیت کے

قُطْبُ الزَّمَانْ خَوَاجَۂ خَوَاجگَانْ حَضْرَتْ

قطب زمانہ کے بزرگ بزرگوں کے حضرت

مُحَمَّدْ سُلَیْمَانْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِیْ

محمد سلیمان کے راضی ہو اللہ تعالیٰ اُن سے اَے اللہ

بِحُرْمَتِ شَمْسِ الْفَلَکِ وَالْمِلَّۃِ وَالدِّیْنِ حَضْرَتْ

بہ طفیل آفتاب آسمان کے اور مذہب اور دین کے حضرت

شَیْخ شَمْسِ الدِّیْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ
اِلٰھِی بِحُرْمَۃِ شَیْخُ الْمَشَآئِخِ قُطْبُ الْاَقْطَابِ فَرْدِ
الْاَحْبَابِ زُبْدَۃِ الْعَارِفِیْنَ قُدْوَۃِ السَّالِکِیْنَ مُسْتَغْرِقِ بِحَارِ
الْمَعْرِفَۃِ وَالْیَقِیْنِ حَضْرَتْ خَواجَہ مُحَمَّدْ دِیْن رَضِیَ
اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِی بِحُرْمَۃِ شَیْخُ الْمَشَآئِخِ رَئِیْسِ
الْمُجَاھِدِیْنَ سَنَدِ السَّالِکِیْنَ بُرْھَانِ الصِّدْقِ وَالْیَقِیْنِ حَضْرَت
خَواجَہ مُحَمَّدْ ضِیَاءُ الدِّیْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِی بِحُرْمَۃِ
شَیْخِ الْمَشَآئِخِ شَیْخِ الْاِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِیْنَ عَارِفِ اَسْرَارِ الشَّرِیْعَۃِ وَ
الطَّرِیْقَۃِ وَالْحَقِیْقَۃِ سَیِّدِنَا الشَّیْخ خَواجَہ مُحَمَّدْ قَمَرِ الدِّیْن رَضِیَ اللّٰہُ
تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِی بِحُرْمَۃِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ اَمِیْرِ الصَّابِرِیْنَ وَالصَّائِمِیْنَ مُحِبِّ
الْغُرَبَاءِ وَالْمَسَاکِیْنِ الْحَرِیْصِ الْغَرِیْقِ فِیْ حُبِّ اللّٰہِ حَضْرَتْ خَواجَہ پِیْر اَمِیْر شَاہ رَضِیَ اللّٰہُ
تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰھِی بِحُرْمَۃِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ الْمُجَاھِدِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ مُحِبِّ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ
زُبْدَۃِ السَّالِکِیْنَ حَضْرَتْ خَواجَہ الْحَافِظ پِیْر مُحَمَّدْ شَاہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مختصر سوانح حیات مشائخِ چشت اہلِ بہشت

خواجہ خواجگان شیخ المشائخ حضرت خواجہ سید معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلۂ طریقت سولہ واسطوں سے حبیب رب العالمین رحمۃ للعالمین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے مل جاتا ہے۔ ان کے بعد امیر المومنین امام الاولیا حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم (سالِ وفات ۴۰ھ) سے ہوتا ہوا حضرت خواجہ خواجگان کے پیرو مرشد حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ تک اس طرح پہنچتا ہے:-

نمبر	نام	سال وصال ہجری
۲۔	نائب علی المرتضیٰ حضرت خواجہ ابو محمد حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ	۱۱
۳۔	سید الکاملین حضرت خواجہ عبد الواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ	۱۷۷
۴۔	قدوۃ الاولیا حضرت خواجہ فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ	۱۸۷
۵۔	سلطان الاولیا حضرت خواجہ ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ	۲۶۵
۶۔	برہان الکاملین حضرت خواجہ سدید الدین حذیفہ مرعشی رحمۃ اللہ علیہ	۲۷۶
۷۔	افتخار الابرار حضرت خواجہ امین الدین ابو ہبیرہ البصری رحمۃ اللہ علیہ	۲۸۷
۸۔	زبدۃ السالکین حضرت خواجہ ممشاد علو الدینوری رحمۃ اللہ علیہ	۲۹۸
۹۔	منہاج العارفین سر سلسلہ چشتیہ حضرت خواجہ ابو اسحاق شامی رحمۃ اللہ علیہ	۳۲۹
۱۰۔	قدوۃ الابرار حضرت خواجہ قدوۃ الدین ابو احمد ابدال چشتی رحمۃ اللہ علیہ	۳۵۵
۱۱۔	سراج السالکین حضرت خواجہ ناصح الدین ابو محمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ	۴۱۱
۱۲۔	شیخ المشائخ حضرت ناصر الحق والدین حضرت ابو یوسف چشتی رحمۃ اللہ علیہ	۴۵۹
۱۳۔	زبدۃ الاصفیا حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی رحمۃ اللہ علیہ	۵۲۷
۱۴۔	سلطان الکاملین حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی رحمۃ اللہ علیہ	۶۱۲
۱۵۔	قدوۃ الاولیا حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ	۶۱۷

حضرت خواجہ عثمان ہرونی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ تھے جن سے شمس العارفین حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ ستر ہ واسطوں سے مل جاتا ہے۔ حضرت خواجہ خواجگان سے حضرت شمس العارفین تک مشائخ چشت اہل بہشت کے مختصر حالات درج ذیل ہیں۔

۱۔ خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ

والد ماجد کا اسم گرامی غیاث الدین۔ ۵۳۷ھ میں ایران کے علاقہ سیستان میں پیدا ہوئے۔ سلسلہ نسب گیارہ واسطوں سے سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ پندرہ سال کے تھے کہ والد ماجد نے انتقال فرمایا۔

بخارا تشریف لے گئے جہاں آپ نے حفظِ قرآن اور علوم ظاہری کی تعلیم حاصل کی۔ تعلیم سے فراغت کے بعد عراق تشریف لے گئے جہاں حضرت خواجہ عثمان ہرونی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہوئے۔ بیس سال مرشد کامل کی خدمت میں رہے۔ پھر مدینہ شریف حاضر ہوئے جہاں ایک روز روضۂ اطہر سے آواز آئی کہ ہندوستان کی ولایت تمہارے سپرد ہے اجمیر جاؤ اور وہاں اپنا مسکن بناؤ۔ چنانچہ ۱۰ محرم الحرام ۵۶۱ھ کو اجمیر میں رونق افروز ہوئے۔

آپ کا وصال سلطان التمش کے دور میں ۶ رجب ۶۳۳ھ کو ہوا۔ عمر مبارک ۹۷ برس تھی۔ جس روز وصال ہوا اُس شب اکثر اہل اللہ نے خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع اصحاب تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں: خدا کا دوست معین الدین دُنیا سے آتا ہے اس کا استقبال ضروری ہے۔

۲۔ قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ

۵۸۲ھ میں ماوراء النہر کے ایک قصبہ اوش میں پیدا ہوئے۔ ڈیڑھ سال کے تھے کہ والد ماجد سید کمال الدین نے انتقال فرمایا۔ پانچ سال کے ہوتے تو والدہ ماجدہ نے ایک ہمسایہ کے ساتھ بھیجا کہ معلم کے

حوالے کر آئے۔

علومِ ظاہری کی تحصیل کے بعد حضرت خواجہ خواجگان معین الدین چشتی سے بیعت ہوئے۔ اور سترہ سال کی عمر میں خرقہ اجازت حاصل کیا۔ ہر شب سو رکعت نفل کے علاوہ تین ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنا آپ کا معمولِ مبارک تھا۔

ایک مرتبہ کسی شخص سے یہ شعر سُنا ؎

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را | ہر زماں از غیب جانے دیگر است

یہ سُن کر چار روز تک اسی حالت میں رہے اور پانچویں روز ۱۴۔ ربیع الاول ۶۳۵ھ کو وصال فرمایا مزارِ مبارک دہلی میں زیارت گاہِ خلائق ہے۔

۳۔ شیخ شیوخ العالم حضرت خواجہ فریدُالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

والدِ ماجد کا اسمِ گرامی شیخ جمال الدین ۵۶۹ھ میں کھتوال (موجودہ نام کوٹھے وال) ضلع ملتان میں پیدا ہوئے آپ کا سلسلہ نسب امیرالمومنین حضرت فاروقِ اعظم سے ملتا ہے۔ آپ کے دادا قاضی شعیب ہلاکو کے زمانہ میں اپنے وطن مالوف کابل کو چھوڑ کر لاہور تشریف لائے۔ دہلی میں بادشاہ کو خبر ہوئی تو اس نے منصب پیش کیا مگر آپ نے منظور نہ فرمایا اور ملتان تشریف لے گئے۔ علومِ ظاہری کی تحصیل آپ نے ملتان میں قاضی منہاج الدین کی مسجد میں فرمائی اور وہیں قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی بیعت کی۔ آپ کے دادا پیر خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی نے بھی آپ کی بہت تعریف کی ہے۔ ایک مرتبہ قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی سے فرمایا کہ قطب الدین، تم نے ایک بڑے شہباز کو مقید کیا ہے۔

آپ کا وصال ۵۔ محرم الحرام ۶۶۴ھ کو پاک پتن شریف میں ہوا۔ اس وقت عمر شریف ۹۵ سال تھی۔

۴۔ سُلطانُ المشائخ حضرت خواجہ نظامُ الدین اَولیا رحمۃ اللہ علیہ

۶۳۶ھ میں بدایوں میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد خواجہ احمد بن علی بخارا سے ہندوستان تشریف لائے۔ سادات حسینی سے ہیں۔ پانچ سال کے تھے کہ والد ماجد کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ والدہ ماجدہ نے جو اپنے وقت کی صالحہ اور باخدا خاتون تھی اس دُرِّ یتیم کی پرورش اور دینی و اخلاقی تربیت کا مادرانہ محبت اور پدرانہ شفقت کے ساتھ اہتمام کیا۔ کتابیں پڑھنے کے قابل ہوئے تو مولانا علاؤالدین اصولی کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا۔ قدوری ختم کی تو مولانا اصولی نے دستارِ فضیلت باندھی۔ سولہ سال کی عمر میں دہلی آ گئے اور مولانا شمس الدین خوارزمی کے حلقۂ درس میں شامل ہوئے۔ علامہ کمال الدین زاہد سے مشارق الانوار کا درس لیا اور حدیث کی اجازت حاصل کی تحصیل علم سے فراغت کے بعد آپ نے دربارِ شاہی میں ملازمت کے لئے درخواست دی خیال تھا کہ بدایوں کے قاضی مقرر ہو جائیں گے ان دنوں دہلی میں حضرت شیخ نجیب الدین متوکل کی بزرگی کا چرچا تھا آپ ان کی خدمت میں دُعا کی غرض سے حاضر ہوئے حضرت شیخ نے آپ کو دیکھتے ہی فرمایا "نظام! قاضی مشو چیزے دیگر شو"۔ پھر شیخ نے فرمایا کہ پاک پتن میں شیخ شیوخ عالم حضرت خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوں حضرت پاک پتن تشریف لے گئے۔ شیخ شیوخ عالم نے آپ کو دیکھتے ہی یہ شعر پڑھا ؎

اے آتش فراقت دلہا کباب کردہ — سیلابِ اشتیاقت جانہا خراب کردہ

اس حاضری میں حضرت محبوب الٰہی شیخ کبیر سے بیعت ہو گئے عمر مبارک اس وقت بیس سال تھی۔ ٦٥٩ھ میں حضرت شیخ کبیر نے سندِ خلافت عطا فرمائی اور دہلی کی ولایت پر مامور فرمایا۔ دہلی میں حضرت نے بیعتِ عام کا دروازہ کھول دیا۔ لوگ جوق در جوق حاضر ہوتے اور گناہوں سے تائب ہو کر حلقۂ ارادت میں شامل ہو جاتے۔

تاریخ فیروز شاہی میں ہے کہ حضرت کی برکت سے عوام کا رُجحان دینداری کی طرف بہت ہو گیا تھا حضرت کے اکثر مرید و متعلق ایامِ بیض چوتھائی رات تمام سال قیام اللیل میں گزارتے۔ عام لوگوں کی زبان پر بھی شراب و شاہد، فسق و فجور، قمار بازی اور فحش حرکات کا ذکر نہ آتا تھا۔ دوکانداروں میں جھوٹ، کم تولنا،

مکاری و دغا، دھوکا دہی اور ناواقفوں کا روپیہ مار لینا سب قطعی ختم ہو گئے تھے۔ حضرت نے سلطانی دربار سے منسلک اُمراء، دُوسرے ملازمین کی تربیت پر خصوصی توجہ دی۔ یہ لوگ حضرت کی توجہ سے چاشت، اشراق کی نمازیں ادا کرتے تھے اور ایامِ بیض اور عشرۂ ذی الحجہ کے روزے رکھتے تھے۔ حضرت محبوبِ الٰہی اتباعِ سُنّت کا بہت خیال رکھتے تھے اور اس کی تلقین فرماتے تھے۔ وصال سے چند روز قبل خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں نظام! تم سے ملنے کا بڑا اشتیاق ہے۔ اس خواب کے بعد سفرِ آخرت کے لئے بے چین رہنے لگے۔

حضرت کا وصال چہار شنبہ ۱۸ ربیع الثانی ۷۲۵ھ کو ہوا۔ مزار مُبارک دہلی میں ہے۔ روضہ مُبارک کی عمارت سُلطان محمد بن تغلق نے بنوائی۔

۵۔ نصیر الکاملین حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ نصیر الدین محمود ۶۷۵ھ میں اودھ میں پیدا ہُوئے۔ شجرۂ نسب حضرت فاروقِ اعظم سے ملتا ہے۔ آپ کے دادا شیخ عبد اللطیف بخارا سے لاہور آئے جہاں آپ کے والد ماجد شیخ یحییٰ متولد ہُوئے۔ جنہوں نے جوان ہو کر اودھ میں سکونت اختیار کی۔

نو برس کے تھے کہ والد ماجد شیخ یحییٰ فوت ہو گئے۔ والدہ نے علم ظاہری کے لئے مولانا عبد الکریم شیروانی کے سپرد کیا جن سے آپ نے ہدایہ اور بزدوی تک کتابیں پڑھیں۔ ان کے انتقال کے بعد مولانا افتخار الدین گیلانی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور علوم کی تکمیل کی۔ تحصیل علوم کے بعد مجاہدات و ریاضات میں مشغول ہُوئے اور پندرہ سال اہل اللہ کی خدمت میں حاضر رہے۔ چالیس برس کی عُمر میں حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر مُرید ہُوئے۔ حضرت نے خلافت سے نوازا اور چراغ دہلی کا خطاب دیا۔

وصال فیروز شاہ کے عہد میں جمعہ ۱۸ رمضان شریف ۷۵۷ ہجری کو ہوا۔ اُس وقت عُمر مُبارک ۸۲ سال تھی۔ مزار اقدس پُرانی دہلی میں زیارت گاہِ خلائق ہے۔

۸۔ حضرت شیخ المشائخ خواجہ کمال الدین علامہ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی کے خواہر زادہ تھے۔ والدِ ماجد کا اسمِ گرامی شیخ عبد الرحمٰن تھا سلسلۂ نسب حضرت فاروقِ اعظم سے ملتا ہے۔ علمِ حدیث، فقہ، تفسیر اور اصول میں یگانۂ روزگار تھے۔ اس لئے علامہ آپ کا خطاب تھا۔ آپ کے شاگردوں میں حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت، مولانا احمد تھانیسری، مولانا عالم سنگریزہ ملتان اور مولانا عالم پانی پتی جیسے بزرگ شامل ہیں۔

شرفِ بیعت حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل تھا خلافت حضرت چراغ دہلوی نے عطا فرمائی حصولِ خرقۂ خلافت کے بعد احمد آباد گجرات چلے گئے۔ جہاں آپ کو قبولِ عظیم حاصل ہوا اور بے شمار خلقت حلقۂ ارادت میں داخل ہوئی۔

آخر عمر میں دہلی تشریف لے آئے۔ آپ کا وصال ۲۷۔ ذی قعدہ ۷۵۶ھ کو ہوا مزار مبارک حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی کے روضۂ اقدس کے قریب ہے۔

۹۔ سراج السالکین حضرت خواجہ سراج الدین رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ کمال الدین علامہ کے تیسرے صاحبزادے تھے چار سال کی عمر میں حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی کے مرید ہوئے۔ علوم ظاہری اور باطنی اپنے والدِ ماجد سے حاصل کئے آپ صاحب دیوان شاعر تھے۔ آپ کا یہ شعر بہت مشہور ہے ۔

بار دیگر ہم ہمی گوید سراج   قبلۂ ما نیست الّا روئے دوست

ثمرالاولیاء میں ہے کہ آپ حضرت چراغ دہلی کے مرید و خلیفہ تھے اور والد بزرگوار حضرت خواجہ کمال الدین علامہ سے بھی آپ کو خلافت ملی تھی۔

آپ کا وصال پنجشنبہ یکم جمادی الاوّل ۸۱۴ھ بوقت عشاء ہوا۔ مزار مبارک قلعہ پیراں پٹن نہروالا میں محلہ برکات پورہ احمد آباد گجرات میں زیارت گاہ خلق ہے۔

۸۔ قطب العالم حضرت خواجہ علم الدین علم الحق رحمۃ اللہ علیہ

سراج السالکین حضرت خواجہ سراج الدین رحمۃ اللہ علیہ کے دوسرے صاحبزادے تھے۔ والد محترم کے مرید و خلیفہ تھے۔ انہی سے علوم ظاہری اور باطنی حاصل کیے۔ حضرت خواجہ سید محمد گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ سے بھی ارادت و اجازت حاصل تھی۔ نہایت درجہ مرتاض، متبع سنت اور صاحب کشف و کرامت تھے۔ جو زبان مبارک سے ارشاد فرماتے وہی ہوتا۔ سماع سے خصوصی شغف رکھتے تھے۔ آپ کے چھوٹے بھائی خواجہ مجد الدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قطب العالم حضرت خواجہ علم الدین مادر زاد ولی تھے۔ ہمیشہ ذکر الٰہی میں مشغول رہتے۔

چہار شنبہ ۲۰ صفر سنہ ۹۰۱ھ کو وصال فرمایا۔ پیراں پٹن (احمد آباد، گجرات) میں اپنے والد ماجد کے روضہ شریف کے اندر مدفون ہیں۔ آں جناب کے بے شمار مرید و خلفاء تھے لیکن سلسلہ آپ کے فرزند ارجمند حضرت خواجہ محمود راجن سے جاری ہوا۔

۹۔ محبوب حبیب حضرت خواجہ محمود عرف راجن رحمۃ اللہ علیہ

آپ نے اپنے والد بزرگوار حضرت خواجہ علم الدین علم الحق رحمۃ اللہ علیہ سے خرقۂ ارادت حاصل کیا اور اُن کے وصال کے بعد جانشین ہوئے۔ ریاضت و کرامت میں اپنا ثانی نہ رکھتے تھے۔ سلسلۂ سہروردیہ اور شطاریہ میں حضرت شیخ قاذن رحمۃ اللہ علیہ سے اجازت حاصل تھی نیز ایک خرقۂ خلافت چشتیہ شیخ الشیوخ مرید و خلیفہ حضرت خواجہ سید محمد گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ سے بھی حاصل تھا۔

آپ کا وصال جمعہ ۲۲۔ صفر سنہ ۹۳۲ھ کو ہوا۔ مزار مبارک پیراں پٹن میں ہے۔

آپ کے مریدین و خلفاء کی تعداد بے شمار ہے لیکن سلسلہ فرزند ارجمند حضرت خواجہ جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ سے جاری ہوا۔

۱۰۔ جمال الابرار حضرت خواجہ جمال الدین عرف جمن رحمۃ اللہ علیہ

آپ اپنے والدِ ماجد حضرت خواجہ محمود راجن رحمۃ اللہ علیہ کے مُرید و خلیفہ تھے۔ علومِ ظاہری اور باطنی انہیں سے حاصل کئے۔ مراۃ السالکین میں ہے کہ آپ صاحبِ معرفت، اہلِ شریعت اور عالمِ متبحر تھے ہمیشہ ذکرِ الٰہی میں مشغول رہتے تھے۔ حضرت شیخ احمد کھٹو رحمۃ اللہ علیہ نے بھی آپ کو خاندانِ مغربیہ کی خلافت و اجازت سے نوازا تھا۔

۹۔ ربیع الاول ۹۴۰ھ میں کفار چاپانیر نے حملہ کرکے آپ کو شہید کر دیا۔

ع شہیدِ خنجرِ تسلیم عُرفِ جا و داں دارد "سے مادۂ تاریخ برآمد ہوتا ہے۔ مزار شریف احمد آباد گجرات کے محلّہ شاہ پور میں دریائے سابر کے کنارے زیارت گاہِ خلائق ہے۔

۱۱۔ قدوۃ الاولیاء حضرت خواجہ ابو صالح حسن محمد رحمۃ اللہ علیہ

۹۲۳ھ میں احمد آباد گجرات میں پیدا ہوئے۔ والدِ ماجد کا اسم گرامی شیخ احمد عرف میاں جیو تھا حضرت خواجہ کمال الدین علامہ کی اولاد امجاد سے تھے۔ مراۃ السالکین میں ہے کہ آپ مادر زاد ولی تھے اور آپ نے اپنے والدِ ماجد کی زندگی ہی میں شہرتِ علمی حاصل کر رکھی تھی۔

بارہ برس کی عمر میں حضرت خواجہ جمال الدین جمن کے مُرید ہوئے۔ اور اٹھارہ برس کی عمر میں علومِ ظاہری و باطنی کی تکمیل کرکے ان کے خلیفہ بنے۔ آپ کو سلسلہ چشتیہ میں اپنے والدِ ماجد کی طرف سے خلافت حاصل ہوئی۔ علاوہ ازیں مختلف بزرگانِ سلاسل سے قادریہ، گازرونیہ، نوربخشیہ، بحرانیہ، فردوسیہ اور کبرویہ وغیرہ سلسلوں میں بھی خلافت و اجازت حاصل ہوئی۔

آپ کی دیگر تصانیف کے علاوہ حاشیہ تفسیر بیضاوی، حاشیہ قوت القلوب، حاشیہ بر شرح مطالعہ، حاشیہ نزہت الارواح وغیرہ معروف ہیں۔

آپ نے ۹۵ برس کی عمر میں اکتالیس سال مسندِ ارشاد پر فائز رہنے کے بعد ۲۰ ذی قعدہ ۹۸۲ھ
میں وصال فرمایا۔ مزار پُرانوار احمد آباد گجرات کے علاقہ شاہ پور میں ہے۔ آپ کا سلسلہ آپ کے فرزند حضرت
خواجہ محمد سے جاری ہوا۔

۱۲۔ قدوۃ السالکین حضرت خواجہ شمس الدین محمد حامد رحمۃ اللہ علیہ

نام نامی شمس الدین اور لقب محمد ہے۔ ۹۶۸ھ کو احمد آباد گجرات میں پیدا ہوئے۔ علوم ظاہری
و باطنی کی تکمیل کے بعد اپنے والد ماجد حضرت خواجہ حسن محمد رحمۃ اللہ علیہ سے خرقۂ فقر و ارادت حاصل کیا اور
ان کے وصال کے بعد سجادہ نشین ہوئے۔ والد ماجد سے قادریہ، سہروردیہ، نقشبندیہ سلسلوں میں بھی خلافت
ملی تھی۔ نیز حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی سے فیض روحی حاصل تھا۔ آپ کے چار صاحبزادے شیخ
عزیز اللہ، شیخ سراج الدین، شیخ حسن محمد اور شیخ محمود تھے لیکن سلسلہ خاندان چشتیہ نظامیہ میں آپ
کا سلسلہ آپ کے پوتے حضرت خواجہ یحییٰ مدنی سے جاری ہوا۔

۲۹ ربیع الاول ۱۰۵۳ھ میں ۸۵ سال کی عمر میں وصال فرمایا۔ مزار مقدس احمد آباد گجرات میں
حضرت خواجہ حسن محمد رحمۃ اللہ علیہ کے روضۂ انور کے قریب ہے۔

۱۳۔ امام الاتقیاء حضرت خواجہ ابو یوسف محی الدین یحییٰ مدنی رحمۃ اللہ علیہ

نام نامی محی الدین، لقب یحییٰ مدنی اور کنیت ابو یوسف ہے۔ والد ماجد کا اسم گرامی شیخ محمود
بن حسن تھا جو حضرت خواجہ کمال الدین علامہ کی اولاد سے تھے۔ آپ کی ولادت باسعادت ۲۰ رمضان
المبارک بروز پنج شنبہ ۱۰۰۰ھ کو احمد آباد گجرات میں ہوئی۔ بیس سال کی عمر میں علوم ظاہری و باطنی میں
کمال حاصل کر لیا۔ تکمیل علوم کے بعد اپنے دادا حضرت خواجہ شمس الدین محمد حامد رحمۃ اللہ علیہ سے خرقۂ

فقر وارادت حاصل کیا اور اُن کے وصال کے بعد سجادۂ مشیخت پر جلوہ افروز ہوئے۔ آخر عمر میں آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رُوحانی اشارے پر مدینہ منورہ ہجرت فرمائی اور وہیں سکونت پذیر ہوئے۔ اس لئے آپ کو مدنی کہتے ہیں۔ نہایت درجہ صاحب ریاضت وکرامت تھے۔ ہر وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہتے۔ آپ کے بے شمار خلفاء تھے لیکن سلسلہ حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی سے جاری ہوا۔

چودہ سال مدینہ طیبہ میں رہنے کے بعد ۹۰ برس کی عمر میں ۸ ۲ صفر ۱۱۰۱ھ میں وصال فرمایا اور جنت البقیع میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے قبۂ مبارک میں دفن ہوئے۔

---

۱۴ حضرت شاہ کلیم اللہ شاہجہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ

والد ماجد کا اسم گرامی نور اللہ بن شیخ احمد تھا حضرت ابوبکر صدیق کی اولاد سے تھے۔ حضرت شاہ صاحب کے اسلاف کا پیشہ معماری تھا۔ تاج محل آگرہ، لال قلعہ دہلی، جامع مسجد دہلی اور محل نواب آصف خان لاہور آپ ہی کے بزرگوں کے تعمیری شاہکار ہیں۔

حضرت شاہ صاحب ۲۴ جمادی الثانی ۱۰۶۰ھ مطابق ۱۶۵۰ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کی تعلیم وتربیت بہت اعلیٰ پیمانے پر ہوئی۔ شیخ برہان الدین المعروف بہ شیخ بہلول اور شیخ ابوالرضا الہندی (حضرت شاہ ولی اللہ کے تایا) سے علوم ظاہری کی تکمیل کی۔

شاہ صاحب کچھ عرصہ حجاز میں مقیم رہے۔ شیخ یحییٰ مدنی نے خرقۂ خلافت سے نوازا اور ظاہری و باطنی نعمت سے سرفراز کیا۔ اور حکم دیا کہ دہلی جاکر خلق کی خدمت وہدایت کا فریضہ انجام دیں۔ شاہ صاحب نے دہلی آکر بازار خانم میں رہائش اختیار کی اور سلسلہ درس وتدریس شروع کیا۔ بہت جلد اُن کی شہرت پورے ملک میں پھیل گئی اور طلباء دُور دُور سے آکر تحصیل علم کے لئے حاضر ہونے لگے۔

شاہ صاحب کی متعدد تصانیف میں مندرجہ ذیل کتابیں اب بھی دستیاب ہوجاتی ہیں:۔

۱۔ قرآن القرآن (۲) عشرہ کاملہ (۳) سواء السبیل (۴) کشکول (۵) مرقع (۶) تسنیم (۷) الہامات کلیمی۔ (۸) رسالہ تشریح الافلاک حاملی محشی بالفارسیۃ (۹) شرح القانون۔

بعض کتابوں میں ان کی تصنیف "ردِّ روافض" کا ذکر بھی ملتا ہے جو آج کل دستیاب نہیں۔
مرزا غالب کے ایک خط سے (جو اُردوئے معلیٰ حصہ اوّل میں ہے) معلوم ہوتا ہے کہ شاہ صاحب شعر بھی کہتے تھے اور اُن کا کلام غدر کے ہنگاموں میں تلف ہو گیا۔
شاہ صاحب نے ۲۴۔ربیع الاوّل ۱۱۴۲ھ مطابق ۱۷۔اکتوبر ۱۷۲۹ء کو وصال فرمایا انتقال کے وقت یہ شعر زبان پر تھا۔

غبارِ خاطرِ عشاق مدعا طلبی است
بخلوتے کہ ہم یادِ دوست بے ادبی است

۱۵۔ حضرت شاہ نظام الدین اورنگ آبادی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۶۰ھ میں کاکوری میں پیدا ہوئے۔ حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی کے عزیز ترین مرید اور خلیفہ تھے۔ سلسلۂ نسب حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کے واسطے سے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق تک پہنچتا ہے۔ شاہ صاحب حضرت نظام الدین سے نہایت پیار و محبت فرماتے اور ان کی ظاہری تعلیم و تربیت کی ذمہ داری قبول فرمائی۔ عرصہ تک حضرت نظام الدین، حضرت شاہ صاحب کی خدمت بابرکت میں رہ کر علومِ ظاہری حاصل کرتے رہے۔ ایک روز شاہ صاحب مجلس سے اُٹھے اور فرش کے کنارے تک پہنچے تو حضرت نظام الدین نے بڑھ کر فوراً جوتے اُٹھائے اور صاف کر کے رکھ دیئے۔ شاہ صاحب کو یہ ادا پسند آئی اور انتہائی محبت سے فرمایا۔ نظام الدین! تو ہمارے پاس علومِ ظاہری حاصل کرنے آیا ہے یا فوائدِ باطنی۔ جو بہرحال زیادہ بہتر اور اچھے ہیں۔
حضرت نظام الدین نے بے ساختہ عرض کیا۔

سپردم بتو مایۂ خویش را
تو دانی حساب کم و بیش را

یہ شعر سنتے ہی شاہ صاحب کو اپنے پیر و مرشد حضرت یحییٰ مدنی کی پیش گوئی یاد آگئی۔ انہوں نے حجاز

سے روانگی کے وقت ارشاد فرمایا تھا کہ ایک شخص ایسے موقع پر یہ شعر پڑھے گا اور وہ ہماری نسبت کا مالک ہوگا۔ اس سے چشتیہ نظامیہ سلسلے کو بے حد ترقی ہوگی۔ فرمایا۔ آمدآں یارے کہ ما می خواستم اور اسی وقت بیعت فرما لیا۔ حضرت کی تصنیف نظام القلوب بہت مشہور ہے جس میں اشغال و اذکار کا تفصیلی ذکر ہے۔

حضرت نظام الدین اورنگ آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۲۔ ذی قعدہ ۱۱۴۲ھ کو اورنگ آباد میں وصال فرمایا۔

۱۶۔ محب النبی حضرت شاہ فخر الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

سنہ ۱۱۲۶ھ کی بات ہے اورنگ آباد دکن میں حضرت شاہ نظام الدین کے ہاں ایک فرزند ارجمند کی ولادت ہوئی۔ حضرت نے فوراً دہلی میں اپنے پیر و مرشد حضرت شاہ کلیم اللہ دہلوی کو اطلاع بھجوائی۔ وہ اس خبر سے بے حد مسرور ہوئے اور جواباً کہلا بھیجا کہ نظام الدین تمہارا یہ بیٹا نہایت فرخندہ فال اور خوش اقبال ہے۔ میں تمہیں اس بچے کے شاندار مستقبل کی بشارت دیتا ہوں۔ وقت آئے گا کہ یہ بچہ شاہجہان آباد (دہلی) میں ہدایت و ارشاد کی شمع روشن کرے گا جس سے مخلوق کے سینے منور ہوں گے اور تصوف و طریقت کے میخانے میں پھر سے بہار آجائے گی۔ یہ بچہ دین حنیف کے لئے باعث فخر و صد افتخار ہوگا۔ تم اس بچے کا نام "فخر الدین" رکھو۔

سلسلہ نسب

حضرت شاہ فخر الدین والد ماجد کی جانب سے صدیقی تھے اور والدہ ماجدہ کی طرف سے سید۔ ان کی والدہ ماجدہ محترمہ سیدہ بیگم حضرت خواجہ سید محمد گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان سے تھیں۔

حضرت شاہ فخر الدین کا لقب "محب النبی" تھا۔ اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ انہوں نے خواب میں حضرت خواجہ خواجگان سید معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کو اس لقب سے مخاطب فرماتے ہوئے سنا تھا۔

تعلیم و تربیت

حضرت شاہ نظام الدین اورنگ آبادی نے اپنے ہونہار صاحبزادہ کی تعلیم و تربیت کا انتظام نہایت اعلیٰ پیمانہ پر کیا ان کے پیرو مرشد حضرت شاہ کلیم اللہ بچے کے شاندار مستقبل کی بشارت دے چکے تھے پیرو مرشد ہی کے ایما پر انھوں نے وقت کے مشہور اور قابل ترین علما سے اُن کی تعلیم کی تکمیل کرائی۔

حضرت شاہ فخر الدین صاحب نے فصوص الحکم، صدرا، شمس بازغہ وغیرہ کتابیں میاں محمد جان سے پڑھیں اور ہدایہ مولانا عبد الحکیم سے پڑھا شاہ صاحب نے بعض کتابیں اپنے والد ماجد سے پڑھیں، جن میں شرح وقایہ، مشارق الانوار، نفحات الانس وغیرہ شامل ہیں۔ حدیث کی سند انھوں نے دکن کے مشہور محدث مولانا حافظ اسعد الانصاری المکی سے حاصل کی۔ درسی کتابوں کے علاوہ شاہ صاحب نے دیگر علوم و فنون سے بھی واقفیت حاصل کی، طب اور تیر اندازی کے متعلق کتابیں پڑھیں اور فنون سپہ گری میں مہارت حاصل کی۔

بیعت و خلافت

حضرت شاہ نظام الدین بیٹے کی اصلاح باطن کے لیے خصوصی توجہ فرماتے تھے بچپن ہی میں انھیں مرید کر لیا تھا جب نظام الدین کا وقت آخر آیا تو اپنے داماد قاضی کریم الدین خان کو حکم دیا کہ مولانا فخر الدین کو بلاؤ۔ وہ آئے تو حضرت شاہ نظام الدین نے انھیں اپنے سینے سے چمٹا لیا۔ اور اپنی تمام باطنی نعمتیں ان کے سینے میں منتقل کر دیں۔ اس کے بعد اُن کی روح پر فتوح عالم فانی سے عالم باقی کی طرف پرواز کر گئی۔

حضرت شاہ فخر الدین کی عمر اس وقت سولہ سال تھی انھوں نے اپنے علوم کی تکمیل ابھی نہیں کی تھی۔ والد ماجد کے وصال کے تین سال بعد تک انھوں نے سلسلہ تعلیم جاری رکھا اور علوم کی تکمیل کی۔

دہلی میں ورودِ مسعود

آخر ۱۱۶۰ھ میں اپنے دو خادموں قاسم حبشی اور محمد حیات کے ساتھ پاپیادہ دہلی کی طرف چل پڑے۔ دہلی میں ایک بڑھیا نے آپ کو اپنے ہاں ٹھہرایا۔ بڑھیا کے مکان کے قریب ایک بت خانہ تھا۔ شاہ

صاحب کے قیام سے بُت خانہ کی رونق ختم ہوگئی اور ہندو آپ کی عقیدت کا دم بھرنے لگے۔ یہاں سے آپ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ اقدس پر حاضر ہوئے اور درگاہ شریف کی مسجد میں معتکف ہوگئے۔ بزرگانِ سلسلہ کے مزارات پر حاضری دیتے ہوئے آپ حضرت شاہ کلیم اللہ کے مزار پر پہنچے۔ حضرت شاہ کلیم اللہ کے فرزند نہایت محبت اور خلوص سے پیش آئے اور تین روز تک آپ کو مہمان ٹھہرایا۔ اس کے بعد آپ نے کٹرہ چھیل میں ایک حویلی کرایہ پر لے لی اور درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔

حضرت شاہ فخر الدین جیسا باکمال اور صاحبِ عرفان وحال درویش دہلی میں غیر معروف اور گمنام کیسے رہ سکتا تھا۔ دیکھتے ہی دیکھتے حویلی میں خلقت کا ہجوم بڑھنے لگا اور بیعت و توبہ کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ یہیں کٹرہ چھیل میں شہبازِ لامکان قبلۂ عالم حضرت خواجہ نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ آپ کے حلقۂ مریدین میں داخل ہوئے۔

تصانیف

شاہ صاحب نے تین کتابیں تصنیف فرمائیں جن کے نام یہ ہیں:-

۱۔ نظام العقائد (اسلام کے بنیادی عقائد پر عالمانہ بحث)
۲۔ رسالہ مرجیہ (حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کی مشہور کتاب غنیۃ الطالبین کے ایک بیان کی شرح)
۳۔ فخر الحسن (حضرت خواجہ حسن بصری کی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بیعت و خلافت کا علمی و تاریخی ثبوت)

سر سید نے ان کتابوں کے بارے میں اپنی رائے ظاہر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان کا دیکھنا آپ کی مہارتِ علمی پر دلیلِ قاطع اور برہانِ ساطع ہے۔

وصال

شاہ صاحب نے ۷۰ سال کی عمر میں ۲۷۔ جمادی الثانی ۱۱۹۹ھ کو وصال فرمایا۔ وصال سے ایک دن قبل زبانِ مبارک پر مثنوی کا یہ شعر تھا ؎

وقت آں آمد کہ من عریاں شوم چشم بگذارم سراسر جاں شوم

آپ کو حضرت قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ پاک کے قریب سپردِ خاک کیا گیا۔

۱۷۔ حضرت خواجہ نُور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ صاحب مہاروی ۱۴ رمضان المبارک ۱۱۴۲ھ کو چوٹالہ میں پیدا ہوئے۔ یہ جگہ مہار شریف سے چار کوس کے فاصلے پر مشرق کی طرف ہے۔ والد ماجد کا نام ہندال تھا جو کھرل قوم سے تعلق رکھتے تھے سلسلہ نسب نوشیرواں عادل سے جا ملتا ہے۔

ڈیرہ غازی خان میں کچھ عرصہ قیام کرنے کے بعد خواجہ صاحب لاہور آئے۔ وہاں سے تکمیل تعلیم کے لیئے دہلی تشریف لے گئے۔ اس زمانے میں وہاں نواب غازی الدین خان کے مدرسے کی بڑی شہرت تھی۔ آپ اس مدرسہ میں داخل ہوگئے اور حافظ برخوردار جی سے کافیہ پڑھنا شروع کیا۔ ابھی آپ قطبی پڑھ رہے تھے کہ حافظ صاحب کو دہلی سے باہر اپنے گھر جانا پڑا جس سے آپ کی تعلیم کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔ اس کے بعد آپ کو شاہ فخر کی خدمت میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی۔ شاہ فخر کے دہلی تشریف لانے کے بعد خواجہ صاحب پہلے شخص تھے جنہوں نے ان کے دست حق پرست پر بیعت کا شرف حاصل کیا۔ خواجہ صاحب جب باطنی علوم کی تکمیل کر چکے تو شاہ صاحب نے فرمایا اے نور محمد خلق را با تو کار خواہد بود۔ یہ سُن کر آپ بڑے حیران ہوئے عرض کیا میں ایک کمترین پنجابی ہوں کس طرح اس اعلیٰ مرتبے کے قابل سمجھا گیا چند روز بعد شاہ صاحب نے خلافت عطا فرما کر انہیں مہار شریف قیام کرنے کا حکم دیا۔ رخصت کرتے وقت یہ پانچ وصیتیں فرمائیں:۔

۱۔ میری وفات کی خبر سُن کر واپس دہلی نہ آنا۔

۲۔ اس ملک میں ہندوستانی لباس نہ پہننا۔

۳۔ کوئی شخص تمہیں تکلیف پہنچائے تو درگزر کرنا۔

۴۔ علماء سادات اور بابا صاحب کی اولاد کی تعظیم کرنا۔

۵۔ ایک امیر تمہارے دامن لطف سے وابستہ ہوگا اس کی نگہداشت کرنا۔

خواجہ صاحب کو اپنے مُرشد کریم سے غایت درجہ عشق تھا۔ ۱۱۹۹ھ میں حضرت شاہ فخر صاحب کا وصال ہوا تو ان پر اس کا بے حد اثر ہوا۔ شاہ صاحب کے وصال کے بعد چھ برس زندہ رہے مگر کسی

طرح طبیعت کبھی بحال اور خوش نہ رہی۔ مرشد کے وصال کے فوراً بعد ان کو کاست بدنی کی شکایت ہو گئی۔ اسی اثنا میں ان کے عزیز مرید اور خلیفہ حضرت نور محمد صاحب نارووالہ نے وصال فرمایا تو یہ صدمہ دوچند ہو گیا۔ آخر ۳۔ ذی الحجہ ۱۲۰۵ھ کو آپ نے وصال فرمایا۔ نواب غازی الدین خان نے تاریخ وفات کہی ہے ؎

حیف واویلا جہاں بے نور گشت

۱ ۲ ۰ ۵ ھ

۱۸۔ حضرت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت تونسوی رحمۃ اللہ علیہ ۱۱۸۴ھ کو گرگوجی پہاڑ میں پیدا ہوئے۔ ابھی بچے ہی تھے کہ والد بزرگوار جناب محمد زکریا عبدالوہاب بن عمر خان رحلت فرما گئے۔ ترکہ میں انہیں تیمی اور غریبی کے سوا کچھ نہ ملا۔ دل میں علم حاصل کرنے کا بڑا شوق تھا۔ بے سروسامانی کے عالم میں پھرتے پھراتے کوٹ مٹھن آ پہنچے۔ وہاں قاضی احمد علی رحمۃ اللہ علیہ کے درس میں شامل ہو گئے۔ اس کے بعد قبلہ عالم نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر مرید ہوئے۔ آپ نے انہیں آداب الطالبین، فقرات عشرہ، لوائح، فصوص الحکم وغیرہ کتابیں پڑھائیں۔ ریاضت و مجاہدات سے باطنی علوم کی تکمیل کرائی۔ اور خلافت عطا فرما کر تونسہ شریف بھیج دیا۔

آپ اہل سنت والجماعت کے ساتھ تعلق رکھنے کو بہت ضروری سمجھتے تھے اور والدین کی خدمت پر بڑا زور دیتے تھے۔ آپ فرمایا کرتے کہ دین و دنیا کی کامیابی کا انحصار رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دین کی متابعت کے بغیر ناممکن ہے۔ حکومت بھی اس وقت مل سکتی ہے جب زندگی کے ہر شعبہ میں اکمل ترین انسان کامل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اتباع ہو۔ اور روح کی کمالیت بھی اسی وقت ممکن ہے جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نقش قدم پر گامزن ہو۔ سلوک و معرفت کی راہیں بغیر اتباع رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طے نہیں کی جا سکتیں۔ اعلاء کلمۃ الحق حضرت کی زندگی کا مشن تھا۔ اسد خان حاکم سنگھر کے بارے میں جب لوگوں نے آپ سے عرض کیا کہ وہ رعایا کے ساتھ

عدل و انصاف سے پیش نہیں آتا تو شاہ صاحب نے اُس کو ڈانٹا اور فرمایا:۔

"اسد خان: ظلم ترک کر دے۔ تیری حکومت میں اگر ہمیں کوئی فائدہ ہے تو حضرت پکار اذان سُننے میں آتی ہے۔ رعایا کے ساتھ عدل و انصاف کا برتاؤ کرو۔ ورنہ میں دیکھتا ہوں کہ تھوڑے دنوں ہی میں سکھوں کی فوج آنے والی ہے۔"

حضرت نے کم و بیش ستر خلفاء کو خرقۂ خلافت عطا فرمایا۔ ان خلفاء میں حاجی نجم الدین صاحب حافظ محمد علی خیر آبادی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ نے سلسلہ کی ترویج و اشاعت میں نمایاں حصہ لیا۔

حضرت کا وصال یکم صفر ۱۲۶۷ھ جمعرات کے دن ہوا۔ تونسہ شریف میں حضرت کا مزار اقدس مرجع خلائق ہے۔

۱۹۔ حضرت قبلہ شمس العارفین خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی ۱۲۱۴ھ میں سیال شریف میں پیدا ہوئے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ پنجاب میں سکھوں کی حکومت تھی اور مسلمانوں پر اُن کا ظلم و ستم روز بروز بڑھتا جا رہا تھا۔ خود خواجہ صاحب کے والد محترم میاں محمد یار صاحب حق گوئی اور حریت پسندی کے باعث سکھوں کے ہاتھوں گرفتار ہوئے اور ہوش رُبا مصائب برداشت کیے۔ آپ نے سات سال کی عمر میں قرآن کریم ختم کر لیا۔ اپنے ملتوں میاں احمد الدین صاحب سے نام حق، اکریا وغیرہ کتب پڑھیں۔ پھر مکھڈ شریف میں تیرہ برس قیام کر کے دینی علم کی تحصیل کی۔ وہاں سے فراغت کے بعد مولوی علی محمد صاحب کے حکم کے مطابق آپ کابل تشریف لے گئے۔ وہاں کے مشہور و متبحر عالم حافظ دراز صاحب سے ہدایہ شریف پڑھا۔ وہاں سے فراغت کے بعد پھر مکھڈ واپس تشریف لائے۔ ان دنوں کسی اہل دل سے حضرت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی کا شہرہ سُنا آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور آپ کی خدمت میں حاضر رہنے لگے۔ ۲۴ سال کی عمر میں حضرت تونسوی نے اُن کو خرقۂ خلافت سے نوازا اور ہدایت فرمائی کہ بیعت کا کام پورے اہتمام سے کرنا۔ اور جو


طالبِ ہدایت آتے اُسے خالی نہ لوٹاتا۔ آپ کا وصال ۲۲ صفر ۱۳۰۰ھ کو ہوا۔

آپ کے متعدد خلفاء تھے جنہوں نے برصغیر پاک و ہند میں اس سلسلے کی خوب اشاعت کی۔ آپ کے خلفاء میں پیر سید حیدر علی شاہ جلال پوری، پیر سید مہر علی شاہ صاحب گولڑوی خاص طور پر بہت مشہور ہیں۔ آپ کے ایک خلیفہ سید محمد شاہ غزنوی نے خراسان کے علاقہ میں اس سلسلے کو بہت پھیلایا۔ آپ کے وصال کے بعد آپ کے صاحبزادہ خواجہ محمد الدین صاحب سیالوی سجادہ نشین ہوئے۔

حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ رحمۃ اللہ علیہ

بھیرہ شریف (ضلع سرگودھا) میں سلسلہ عالیہ نظامیہ کی بنیاد حضرت خواجہ شمس العارفین کے خلیفہ حضرت امیر السالکین پیر امیر شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے رکھی۔ ۱۹۲۵ء میں حضرت پیر محمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ ان کے جانشین ہوئے اور ۱۹۵۷ء میں حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ رحمۃ اللہ علیہ مسند آرائے خلافت ہوئے۔ اپنے والدِ گرامی کے حسنِ تربیت کی بدولت قدیم و جدید اور ظاہری و باطنی علوم کے جامع ہوئے۔ حضرت خواجہ ضیاء الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے اور اُن کے وصال کے بعد حضرت محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ سے تجدیدِ بیعت کے بعد خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ ۱۹۵۷ء میں دارالعلوم محمدیہ غوثیہ کی نشاۃ ثانیہ فرمائی اور روحانی المزاج علماء کی ایک کثیر جماعت تیار فرمائی۔ آپ کے فیضان سے خانقاہی سلسلہ میں علم کی دم توڑتی ہوئی روایت دوبارہ زندہ ہو گئی۔ آپ کی بھرپور کامل اور مکمل شخصیت کی وجہ سے سلسلہ تصوف کو وقار اور اعتماد حاصل ہوا۔ روحانیت میں رضاءِ الٰہی کا ہمہ دم خیال، حُبِ رسول اللہ ﷺ، اخفاءِ حال اور استقامت آپ کا نشانِ امتیاز رہے۔ کشف و کرامت کے اظہار سے ہمیشہ نفور رہے۔ فقرائے زمانہ نے آپ کی غوثیت اور مجددیت کو تسلیم کیا۔ نبی پاک ﷺ کی بارگاہ سے آپ کی قبولیت اور محبوبیت کے شواہد میسر آتے۔ بفضلہٖ تعالیٰ اخلاف، مریدین، تلامذہ، علم، روحانیت، خلوص اور محبت سے معمور تصانیف کی صورت میں آپ کا فیضان اکنافِ عالم میں پھیل رہا ہے۔ (عید قربان) ۱۰ ذوالحج ۱۴۱۹ھ (منگل، بدھ) کی درمیانی رات وصالِ الٰہی سے شاد کام ہوئے۔

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن



مُسَبَّعَاتِ عَشْرْ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سب تعریفیں اللہ کے لیے جو مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے سارے جہانوں کا بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

مالک ہے روزِ جزا کا تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

چلا ہم کو سیدھے راستہ پر راستہ اُن کا جن پر تُو نے انعام

عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ ۷ بار

فرمایا نہ اُن کا جن پر غضب ہوا اور نہ گمراہوں کا (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ

(اے محبوب) تم عرض کیجئے میں پناہ لیتا ہوں سب انسانوں کے پروردگار کی سب انسانوں کے بادشاہ کی سب انسانوں کے



النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ

معبود کی بار بار وسوسہ ڈالنے والے بار بار پسپا ہونے والے کے شر سے جو وسوسہ

یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۚ ۷ بار

ڈالتا رہتا ہے لوگوں کے دلوں میں خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں سے (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ

آپ عرض کیجئے میں پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی ہر اس چیز کے شر سے جس کو اس نے پیدا کیا اور (خصوصاً)

شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ

رات کی تاریکی سے جب وہ چھا جائے اور ان کے شر سے جو پھونکیں مارتی ہیں گرہوں میں

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۚ ۷ بار

اور میں پناہ مانگتا ہوں) حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ

(اے حبیب) فرما دیجئے وہ اللہ ہے یکتا اللہ صمد ہے نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ

يُولَدْ ۝ وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ ۝ ، بار

جنا گیا اور نہ ہی اُس کا کوئی ہمسر ہے (سات بار)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ ۝ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ ۝ وَلَا

آپ فرما دیجئے اے کافرو! میں پرستش نہیں کیا کرتا اُن (بتوں) کی جن کی تم پرستش کرتے ہو اور نہ ہی

أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدتُّمْ ۝

تم عبادت کرنے والے ہو اُس (خدا) کی جس کی میں عبادت کیا کرتا ہوں اور نہ ہی میں کبھی عبادت کرنے والا ہوں جن کی تم

وَلَا أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ ۝ ، بار

پوجا کرتے ہو اور نہ تم اُس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کیا کرتا ہوں تمہارے لئے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین (سات بار)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ۚ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی زندہ ہے سب کو قائم رکھنے والا ہے نہ اس کو اونگھ آتی ہے اور نہ

نَوْمٌ ۚ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَن ذَا الَّذِي

نیند اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے کون ہے جو

يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ

سفارش کر سکے اس کے پاس بغیر اس کی اجازت کے جانتا ہے جو ان سے پہلے ہو چکا اور جو ان کے بعد ہونے والا ہے

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ

اور وہ نہیں گھیر سکتے کسی چیز کو اس کے علم سے مگر جتنا وہ چاہے سما رکھا ہے اس کی کرسی نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ

آسمانوں اور زمین کو اور نہیں تھکاتی اسے ان زمین آسمان کی حفاظت اور وہی ہے سب سے بلند

الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙۗ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ

عظمت والا کوئی زبردستی نہیں ہے دین میں بے شک اب واضح ہو گئی ہے ہدایت گمراہی

الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ

سے تو جو انکار کرے شیطان کا اور ایمان لائے اللہ کے ساتھ تو اس نے

اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ

پکڑ لیا مضبوط حلقہ جو ٹوٹنے والا نہیں اور اللہ تعالیٰ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے اللہ مددگار ہے ایمان والوں کا نکال لے جاتا ہے انہیں اندھیروں سے

اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ

نور کی طرف اور جنہوں نے کفر کیا ان کے ساتھی شیطان ہیں نکال لے جاتے ہیں



مِنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

انہیں نور سے اندھیروں کی طرف یہی لوگ دوزخی ہیں وہ اس میں

خٰلِدُوْنَ ۝ ۷ بار

ہمیشہ رہنے والے ہیں (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

پاک ہے اللہ تعالیٰ ہر عیب سے، سب تعریفیں اللہ کے لیے، نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے اللہ تعالیٰ سب سے بڑے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ (سبع مرات)

نہیں گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کی قوت مگر اللہ کی توفیق سے جو برتر اور عظیم ہے۔ (سات مرتبہ پڑھے)

عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَمِلْاَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ

بشمار اس کے جسے جانتا ہے اللہ تعالیٰ بمقدار اس کے جسے جانتا ہے اللہ تعالیٰ بھری ہوئی اس کے جسے جانتا ہے اللہ تعالیٰ

(ثلثًا) تَبَرَّأْتُ مِنْ حَوْلِيْ وَقُوَّتِيْ وَالْتَجَأْتُ اِلٰى حَوْلِ اللّٰهِ

(تین مرتبہ پڑھے) برأت کا اظہار کرتا ہوں میں اپنی طاقت و قوت سے اور پناہ پکڑتا ہوں اللہ کی طاقت کے ساتھ

وَقُوَّتِهٖ فِيْ جَمِيْعِ اُمُوْرِيْ (مرۃ واحدۃ)

اور اس کی قوت کے ساتھ اپنے تمام کاموں میں (ایک مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ وَ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو تیرے بندے، تیرے نبی، تیرے حبیب اور

رَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ

تیرے رسول ہیں نبی اُمّی ہیں اور آپ کی آل پر، آپ کے اصحاب پر اور برکت دے

وَسَلِّمْ ○ ۷ بار

اور سلام بھیج (سات مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ

اے اللہ بخش دے مجھے اور میرے والدین کو اور رحم فرما اُن پر جس طرح پالا تھا انہوں نے مجھے

صَغِيْرًا وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

جبکہ میں چھوٹا تھا بخش دے اے اللہ تمام مومن مردوں عورتوں کو

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

اور تمام مسلمان مردوں عورتوں کو جو زندہ ہیں ان سے اور جو مردہ ہیں

بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ۝ (سبع مرات)

اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین (سات مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ افْعَلْ بِيْ وَبِهِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِي الدِّيْنِ

اے اللہ اے میرے رب سلوک کر میرے ساتھ اور ان کے ساتھ جلدی اور آہستگی سے دین

وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَا اَنْتَ لَهٗ اَهْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا يَا مَوْلٰنَا

دنیا اور آخرت میں ایسا سلوک جو تیری شان کے شایاں ہے اور نہ معاملہ کر ہمارے ساتھ اے ہمارے مولیٰ

مَا نَحْنُ لَهٗ اَهْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ

جس کے ہم لائق ہیں بے شک تو بہت بخشنے والا ، حلم والا ، سخی ، کریم ، بادشاہ ،

بَرٌّ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (ثلث مرات) اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ بِرَأْفَتِكَ يَا نَافِعُ

احسان کرنے والا بہت مہربان ، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے (تین مرتبہ) اے اللہ ہدایت دے مجھے اپنی مہربانی سے اے نفع دینے والے

وَدَافِعُ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ (سبع مرات)

اور بلندی دینے والے وفات دے مجھے مسلمان بنا کر اور ملا دے مجھے نیکوں کے ساتھ (سات مرتبہ)

يَا جَبَّارُ (احدٰی وعشرون مرۃ)

اے ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والے (۲۱ مرتبہ)



هٰذِهِ الْأَسْمَاءُ السَّبْعُ مِنْ أَوْرَادِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ

یہ سات اسماء حسنیٰ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے اوراد میں سے ہیں

الْجِيْلَانِيِّ مَعَ تَوَجُّهَاتٍ

اور اس کے ساتھ ہی ان کی توجہات مذکور ہیں

آں حضرت پابندی سے ان کا ذکر فرمایا کرتے اور ہر اسم مبارک کے لیے خاص توجہ رقم فرمائی اس توجہ کو اس اسم کے ایک سو بار یا پانچ سو بار ورد کرنے کے بعد پڑھا جاتا ہے اس کی برکتیں ظاہر اور عیاں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَلْاِسْمُ الْاَوَّلُ (پہلا نام) —— لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اسے ایک لاکھ بار پڑھنا چاہیے اور ایک سو بار یا پانچ سو بار پڑھنے کے بعد یہ توجہ پڑھنی چاہیے جو ایک بہترین دعا ہے

اِلٰهِیْ اَظْهِرْ عَلٰی ظَاهِرِیْ سُلْطَانَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ

الٰہی میرے ظاہر پر لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا غلبہ ظاہر فرما لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحَقِّقْ بَاطِنِیْ بِحَقَائِقِ

اِلَّا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور میرے باطن پر لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی حقیقتوں کو

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْرِقْ

متحقق فرما لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے

فِیْكَ ظَاهِرِیْ بِإِحَاطَةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

احاطہ سے میرے ظاہر کو اپنی ذات میں مستغرق فرما لا اِلٰہ اِلا اللہ لا اِلٰہ اِلا اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاحْفَظْنِیْ اَللّٰهُمَّ بِكَ لَكَ فِیْ مَرَاتِبِ

لا اِلٰہ اِلا اللہ اور میری حفاظت فرما اے اللہ اپنے ساتھ اپنے لئے اپنے وجود

وُجُوْدِكَ وَشُهُوْدِكَ حَتّٰی لَآ اَشْهَدَ غَیْرَ اَفْعَالِكَ

اور شہود کے مراتب میں یہاں تک کہ نہ مشاہدہ کروں میں بجز تیرے افعال

وَصِفَاتِكَ بِوَجْهِ الْحَقِّ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

اور صفات کے بحرمت اس سچائی کے جو یہ ہے لا اِلٰہ اِلا اللہ لا اِلٰہ

اِلَّا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اِلا اللہ لا اِلٰہ اِلا اللہ

اَلْاِسْمُ الثَّانِیْ (دوسرا اسم مبارک) — اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

یہ ایک لاکھ بار پڑھے اور اس کی توجیہ یہ ہے۔ اللہ اللہ اللہ

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ دُلَّنِیْ بِكَ عَلَیْكَ وَارْزُقْنِیْ

اے اللہ اے اللہ راہنمائی فرما میری اپنے ذریعہ سے اپنی ذات کی طرف اور

الثَّبَاتَ عِنْدَ وُجُوْدِكَ مَا اَكُوْنُ مُتَاَدِّبًا بَیْنَ

نصیب فرما مجھے ثابت قدمی اپنے وجود کے حضور میں یہ کہ ہو جاؤں میں سراپا ادب تیری

يَدَيْكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اِلٰهِيْ بِعَظَمَتِكَ وَجَلَالِكَ

بارگاہ میں اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے میرے اللہ اپنی عظمت و جلال کے صدقے

اُرْزُقْنِيْ حُبَّكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اِلٰهِيْ اِجْعَلْ

مجھے اپنی محبت نصیب فرما یا اللہ یا اللہ یا اللہ اے اللہ اپنے اس ضعیف جیسے

قَلْبَ عَبْدِكَ الضَّعِيْفِ مَظْهَرًا لِذَاتِكَ وَمَنْبَعًا

کے دل کو اپنی ذات کا مظہر بنا دے اور اپنی قدرت کی نشانیوں کا سرچشمہ

لِاٰيَاتِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

بنا دے یا اللہ یا اللہ یا اللہ

اَلْاِسْمُ الثَّالِثُ (تیسرا اسم مبارک) —— حَيٌّ حَيٌّ حَيٌّ

اسے بھی ایک لاکھ بار پڑھے اور سو بار یا پانچ سو بار اس اسم کا ورد کرنے کے بعد یہ توجہ (دعا) پڑھے۔

يَا حَيُّ يَا حَيُّ اَحْيِنِيْ حَيَاةً طَيِّبَةً وَّاسْقِنِيْ مِنْ

یا حی یا حی عطا فرما مجھے پاکیزہ زندگی اور پلا مجھے اپنی

شَرَابِ مَحَبَّتِكَ اَعْذَبَهٗ وَاَطْيَبَهٗ يَا حَيُّ يَا حَيُّ يَا حَيُّ

محبت کی شراب سے وہ شراب جو بہت میٹھی اور پاکیزہ ہے یا حی یا حی یا حی

اِلٰهِيْ حَقِّقْ حَيَاتِيْ بِكَ يَا حَيُّ يَا حَيُّ اِلٰهِيْ اَظْهِرْ

الٰہی میری زندگی کو اپنی ذات کے ساتھ متحقق کر دے یا حی یا حی یا حی اے اللہ اپنی زندگی

نُوْرَ حَيَاتِكَ فِي حَيَاتِي يَا حَيُّ يَا حَيُّ يَا حَيُّ اِلٰهِي اَحْيِ

کے نور کو میری زندگی میں ظاہر کردے یا حی یا حی یا حی الٰہی میری روح کو

رُوْحِي حَيَاةً اَبَدِيَّةً وَّمَتِّعْ سِرِّي بِسِرِّكَ فِي الْحَضَرَاتِ

ابدی زندگی عطا فرما اور میرے راز کو اپنے سرِّ نہاں سے اپنے شہود کی

الشُّهُوْدِيَّةِ وَامْلَاْ قَلْبِيْ بِالْمَعَارِفِ الرَّبَّانِيَّةِ وَاَطْلِقْ

بارگاہوں میں بہرہ مند فرما اور بھردے میرے دل کو معارفِ ربانی سے اور میری زبان کو

لِسَانِيْ بِالْعُلُوْمِ اللَّدُنِّيَّةِ يَا حَيُّ يَا حَيُّ يَا حَيُّ

علوم لدنیہ کے ساتھ گویا فرما دے یا حی یا حی یا حی

اَلْاِسْمُ الرَّابِعُ (چوتھا اسم مبارک) وَاحِدٌ وَاحِدٌ وَاحِدٌ

یہ بھی ایک ہزار بار ورد کرنا چاہیے سو مرتبہ یا پانچ سو مرتبہ ورد کرنے کے بعد یہ توجہ (دعا) پڑھنی چاہیے۔

يَا وَاحِدُ يَا وَاحِدُ يَا وَاحِدُ اجْعَلْنِيْ مُوَحِّدًا بِنُوْرِ

اے واحد اے واحد اے واحد بنا دے مجھے توحید والوں سے اپنی

وَحْدَانِيَّتِكَ مُؤَيَّدًا بِشُهُوْدِ فَرْدَانِيَّتِكَ يَا وَاحِدُ

وحدانیت کے نور کے ساتھ اور میری مدد فرما اپنی یکتائی کے شہود سے یا واحد

يَا وَاحِدُ يَا وَاحِدُ اِلٰهِيْ اَنْتَ الْمُتَوَحِّدُ فِيْ ذَاتِكَ

یا واحد یا واحد اے اللہ تو ہی واحد ہے اپنی ذات میں



بِاُلُوْهِيَّتِكَ يَا وَاحِدُ يَا وَاحِدُ يَا وَاحِدُ

اپنی الوہیت کے ساتھ یا واحد یا واحد یا واحد

اَلْاِسْمُ الْخَامِسُ (پانچواں اسم مبارک) عَزِيْزٌ عَزِيْزٌ عَزِيْزٌ

اس کا کل وظیفہ ایک لاکھ بار ہے اور اس کی توجہ (دعا) یہ ہے۔

يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ اجْعَلْنِيْ بِعِزَّتِكَ بَيْنَ

یا عزیز یا عزیز یا عزیز کردے مجھے اپنی عزت کے ساتھ ان معززین میں

الْاَعَزِّيْنَ بَيْنَ يَدَيْكَ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ

سے جو تیری جناب میں معزز ہیں یا عزیز یا عزیز یا عزیز

اسْتَعْمِلْنِيْ بِاَعْمَالِ الْاَعَزِّيْنَ لَدَيْكَ يَا عَزِيْزُ

اور مجھے اُن لوگوں کے اعمال کی توفیق بخش جو تیری بارگاہ میں معزز ہیں یا عزیز

يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ اِلٰهِيْ اَعِزَّنِيْ بِعِزَّتِكَ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ

یا عزیز یا عزیز اے اللہ اپنی عزت کے ساتھ مجھے عزت عطا فرما یا عزیز یا عزیز

يَا عَزِيْزُ اِلٰهِيْ اجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الْاَعَزِّيْنَ

یا عزیز اے اللہ بنا دے مجھے اپنے ان بندوں میں سے جو معزز ہیں

يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ

یا عزیز یا عزیز یا عزیز

اَلْاِسْمُ السَّادِسُ (چھٹا اسم مبارک) وَهَّابٌ وَهَّابٌ وَهَّابٌ

(اس کا ورد بھی ایک لاکھ بار ہے۔ ہر سو یا پانچ سو بار کے بعد اس کی مخصوص توجہ (دعا کرے)

يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ جَزِيْلِ

اے بے اندازہ بخشنے والے اے بے اندازہ بخشنے والے اے بے اندازہ بخشنے والے عطا فرما مجھے اپنے بہترین عطیات سے

هِبَاتِكَ مَا يُبَلِّغُنِيْٓ اِلٰى مَرْضِيَاتِكَ يَا وَهَّابُ يَا

جو پہنچا دے مجھے تیری خوشنودیوں کی طرف اے بے اندازہ بخشنے والے اے

وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اِلٰهِيْ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً

بے اندازہ بخشنے والے اے بے اندازہ بخشنے والے اے اللہ عطا فرما مجھے اپنی بارگاہ سے رحمت

اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ

بے شک تو ہی بے حساب عطا فرمانے والا ہے یا وہاب یا وہاب یا وہاب

اِلٰهِيْ يَا وَاهِبَ الْاَسْرَارِ هَبْ لِيْ مِنْ اَسْرَارِكَ فَيْضًا

اے رازوں کے عطا فرمانے والے عطا فرما مجھے اپنے رازوں سے ایسا فیض بخش

تَجْعَلُنِيْ بِهٖ دَآئِمًا مُّسْتَحْفِظًا لِّمَوَاهِبِكَ يَا وَهَّابُ

کر جائے تو مجھے اس کے ساتھ ہمیشہ حفاظت کرنے والا اپنے عطیات کا یا وہاب

يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اَللّٰهُمَّ حَقِّقْنِيْ بِمَوَاهِبِ

یا وہاب یا وہاب اے اللہ متحقق کر دے مجھے

حَقِيقَةِ حَقِيقَتِكَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ

اپنی حقیقت کی حقیقت کے عطیات کے ساتھ یا وہاب یا وہاب یا وہاب

اِلٰهِىْ كَوْنِىْ شَاهِدًا عَلَىَّ بِالْاِفْتِقَارِ اِلٰى غَنَاءِكَ الْمُطْلَقِ

اے اللہ میں گواہی دیتا ہوں اپنی ذات پر کہ میں محتاج ہوں تیری غنا کی طرف جو مطلق اور

الْكَامِلِ بِالذَّاتِ فَامْنُنْ عَلٰى عَبْدِكَ الضَّعِيْفِ

کامل بالذات ہے پس احسان فرما اپنے کمزور بندے پر

بِغِنًى اَكُوْنَ بِهٖ غَنِيًّا مُغْنِيًا مَنْ شِئْتَ غِنَاهُ بِوَصْفِ

اپنی غنا کیساتھ تاکہ میں اس کے ساتھ خود بھی غنی ہو جاؤں اور دوسروں کو بھی غنی کردوں جس کو غنی کرنے کا تو ارادہ

الْفَقْرِ بَيْنَ يَدَيْكَ اَنْتَ الْغَنِىُّ الْوَهَّابُ يَا وَهَّابُ

فرمائے اور میں تیری بارگاہ میں وصف فقر سے متصف ہوں تو ہی غنی ہے اور بہت بخشنے والا ہے یا وہاب

يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ

یا وہاب یا وہاب

اَلْاِسْمُ السَّابِعُ (ساتواں اسمِ مبارک) وَدُوْدٌ وَدُوْدٌ وَدُوْدٌ

اس کے وظیفہ کی تعداد بھی ایک لاکھ ہے سو بار یا پانچ سو بار اس اسم کا ورد کرنے کے بعد خلوص نیت سے دعا پڑھے

يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ اجْعَلْ قَلْبِىْ وَادًّا لَكَ يَا وَدُوْدُ

اے بہت محبت کرنے والے یا ودود یا ودود بنادے میرے دل کو محبت کرنے والا تجھ سے یا ودود

يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ اِلٰهِيْ اَعْطِنِيْ وُدًّا فِيْ قُلُوْبِ عِبَادِكَ

یا ودودُ یا ودودُ اے اللہ میری محبت اپنے مومن بندوں کے دلوں میں

الْمُؤْمِنِيْنَ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ اِلٰهِيْ اِكْفِنِيْ شَرَّ

ڈال دے یا ودودُ یا ودودُ یا ودودُ اے میرے اللہ مجھے اس شخص کے

مَنْ كِفَايَتُهٗ بِيَدِكَ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ ؕ

شر سے بچا جس کے شر سے بچانا تیرے دست قدرت میں ہے یا ودودُ یا ودودُ یا ودودُ ؕ

تمام شد صفات الاسماء

دُعائے سُنّتِ عصر

دُعائے سُنّتِ عصر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان اور ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

يَادَآئِمَ الْفَضْلِ عَلَى الْبَرِيَّةِ يَابَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالْعَطِيَّةِ وَيَا

اے اپنی مخلوق پر ہمیشہ فضل فرمانے والے اے اپنے انعامات کے ساتھ اپنے دونوں ہاتھ پھیلانے والے

صَاحِبَ الْمَوَاهِبِ السَّنِيَّةِ وَيَادَافِعَ الْبَلَآءِ وَالْبَلِيَّةِ صَلِّ

شاندار مہربانیوں کے مالک اے آزمائش اور مصیبتوں کے دور کرنے والے درود بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى السَّجِيَّةِ وَعَلٰى اٰلِهِ الْبَرَرَةِ النَّقِيَّةِ

(اپنے حبیب) محمد پر جو تمام مخلوقات سے بہترین ہیں اور آپ کی آل پر جو نیک اور پاک ہیں

وَاغْفِرْلَنَا يَاذَا الْهُدٰى الْعُلٰى فِيْ هٰذَا الْعَصْرِ وَالْعَشِيَّةِ رَبَّنَا

اور بخش دے ہمارے لئے اے بلند ہدایت کے مالک اس عصر اور عشا کے وقت میں اے ہمارے رب

تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

وفات دے ہمیں اس حال میں کہ ہم مسلمان ہوں ملا دے ہمیں نیکوں کے ساتھ درود بھیج (اپنے حبیب) محمد پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآاَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

اور آپ کی آل پر آپ کے تمام اصحاب پر اپنی رحمت سے یا ارحم الراحمین

درود کبریتِ احمر شریف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَدَدًا وَّ اَنْمٰى

اے اللہ! عدد کے لحاظ سے تیرے بہترین درود ہمیشہ رہنے

بَرَكَاتِكَ سَرْمَدًا، وَّ اَزْكٰى تَحِيَّاتِكَ فَضْلًا وَّ مَدَدًا

والی تیری روز افزوں برکتیں فضل و مدد کے اعتبار سے تیرے پاکیزہ سلام

عَلٰى اَشْرَفِ الْحَقَائِقِ الْاِنْسَانِيَّةِ وَ مَعْدَنِ

اُس ذاتِ اقدس پر ہوں جو حقائقِ انسانیت میں سے اشرف ترین، ایمان کی

الدَّقَائِقِ الْاِيْمَانِيَّةِ وَ طُوْرِ التَّجَلِّيَاتِ الْاِحْسَانِيَّةِ

لطافتوں کا معدن تجلیاتِ احسانیہ کا کوہ طور

وَ مَهْبَطِ الْاَسْرَارِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَ وَاسِطَةِ عِقْدِ

اسرارِ رحمانیہ کے نزول کا مقام جو انبیاء کے ہار کا

النَّبِيِّيْنَ وَمُقَدَّمَةِ جَيْشِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاَفْضَلِ

درمیانی موتی جو رسولوں کے لشکر کا پیش رو اور ہر نوع

الْخَلَائِقِ اَجْمَعِيْنَ ○ حَامِلِ لِوَآءِ الْعِزِّ الْاَعْلٰى

کی تمام مخلوق سے افضل ہے جو اعلیٰ عزت کا علم بردار ہے

وَمَالِكِ اَزِمَّةِ الشَّرَفِ الْاَسْنٰى شَاهِدِ اَسْرَارِ الْاَزَلِ

جو بلند ترین بزرگی کی باگوں کا مالک ہے ازل کے اسرار کا گواہ

وَمُشَاهِدِ اَنْوَارِ السَّابِقِ الْاَوَّلِ وَتَرْجُمَانِ لِسَانِ

اور اولین انوار کا مشاہدہ کرنے والا ہے جو قدم و دوام کی زبان کا

الْقِدَمِ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِكَمِ وَمَظْهَرِ سِرِّ

سچا ترجمان ہے جو علم، حلم اور حکمتوں کا سرچشمہ ہے جو جزئی

الْجُوْدِ الْجُزْئِيِّ وَالْكُلِّيِّ وَاِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ الْعُلْوِيِّ

اور کلی سخاوتوں کے راز کا مظہر ہے جو علوی اور سفلی موجودات کی آنکھ کی

وَالسُّفْلِيِّ وَرُوْحِ جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ وَعَيْنِ حَيَاتِ

پتلی ہے جو کونین کے وجود کی روح ہے جو دارین کی زندگی کا چشمہ

الدَّارَيْنِ الْمُتَخَلِّقِ بِاَعْلٰى رُتَبِ الْعُبُوْدِيَّةِ الْمُتَحَقِّقِ

ہے جو بندگی کے اعلیٰ ترین مراتب سے متصف ہے جو ربوبیت

بِاَسْرَارِ الرُّبُوْبِيَّةِ ۝ صَاحِبِ الْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ

کے اسرار سے مزین ہے جو منتخب شدہ مقامات اور

وَالْكَرَامَاتِ الْاِرْتِضَائِيَّةِ سَيِّدِ الْاَشْرَافِ وَجَامِعِ

پسندیدہ عزت افزائیوں کا مالک ہے جو سارے بزرگوں کا سردار اور جملہ

الْاَوْصَافِ الْخَلِيْلِ الْاَعْظَمِ وَالْحَبِيْبِ الْاَكْرَمِ

اوصافِ کمال کا جامع ہے جو (اپنے رب کا) خلیل اعظم اور محبوب مکرم ہے

الْمَخْصُوْصِ بِاَعْلَى الْمَرَاتِبِ وَالْمَقَامَاتِ وَالْمُؤَيَّدِ

بلند ترین مراتب اور مقامات جس کے لیے مخصوص کر دیئے گئے ہیں جس کی تائید

بِاَوْضَحِ الْبَرَاهِيْنِ وَالدَّلَالَاتِ الْمَنْصُوْرِ بِالرُّعْبِ

روشن دلائل اور شواہد سے کی گئی ہے جس کو رُعب اور معجزات سے غالب اور

وَالْمُعْجِزَاتِ ۝ وَالْجَوْهَرِ الشَّرِيْفِ الْاَبَدِيِّ وَالنُّوْرِ

منصور بنایا گیا ہے سارے درود و سلام ہوں عزو شرف والے ابدی موتی

الْقَدِيْمِ الْمُحَمَّدِيِّ السَّرْمَدِيِّ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

اور نورِ قدیم محمدی پر جو سرمدی ہے (یعنی) ہمارے سردار اور آقا

مُحَمَّدٍ الْمَحْمُوْدِ فِي الْاِيْجَادِ وَالْوُجُوْدِ الْفَاتِحِ لِكُلِّ

محمد ہے جو مقامِ ایجاد و وجود میں محمود (یعنی ستائش کئے گئے) ہیں۔ ہر شاہد اور مشہود

شَاهِدٍ وَمَشْهُوْدٍ وَحَضْرَتِ الْمُشَاهَدَةِ وَالشُّهُوْدِ

کے بنے درِ رحمت کھولنے والے ہیں مشاہدہ اور شہود کی بارگاہ میں

نُوْرِ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدَاهُ وَسِرِّ كُلِّ سِرٍّ وَسَنَاهُ الَّذِيْ

ہر شے کی حقیقت اور اس کے بنے نورِ ہدایت ہیں ہر راز کا سِرِّ نہاں اور اس کی ایسی

شُقِّقَتْ مِنْهُ الْأَسْرَارُ وَانْفَلَقَتْ مِنْهُ الْأَنْوَارُ

چمک جس سے رازوں کے پردے چاک کیے گئے ہیں جس سے جہر کے انوار ظہور پذیر ہوتے ہیں

السِّرِّ الْبَاطِنِ وَالنُّوْرِ الظَّاهِرِ السَّيِّدِ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ

رازِ نہاں ، نورِ عیاں سب کا آقا ہر طرح سے کامل، گنجِ نعمت کھولنے والا،

الْخَاتِمِ الْأَوَّلِ الْآخِرِ الْبَاطِنِ الظَّاهِرِ الْعَاقِبِ

سلسلۂ نبوت کا خاتم خلق میں سب سے اول، ظہور میں سب سے آخر، باعتبار حقیقت مخفی، باعتبار وجود و عشق پر آشکار، سب سے پیچھے،

الْحَاشِرِ النَّاهِيْ الْآمِرِ النَّاصِحِ النَّاصِرِ الصَّابِرِ

لوگوں کو قیامت میں جمع فرمانے والا، برائیوں سے منع کرنے والا، نیکیوں کا حکم دینے والا، نصیحت کرنے والا، مدد فرمانے والا، صبر کرنے والا،

الشَّاكِرِ الْقَانِتِ الذَّاكِرِ الْمَاحِيْ الْمَاجِدِ الْعَزِيْزِ

شکر کرنے والا، فروتنی سے جھکنے والا، ہر لمحہ اپنے رب کو یاد کرنے والا، کفر و ظلم کو مٹانے والا، بہت بزرگ، بڑی عزت والا،

الْحَامِدِ الْمُؤْمِنِ الْعَابِدِ الْمُتَوَكِّلِ الزَّاهِدِ الْقَائِمِ

اپنے رب کی حمد کرنے والا، سب سے بڑا ایمان رکھنے والا، عبادت گزار، اپنے رب پر بھروسہ کرنے والا، دنیا سے بے رغبتی رکھنے والا، اور عبادت میں کھڑے رہنے والا،

الْقَاعِدِ الرَّاكِعِ السَّاجِدِ التَّابِعِ الشَّهِيْدِ الْوَلِيِّ

بیٹھنے والا، رکوع اور سجدہ کرنے والا، اس کا ہر حکم ماننے والا، گواہی دینے والا، مددگار،

الْحَمِيْدِ الْبُرْهَانِ الْحُجَّةِ الْمُطَاعِ الْمُخْتَارِ

خوبیوں سراپا، توحید باری کی برہان، دلیل قاطع، ساری کائنات کا مخدوم، صاحب اختیار،

الْخَاضِعِ الْخَاشِعِ الْبَرِّ الْمُسْتَنْصِرِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ

بارگاہ الٰہی میں عاجزی کرنے والا، سر جھکانے والا، نیکوکار، نصرت طلب کرنے والا، سراپا حق، حق ظاہر کرنے والا،

طٰهٰ وَيٰسٓ الْمُزَّمِّلِ الْمُدَّثِّرِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

چودھویں کا چاند، رسولوں کا سردار، کمبل پوش، چادر اوڑھنے والا، سب رسولوں کا سردار،

وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَحَبِيْبِ رَبِّ

تمام متقیوں کا امام، خاتم النبیین، حبیب رب

الْعَالَمِيْنَ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَالرَّسُوْلِ الْمُجْتَبٰى الْحَكَمِ

العالمین، چنا ہوا نبی، چنا ہوا رسول، فیصلہ کرنے والا،

الْعَدْلِ اللَّطِيْفِ الْخَبِيْرِ الْحَكِيْمِ الْعَلِيْمِ الْعَزِيْزِ

عدل کرنے والا، لطف فرمانے والا، اسرار حیات سے باخبر، بہت فرزانہ، وسیع علم والا، دائمی عزت والا،

الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ الْغَفُوْرِ الشَّكُوْرِ الْعَلِيِّ الْكَرِيْمِ

بڑا مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا، بہت چشم پوش، بڑا قدردان، بہت بلند، بڑا کریم،

نُورِكَ الْقَدِيْمِ وَصِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ مُحَمَّدٍ

تیرا نور قدیم ، تیری طرف لے جانے والا سیدھا راستہ جس کا نامِ نامی محمد ہے

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَفِيِّكَ وَخَلِيْلِكَ وَحَبِيْبِكَ

تیرا بندہ ، تیرا رسول ، تیرا چنا ہوا ، تیرا خلیل ، تیرا حبیب ،

وَوَلِيِّكَ وَنَبِيِّكَ وَاَمِيْنِكَ وَدَلِيْلِكَ وَنَجِيِّكَ

تیرا دوست ، تیرا نبی ، (تیرے اسرار کا) امین ، تیری طرف رہنما ، تیرا ہمراز ،

وَنُخْبَتِكَ وَذَخِيْرَتِكَ وَخِيَرَتِكَ وَاِمَامِ الْخَيْرِ

تیرا پسندیدہ تیری رحمت کا سرمایہ ، تیرا برگزیدہ ، ہر کارِ خیر میں پیشوا ،

وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

ہر کارِ خیر میں رہنما ، رحمت والا رسول ، نبی ، اُمّی ،

الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ الْاَبْطَحِيِّ الْمَكِّيِّ

عربی ، قرشی ، ہاشمی ، ابطحی ، مکی ،

الْمَدَنِيِّ التِّهَامِيِّ الشَّاهِدِ الْمَشْهُوْدِ الْوَلِيِّ الْمُقَرَّبِ

مدنی ، تہامی ، ہر سچائی کا گواہ جس کی گواہی کی تو نے تصدیق کی ، (تیرا) دوست

الْعَبْدِ الْمَسْعُوْدِ الْحَبِيْبِ الشَّفِيْعِ الْحَسِيْبِ

مقرب ، تیرا بندہ سعادت مند ، تیرا حبیب ، گنہگاروں کا شفیع ، عالی حسب ،

الرَّفِيعِ الْمَلِيحِ الْبَدِيعِ الْوَاعِظِ الْبَشِيرِ النَّذِيرِ

بہت اُونچا ، دلرُبا ، بے مثال حسین ، وعظ فرمانے والا، خوشخبری دینے والا، بروقت

الْعَطُوفِ الْحَلِيمِ الْجَوَادِ الْكَرِيمِ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ

متنبہ کرنے والا، بہت مہربان، بُردبار ، سخی ، کریم ، پاک ، سراپا برکت ،

الْمَكِينِ الصَّادِقِ الْمَصْدُوقِ الْأَمِينِ الدَّاعِي

راہِ حق پر ثابت قدم ، سچا، جس کی سچائی تسلیم کی گئی ہے ، امین، تیری توفیق سے تیری طرف

إِلَيْكَ بِإِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيرِ الَّذِي أَدْرَكَ

بُلانے والا ، وُہ روشن آفتاب جس نے احاطہ کر لیا

الْحَقَائِقَ بِجُمْلَتِهَا وَفَازَ وَفَاقَ الْخَلَائِقَ بِرُمَّتِهَا

جملہ حقائق کا اور کامیاب ہوگیا اور ہر نوع کی مخلوق پر فوقیت لے گیا

وَجَعَلْتَهُ حَبِيبًا وَنَاجَيْتَهُ قَرِيبًا وَأَدْنَيْتَهُ رَقِيبًا

اور جس کو تُو نے اپنا حبیب بنایا جس کو اپنے قریب بلا کر راز کی باتیں کیں جسے اپنے نزدیک کرکے نگہبان بنایا

وَخَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَالدَّلَالَةَ وَالْبِشَارَةَ وَالنِّذَارَةَ

جس کی آمد پر تُو نے رسالت ، دلالت ، بشارت ، نذارت

وَالنُّبُوَّةَ وَنَصَرْتَهُ بِالرُّعْبِ وَظَلَّلْتَهُ بِالسُّحُبِ

اور نبوت کا سلسلہ ختم کر دیا، رعب عطا کرکے تُو نے اس کی نصرت فرمائی، بادلوں سے تُو نے اس پر سایہ کیا

وَرَدَدْتَ لَهُ الشَّمْسَ وَشَقَقْتَ لَهُ الْقَمَرَ وَاَنْطَقْتَ

سایہ کیا، ڈوبے ہوئے سورج کو تو نے اس کے لئے لوٹایا، اس کے لئے چاند کا سینہ شق کیا، اس کے

لَهُ الضَّبَّ وَالظَّبْیَ وَالذِّئْبَ وَالْجِذْعَ وَالذِّرَاعَ

لئے گوہ (ضب)، ہرن، بھیڑیے، خشک کھجور کے تنے، بکری کے بھنے ہوئے بازو،

وَالْجَمَلَ وَالْجَبَلَ وَالْمَدَرَ وَالشَّجَرَ وَالْحَجَرَ

اونٹ، پہاڑ، مٹی کے ڈھیلے، درخت اور پتھر کو تو نے گویا کیا

وَاَنْبَعْتَ مِنْ اَصَابِعِهِ الْمَاءَ الزُّلَالَ وَاَنْزَلْتَ

جس کی انگلیوں سے تو نے میٹھا پانی جاری کیا، خشک سالی

مِنَ الْمُزْنِ بِدَعْوَتِهٖ فِیْ عَامِ الْمَحْلِ وَالْجَدْبِ

اور قحط کے زمانہ میں جس کی دعا سے تو نے بادلوں سے

وَابِلَ الْغَیْثِ وَالْمَطَرِ فَاعْشَوْشَبَ مِنْهُ الْقَفْرُ

موسلا دھار مینہ برسایا پس چٹیل میدان،

وَالصَّخْرُ وَالْوَعْرُ وَالسَّهْلُ وَالرَّمْلُ وَالْحَجَرُ

چٹانیں، پتھریلے علاقے، ہموار میدان، ریگستان، پتھر اور مٹی کے ٹیلے سرسبز

وَالْمَدَرُ ○ وَاَسْرَیْتَ بِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

شاداب ہوگئے اور تو نے رات کے وقت اسے مسجد حرام سے

إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى إِلَى السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى إِلٰى

مسجدِ اقصیٰ تک سیر کرائی ، وہاں سے بلند آسمانوں تک وہاں سے

سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى إِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى وَ

سدرۃ المنتہیٰ تک ، وہاں سے مقام قاب قوسین تک بلکہ اس سے بھی قریب

أَرَيْتَهُ الْآيَةَ الْكُبْرٰى وَأَنَلْتَهُ الْغَايَةَ الْقُصْوٰى

کیا اور تو نے اسے اپنی سب سے بڑی نشانی دکھائی اور انتہائی بلند مرتبہ پر فائز کیا

وَأَكْرَمْتَهُ بِالْمُخَاطَبَةِ وَالْمُرَاقَبَةِ وَالْمُشَافَهَةِ

نیز اپنے خطاب ، مراقبہ ، رُو برُو گفتگو ،

وَالْمُشَاهَدَةِ وَالْمُعَايَنَةِ بِالْبَصَرِ ○ وَخَصَصْتَهُ

مشاہدہ اور چشم ظاہر سے اپنے دیدار کا شرف بخشا تو نے اس کے لئے

بِالْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى وَالشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى يَوْمَ الْفَزَعِ الْأَكْبَرِ

وسیلۂ عظمیٰ اور شفاعت کبریٰ کے منصب جلیل کو محشر کے دن کے لئے

فِي الْمَحْشَرِ ○ وَجَمَعْتَ لَهُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَجَوَاهِرَ

مخصوص فرما دیا جو بڑی گھبراہٹ اور اضطراب کا دن ہوگا اور تو نے اس کے لئے کلام کی

الْحِكَمِ وَجَعَلْتَ أُمَّتَهُ خَيْرَ الْأُمَمِ وَغَفَرْتَ لَهُ مَا

جامعیت و بلاغت کے ساتھ معانی کے تابندہ موتیوں کو بھی جمع کر دیا ان کی اُمت کو تو نے خیر الامم بنایا

تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ ○ الَّذِیْ بَلَّغَ الرِّسَالَةَ

اور انہیں اگلے پچھلے گناہوں سے اپنی حفاظت میں لے لیا وہ جس نے تیرا پیغام پہنچایا،

وَاَدَّی الْاَمَانَةَ وَنَصَحَ الْاُمَّةَ وَكَشَفَ الْغُمَّةَ وَ

امانت کا حق ادا کر دیا، امت کو نصیحت کی، تکلیف کو دور کیا۔

جَلَی الظُّلْمَةَ وَجَاهَدَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَعَبَدَ رَبَّهٗ

تاریکی کو روشن کیا اور راہِ خدا میں جہاد کیا اور تادمِ واپسیں

حَتّٰی اَتٰهُ الْیَقِیْنُ ○ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

اپنے رب کی عبادت کرتا رہا اے اللہ! انہیں مقامِ محمود پر فائز فرما

یَّغْبِطُهٗ فِیْهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ○ اَللّٰهُمَّ عَظِّمْهُ

تاکہ اگلے اور پچھلے سارے اُن کے ساتھ رشک کریں اے اللہ! تو اُن کے

فِی الدُّنْیَا بِاِعْلَاءِ ذِكْرِهٖ وَاِظْهَارِ دِیْنِهٖ وَاِبْقَاءِ شَرِیْعَتِهٖ

ذکر کو بلند کر کے اُن کے دین کو غلبہ دے کر اور اُن کی شریعت کو تا ابد باقی رکھ کر انہیں دُنیا میں عظمتیں ارزانی فرما

وَفِی الْاٰخِرَةِ بِشَفَاعَتِهٖ فِیْ اُمَّتِهٖ وَاَجْزِلْ اَجْرَهٗ

اور آخرت میں اُمت کے بارے میں ان کی شفاعت قبول کر کے ان کی شان کو بلند کر، ان کو بہترین اجر

وَمَثُوْبَتَهٗ وَاَبِنْ فَضْلَهٗ لِلْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

اور ثواب مرحمت فرما، مقامِ محمود پر ان کے فضل کو اولین اور آخرین

بِالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَتَقْدِيْمَهُ عَلٰى كَافَّةِ الْمُقَرَّبِيْنَ

کے لئے آشکارا کر دے نیز تمام مقربین بالشہود پر ان کو

بِالشُّهُوْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَتَهُ الْكُبْرٰى وَارْفَعْ

مقدم کر اے اللہ! اُن کی شفاعتِ کبریٰ کو قبول فرما اور اُن کے

دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا وَاَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى

درجے کو مزید بلند فرما نیز آخرت اور دُنیا میں جو کچھ اُنھوں نے مانگا ہے اُنہیں عطا فرما

كَمَا اَعْطَيْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ

جس طرح تُو نے اپنے خلیل ابراہیم اور اپنے کلیم موسیٰ کو عطا فرمایا تھا اے اللہ! تو اُنھیں اُن

مِنْ اَكْرَمِ عِبَادِكَ عَلَيْكَ شَرَفًا وَّكَرَامَةً وَّمِنْ

بندوں میں سے کر جو شرف و کرامت کے لحاظ سے تیری بارگاہ میں بڑے معزز اور مکرم ہیں

اَرْفَعِهِمْ عِنْدَكَ دَرَجَةً وَّمِنْ اَعْظَمِهِمْ عِنْدَكَ

اور جن کا درجہ تیری جناب میں بہت اُونچا ہے اور جن کی تیرے نزدیک بڑی

خَطَرًا وَّمِنْ اَمْكَنِهِمْ عِنْدَكَ شَفَاعَةً ۝ اَللّٰهُمَّ

قدر و منزلت ہے اور جن کی شفاعت تیری بارگاہ میں بڑی قوی ہے اے اللہ!

عَظِّمْ بُرْهَانَهٗ وَاَفْلِجْ حُجَّتَهٗ وَاَبْلِغْهُ مَاْمُوْلَهٗ فِيْ

اُن کی دلیل کو عظمت بخش اور اُن کی حجت کو روشن فرما اور اپنے اہلِ بیت اور اپنی اولاد

اَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَتْبِعْهُ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ

کے بارے میں آپ کی آرزو کو پورا فرما اے اللہ! آپ کی اولاد اور آپ کی اُمّت کو

وَاُمَّتِهٖ مَاتَقَرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا خَيْرَ مَا

آپ کی پیروی نصیب فرما جس سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں ہر نبی کو اپنی اُمّت کی طرف سے

جَزَيْتَ بِهٖ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَاجْزِ الْاَنْبِيَاءَ كُلَّهُمْ

جو جزا تو نے دی ہے ہم غلاموں کی طرف سے ہمارے آقا کو اس سے بھی بہترین جزا عطا فرما اور جملہ

خَيْرًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

انبیا کو جزائے خیر دے اے اللہ! صلوٰۃ وسلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اتنی تعداد میں

عَدَدَ مَا شَاهَدَتْهُ الْاَبْصَارُ وَسَمِعَتْهُ الْاٰذَانُ

جتنی آنکھوں نے آپ (کے رُخِ انور) کو دیکھا اور جتنے کانوں نے (آپ کا کلام) سُنا۔

وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ

آپ پر صلوٰۃ و سلام بھیج اتنی تعداد میں جتنے لوگوں نے آپ پر درود

وَسَلِّمْ عَلَيْهِ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ

بھیجا آپ پر صلوٰۃ و سلام بھیج اتنی تعداد میں جتنے لوگوں نے آپ پر درود نہیں بھیجا

عَلَيْهِ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ

آپ پر صلوٰۃ و سلام بھیج جس طرح تو پسند کرتا ہے اور راضی ہوتا ہے کہ آپ پر درود بھیجا جائے

وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا أَمَرْتَنَا أَنْ نُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ

آپ پر صلاۃ و سلام بھیج جس طرح تو نے حکم دیا ہے کہ ہم آپ پر درود بھیجیں آپ پر

وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِي أَنْ يُصَلَّى عَلَيْهِ ، اَللّٰهُمَّ

صلاۃ و سلام بھیج جس طرح آپ پر درود بھیجنا آپ کی شایانِ شان ہے اے اللہ!

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ نَعْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى

صلاۃ و سلام بھیج آپ پر اور آپ کی آل پر جتنی تعداد میں تو نے ان پر انعام فرمایا

وَاَفْضَالِهٖ ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور فضل و کرم کیا اے اللہ! صلاۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَحْفَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ

آپ کی آل پر، آپ کے اصحاب پر، آپ کی اولاد پر، آپ کے نواسوں پر، آپ کی

وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهٖ وَعَشِيْرَتِهٖ وَاَطْهَارِهٖ

ازواج پر، آپ کی ذریات پر، آپ کے اہل بیت اطہار پر، آپ کی عترت پر، آپ کے قبیلے کے پاک

وَاَصْهَارِهٖ وَاَخْتَانِهٖ وَاَحْبَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ

نفوس پر، آپ کے سسرالی لوگوں پر، آپ کے دامادوں پر، آپ کے احباب پر، آپ کے متبعین پر، آپ کے

وَاَنْصَارِهٖ خَزَنَةِ اَسْرَارِهٖ وَمَعَادِنِ اَنْوَارِهٖ كُنُوْزِ

ناصروں پر، آپ کے مددگاروں پر، جو آپ کے اسرار کے مخزن اور آپ کے انوار کے معادن تھے اور دین اور حقائق

الْحَقَائِقِ وَهُدَاةِ الْخَلَائِقِ نُجُومِ الْاِهْتِدَاءِ لِمَنِ

کے خزانے ، مخلوق کے رہبر اور اپنی پیروی کرنے والوں کے لیے ہدایت کے

اقْتَدٰى بِهِمْ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا كَثِيرًا دَائِمًا اَبَدًا وَارْضَ

ستارے تھے اور اُن پر ہمیشہ ہمیشہ کثرت سے سلام بھیج۔ (الٰہی!) تمام

عَنْ كُلِّ الصَّحَابَةِ رِضًى سَرْمَدًا عَدَدَ خَلْقِكَ

صحابہ کرام سے ہمیشہ کے لیے اتنا راضی ہو جا جتنی تیری مخلوق کی تعداد ہے

وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ

جس قدر تیرے عرش کا وزن ہے، اتنا جتنا تو خوش ہو جائے اور اس قدر راضی ہو جتنی قدر تیرے کلمات کے لکھنے کے لیے سیاہی کی تعداد

كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُونَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُونَ

صلوٰۃ و سلام کا سلسلہ جاری ہے جب تک ذکر کرنے والے تیرا ذکر کرتے رہیں اور جب تک غافل تیرے ذکر سے غافل رہیں

صَلٰوةً تَكُونُ لَكَ رِضَاءً وَلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَلَنَا صَلَاحًا

ایسا درود بھیج جو تیری رضا، تیرے نبی کے حقوق کی ادائیگی اور ہماری صلاح و فلاح کا سبب بنے

وَاٰتِهِ الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَالدَّرَجَةَ الْعَالِيَةَ

انہیں مقام وسیلہ اور فضیلت اور بلند و ارفع درجہ پر فائز فرما

الرَّفِيعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُودَ وَاللِّوَاءَ الْمَعْقُودَ

الٰہی! آپ کو مقام محمود پر مبعوث فرما، آپ کو وہ جھنڈا (لواء الحمد) جو تو نے باندھا ہے

وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ وَصَلِّ يَا رَبِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ

اور وہ حوض جس پر سارے پیاسے جمع ہوں گے رحمت فرما۔ اے میرے پروردگار درود بھیج آپ کے بھائیوں

مِنَ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالْاَوْلِيَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ

نبیوں اور رسولوں پر نیز اولیاء امت، صالحین اور

وَمَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى سَيِّدِنَا الشَّيْخِ[1]

مقرب فرشتوں پر اور ہمارے سردار شیخ

مُحْيِ الدِّيْنِ اَبِيْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ الْمَكِيْنِ الْاَمِيْنِ

محی الدین ابو محمد عبدالقادر پر جو مقام قرب پر متمکن ہیں اور اسرار الٰہیہ

صَلَوٰتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کے امین ہیں ان سب پر اللہ تعالیٰ کے درود ہوں اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّابِقِ

محمد پر اور ہمارے آقا محمد کی آل پر جن کا نور

لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَالرَّحْمَةِ لِلْعٰلَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَا

سب مخلوق سے پہلے پیدا ہوا اور جن کا ظہور سارے جہانوں کے لیے رحمت ہے اتنی تعداد

مَضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَا بَقِيَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَ

میں جتنی تیری مخلوق گزر چکی ہے اور جتنی ابھی باقی ہے جس قدر ان میں سے سعید ہو چکے ہیں اور

[1] یہ الفاظ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا اضافہ ہے اگر کوئی چاہے تو اپنے شیخ طریقت کا نام بھی لے سکتا ہے۔

مَنْ شَقِیَ صَلٰوۃً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِیْطُ بِالْحَدِّ

جتنے بدبخت ہوئے ہیں ایسا درود جو ساری گنتیوں کا احاطہ کرلے اور ساری حدوں کو گھیرے

صَلٰوۃً لَاغَایَۃَ لَهَا وَلَا انْتِہَاءَ وَلَا اَمَدَ لَهَا وَ

میں لے لے۔ ایسا درود جس کی کوئی انتہا نہ ہو۔ نہ جس کے لیے کوئی میعاد مقرر ہو اور

لَا انْقِضَاءَ لَهَا صَلَوَاتِکَ الَّتِیْ صَلَّیْتَ عَلَیْہِ صَلٰوۃً

نہ وہ اختتام پذیر ہو تیرے وہ درود جو تو نے ان پر بھیجے ہیں

مَعْرُوْضَۃً عَلَیْہِ مَقْبُوْلَۃً لَّدَیْہِ مَحْبُوْبَۃً اِلَیْہِ

اور ایسا درود جو بارگاہ نبوت میں پیش کیا جاتا ہے جو بارگاہ عالی میں مقبول بھی ہے اور نبی مکرم

صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ وَبَاقِیَۃً بِبَقَآئِکَ لَا مُنْتَھٰی

کو پیارا بھی ہے ایسا درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائم ہے اور تیری بقا کے ساتھ باقی ہے تیرے علم

لَهَا دُوْنَ عِلْمِکَ صَلٰوۃً تُرْضِیْکَ وَتُرْضِیْہِ وَ

کے بغیر اس کی کوئی انتہا نہ ہو (الٰہی!) ایسا درود جو تجھے راضی کردے جو تیرے حبیب کو خوش

تَرْضٰی بِهَا عَنَّا صَلٰوۃً تَمْلَأُ الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ صَلٰوۃً

کردے اور اس کی برکت سے تو ہم پر بھی راضی ہوجائے ایسا درود جس سے زمین پر ہوجائے اور آسمان

تَسْتَجِیْبُ بِهَا دُعَآءَنَا وَتُزَکِّیْ بِهَا نُفُوْسَنَا وَتُحْیِیْ

لبریز ہوجائے ایسا درود جس کی برکت سے تو ہماری دعائیں قبول فرمالے اور ہمارے نفسوں کو پاک کردے اور جلائے

بِهَا قُلُوْبَنَا وَتُحِلُّ بِهَا الْعُقَدَ وَتُفَرِّجُ بِهَا الْكُرَبَ

مُردہ دلوں کو زندہ کر دے جس کی برکت سے تو ہمارے عقدوں کو حل کرے اور آلام و مصائب کو دور کر دے

وَتُجْرِيْ بِهَا لُطْفَكَ فِيْ أَمْرِيْ وَأُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ

جس کے طفیل تیرا لطف میرے کام اور سارے مسلمانوں کے کاموں میں کارفرما رہے

وَبَارِكْ لَنَا عَلَى الدَّوَامِ وَعَافِنَا وَاهْدِنَا وَامْدُدْنَا

(الٰہی) تو ہمیں ہمیشہ برکتیں عطا فرماتا رہ، ہم سے درگزر فرماتا رہ ہمیں راہِ راست پر ثابت قدم رکھ اور ہماری مدد فرما

وَاجْعَلْنَا آمِنِيْنَ وَيَسِّرْ لَنَا أُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ

اور ہمیں امن سے رکھ ہمارے دلوں اور جسموں کی راحت و آرام کیلئے ہمارے

لِقُلُوْبِنَا وَأَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِنَا

لئے ہمارے امور آسان کر دے ہمارے دین میں

وَدُنْيَانَا وَاٰخِرَتِنَا وَتَوَفَّنَا عَلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

ہماری دنیا میں اور ہماری آخرت میں ہمیں سلامتی اور عافیت مرحمت فرما ہماری وفات کتاب و سنت پر ہو

وَاجْمَعْنَا مَعَهُ فِي الْجَنَّةِ مِنْ غَيْرِ عَذَابٍ

کسی سخت عذاب میں مبتلا کئے بغیر تو ہمیں اپنے حبیب کے ساتھ جنت میں اکٹھا کر دے اور ایسا کہ

بِبُئْسٍ وَأَنْتَ رَاضٍ عَنَّا غَيْرَ غَضْبَانَ وَلَا تُمَكِّرْنَا

تو ہم پر راضی ہو ناراض نہ ہو اپنی مہربانی سے

وَاخْتِمْ لَنَا مِنْكَ بِخَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ بِلَا مِحْنَةٍ اَجْمَعِيْنَ

بغیر کسی تکلیف کے خیر و عافیت کے ساتھ ہم سب کا خاتمہ کر

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۚ وَسَلَامٌ

اے حبیب! تیرا رب جو عزت والا رب ہے ان تمام خرافات سے پاک ہے جو کفار و مشرکین

عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۚ

بیان کرتے ہیں اور سلام ہوں اللہ کے فرستادوں پر۔ سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ

اے ارحم الراحمین اپنی رحمت سے ہمارے درود و سلام کو قبول فرما

نوٹ

میں دار المال الاسلامی کے اجتماع میں شرکت کے لئے ۱۸ اگست کو جنیوا پہنچا۔ ۱۹، ۲۰ اگست کو اجتماع میں شرکت کی پھر اور سعودی عرب کے ویزوں کے لئے درخواست کی۔ انہوں نے سوموار کو ویزے دینے کا وعدہ کیا اس لئے لا محالہ مجھے دو دن مزید یہاں رکنا پڑا۔ ان فرصت کے اوقات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں نے درود کبریت احمر شریف کا ترجمہ کیا جس کا مدت سے ارادہ کئے ہوئے تھا لیکن فرصت کے لمحات پاکستان میں میسر نہ آسکے اور اس کام میں التوا ہوتا رہا۔ اللہ تعالیٰ منظور فرمائے تو اس ترجمہ کی بدولت یہ دو دن (۲۱، ۲۲ اگست ١٩٩١ء) میری زندگی کے یادگار دن بن گئے ہیں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

۲۲ اگست ١٩٩١ء
بوقت ۱۲-۲۵ بجے دن

العبد المسکین
محمد کرم شاہ
رچمنڈ ہوٹل، کمرہ ۲۱۵
جنیوا۔ سوئٹزرلینڈ

دعاہائے ماثورہ از جواہر القرآن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا ہے مہربان

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا

اے ہمارے رب عطا فرما ہمیں دنیا میں بھی بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی اور بچا لے ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ۔ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا

آگ کے عذاب سے اے ہمارے رب اتار ہم پر صبر اور جمائے رکھ ہمارے قدموں کو

وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ۔ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ

اور فتح دے ہم کو قوم کفار پر اے ہمارے رب نہ پکڑ ہم کو اگر ہم

نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا

بھولیں یا خطا کر بیٹھیں اے ہمارے رب! نہ ڈال ہم پر بھاری بوجھ

كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا

جیسے تو نے ڈالا تھا ان پر جو ہم سے پہلے گزرے ہیں اے ہمارے رب اور نہ اٹھوا ہم سے وہ بوجھ

مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا

جس کے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں اور درگزر فرما ہم سے اور بخش دے ہم کو اور رحم فرما ہم پر

اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

تو ہی ہمارا دوست اور مددگار ہے پس تو مدد فرما ہماری، قوم کفار پر

۳۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ

اے ہمارے رب! نہ ٹیڑھے کر ہمارے دل بعد اس کے کہ تو نے ہدایت دی ہمیں اور عطا فرما

لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○

ہمیں اپنے پاس سے رحمت بے شک تو ہی سب کچھ بہت زیادہ دینے والا ہے

۴۔ رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے ہمارے رب یقیناً ہم ایمان لائے تو معاف فرما دے ہمارے لیے ہمارے گناہ اور بچا لے ہمیں آگ کے عذاب سے

۵۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْۤ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ

اے ہمارے رب بخش دے ہمارے گناہ اور جو زیادتیاں کیں ہم نے اپنے کام میں اور ثابت قدم

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ ۶۔ رَبَّنَا

رکھ ہمیں اور فتح دے ہم کو قوم کفار پر اے ہمارے مالک!

فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ۔

پس بخش دے ہمارے گناہ اور مٹا دے ہم سے ہماری برائیاں اور اپنے کرم سے موت دے ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ

۷۔ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ

اے ہمارے رب! عطا فرما ہمیں جو وعدہ کیا تو نے ہمارے ساتھ اپنے رسولوں کے ذریعہ اور رسوا نہ کر ہمیں قیامت

الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۔ ۸ ۔ رَبَّنَاۤ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً

کے دن بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ۔ اے پروردگار اُتار ہم پر خوان

مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً

آسمان سے بن جائے ہم سب کے لئے خوشی کا دن ہمارے اگلوں کے لئے بھی اور ہمارے پچھلوں کے

مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ ۹ ۔ رَبَّنَا

لئے بھی اور ہو جائے ایک نشانی تیری طرف سے اور رزق دے ہمیں اور تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے ۔ ہمارے پروردگار

ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ

ہم نے ظلم کیا اپنی جانوں پر اور اگر نہ بخشش فرمائے تو ہمارے لئے اور نہ رحم فرمائے ہم پر تو یقیناً ہم

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ ۱۰ ۔ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ

نقصان اُٹھانے والوں سے ہو جائیں گے ۔ اے میرے رب بنا دے مجھے نماز کو قائم کرنے والا

وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ

اور میری اولاد کو بھی اے ہمارے رب! میری یہ التجا ضرور قبول فرما ۔ اے ہمارے رب! بخش دے مجھے

وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

اور میرے ماں باپ کو اور سب مومنوں کو جس دن حساب قائم ہوگا ۔

تمام شد دعائے ماثورہ

ہر کس کہ بعد ہر نماز ایں آیات را بخواند و بعد از خواندن ہر حاجتے کہ بہ دعا خواہد انشاء اللہ مقبول خواہد شد ۔

دُعاہائے ماثورہ از احادیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حصنِ حصین مؤلفہ امام محمد بن محمد بن محمد بن الجزری الشافعی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفِ لطیف ہے انہوں نے اس کتاب میں اُمّتِ مسلمہ کی بھلائی کے لیے مستند کتبِ حدیث سے ایسی دُعائیں نقل کر دی ہیں جن کی صحت کے بارے میں کوئی شک و شبہ نہیں ہیں نے اس مختصر کتاب سے وُہ دُعائیں منتخب کر کے یہاں جمع کر دی ہیں جن کی اس دارالمحن میں زندگی بسر کرنے کے لئے ہر شخص کو کم و بیش ضرورت رہتی ہے۔ ان دُعاؤں کی عربی عبارات پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور کتابت کی صحت کا پُوری طرح اہتمام کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی اس کا اُردو ترجمہ بھی لکھ دیا گیا ہے تاکہ ہر شخص ضرورت کے مطابق ان دُعاؤں میں سے کوئی دُعا چُن لے اور اس کو جب بارگاہِ الٰہی میں عرض کرے تو صحتِ تلفظ کے ساتھ ساتھ اس کے معانی سے بھی وُہ واقف ہو تاکہ پُورے خشوع و خضوع کے ساتھ اپنے خداوندِ کریم رحیم کی بارگاہِ عالی میں اپنی معروضات پیش کرے اور گل ہائے مقصود سے اپنی جھولی بھر سکے۔ یہ دُعائیں مجموعہ وظائف میں درج نہیں۔ یہ اس احقر کا اضافہ ہے۔ اُمید ہے اُمّتِ مسلمہ کے لئے یہ باعثِ خیرات و برکات ہوگا۔ اور قارئین کرام اس سے دل کھول کر استفادہ کریں گے۔ اگر اس ناچیز کو بھی دُعائے خیر میں یاد فرمائیں تو بعید از کرم نہ ہوگا۔

محمد کرم شاہ
سجادہ نشین بھیرہ

اب یہاں چند وُہ دُعائیں اور اوراد ذکر کیے جاتے ہیں جو صحیح سند سے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مروی ہیں۔ جو شخص ان اوراد کی پابندی کرتا ہے اس شخص کی سعادت مندی اور خوش بختی کا کیا کہنا۔

سید الاستغفار

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُکَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ

عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔

ترجمہ۔ الٰہی تُو میرا رب ہے کوئی عبادت کے لائق نہیں سوائے تیرے۔ تُو نے مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں۔ اور میں تیرے عہد اور تیرے وعدہ پر اپنی طاقت کے مطابق قائم ہوں میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس کام کے شر سے جو میں نے کیا میں اعتراف کرتا ہوں تیرے سامنے تیری اُن نعمتوں کا جو تُو نے مجھ پر فرمائی ہیں۔ اور اپنے گناہوں کا بھی اقرار کرتا ہوں پس تو میرے گناہ بخش دے۔ اس لئے کہ تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخش سکتا۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص اس استغفار کو ایک مرتبہ دن میں یا رات میں یقین کامل کے ساتھ پڑھے گا اگر وہ اس دن یا رات میں وفات پائے گا تو وہ ضرور جنتی ہوگا۔

حدیث شریف میں اس استغفار کو سید الاستغفار (سب سے بڑے استغفار) کے نام سے ذکر فرمایا گیا ہے۔

گھر میں داخل ہونے اور گھر سے نکلنے کے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا۔

ترجمہ۔ اے اللہ میں تجھ سے گھر میں داخل ہونے اور گھر سے نکلنے کی خیر و برکت کا سوال کرتا ہوں ہم اللہ کے نام کے ساتھ ہی گھر میں داخل ہوتے ہیں اور اللہ کے نام کے ساتھ ہی گھر سے نکلتے ہیں اور اپنے پروردگار اللہ جل شانہٗ پر ہی ہمارا بھروسہ ہے۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب انسان گھر میں داخل ہونے کے وقت، کھانا کھانے کے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کر لیتا ہے تو شیطان اپنی ذرّیت سے کہتا ہے کہ اس گھر میں نہ تمہارے لئے رات کا ٹھکانہ ہے اور نہ کھانا پینا چلو یہاں سے۔ اور جو شخص گھر میں داخل ہوتے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کرتا تو شیطان اپنی ذرّیت سے کہتا ہے آؤ آؤ۔ رات کا ٹھکانہ بھی تمہیں مل گیا اور کھانا بھی اسی گھر

میں ڈیرے ڈال دو۔

۳۔ سوتے وقت یہ دُعا پڑھے

۱۔ بِاسْمِكَ وَضَعْتُ جَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ۔

ترجمہ۔ تیرے ہی نام کے ساتھ میں لیٹا ہوں پس تو ہی میری مغفرت کر دے۔

۲۔ پھر تینتیس ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ تینتیس ۳۳ مرتبہ الحمد للہ، چونتیس ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر

یہ وہ عظیم ترین عطیہ ہے جو آقائے دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی چہیتی صاحبزادی حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو خادم اور کنیز کے بجائے عطا کیا۔

۳۔ سوتے وقت دونوں ہاتھ ملائے اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ کر ان پر دم کرے پھر جہاں تک ہو سکے ان کو تمام جسم پر پھیرے سر اور چہرہ اور بدن کے سامنے کے حصّے سے شروع کرے۔ اس طرح تین مرتبہ عمل کرے۔

(یہ جادو اور سحر کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے اکسیر ہے)

۴۔ سوتے وقت بستر پر لیٹ کر آیۃ الکرسی پڑھے۔

حدیث شریف میں آیا ہے جو شخص سوتے وقت بستر پر لیٹ کر آیۃ الکرسی پڑھ لیتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کی اور اس کے آس پاس کے گھروں کی حفاظت فرماتے ہیں۔ اور صبح تک شیطان اُس کے پاس نہیں آتا۔

۵۔ سوتے میں اچھا یا بُرا خواب دیکھ کر آنکھ کھل جانے کے وقت کے آداب اور دُعا

حدیث شریف میں آیا ہے اگر سوتے میں کوئی اچھا خواب دیکھے اور آنکھ کھل جائے تو اس پر الحمد للہ کہے اور اس کو بیان بھی کرے مگر انہیں لوگوں کے سامنے بیان کرے جو اس سے محبت کرتے ہیں۔ اور اگر کوئی بُرا خواب دیکھے تو اپنی بائیں جانب تھوک دے یا پھونک مار دے اور تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھے اور کسی سے اس کا ذکر نہ کرے تو وہ خواب کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا اور جس کروٹ پر سو رہا تھا اس کو بدل دے یا اٹھ کر تہجد کی نماز پڑھے۔

۶۔ سوتے میں ڈر جائے یا کوئی گھبراہٹ یا پریشانی محسوس ہو تو یہ پڑھے۔

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کے کلماتِ تامہ کی پناہ لیتا ہوں اس کے غضب سے، اس کے عذاب سے، اس کے بندوں کے شر سے اور شیاطین کے وسوسوں سے اور اس سے کہ وہ شیطان میرے پاس بھی آئیں۔"

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ یہ دعا اپنے سمجھدار بچوں کو لفظاً لفظاً یاد کرایا کرتے تھے۔ اور ناسمجھ بچوں کے گلے میں تعویذ لکھ کر ڈال دیا کرتے تھے۔

۴۔ سو کر جاگنے کے وقت یہ دعا پڑھے:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

ترجمہ۔ اس اللہ تعالیٰ کا بہت بہت شکر ہے جس نے ہمیں مارنے کے بعد جلا دیا اور اسی کی طرف مر کر جانا ہے۔

۵۔ قضائے حاجت کے لئے جانے لگے تو یہ کہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

اور جب فارغ ہو کر نکلے تو کہے غُفْرَانَكَ۔ اے اللہ میں تجھ سے مغفرت کا طلب گار ہوں۔

۶۔ وضو کے وقت کی دعا

وضو سے فارغ ہو کر آسمان کی طرف نظر اٹھا کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے:۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود بجز اللہ تعالیٰ کے، وُہ یکتا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ ہمارے آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اُس کے بندے اور اُس کے رسُول ہیں۔ اے اللہ کر دے مجھے کثرت سے توبہ کرنے والوں میں اور کر دے مجھے پاک بننے والوں میں۔

۷۔ تہجد کے وقت اُٹھے تو یہ پڑھے:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ۔

ترجمہ: پاک ہے اللہ تعالیٰ جو رب العالمین ہے، پاک ہے اللہ تعالیٰ اور اُسی کی حمد کرتے ہیں۔

۸۔ مسجد میں داخل ہونے کے وقت یہ دُعا پڑھے:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِہِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ۔

ترجمہ: میں عظمت وجلال کے مالک اللہ تعالیٰ اور اُس کی کریم ذات اور اُس کی لازوال سلطنت کی پناہ لیتا ہوں مردود شیطان سے اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ، میں مسجد میں قدم رکھتا ہوں اور رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام ہو، اے اللہ میرے گناہ بخش دے اور اپنی رحمت کے دروازے میرے لئے کھول دے۔

۹۔ مسجد سے نکلنے کی دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِکَ۔

ترجمہ: اے اللہ تو مجھے مردود شیطان سے بچا۔ اللہ کے نام کے ساتھ نکلتا ہوں، سلام ہو اللہ کے رسُول پر، اے اللہ تو میرے گناہ بخش دے اور اپنے فضل کے دروازے میرے لئے کھول دے۔

۱۰۔ مغرب اور فجر کی نماز کے بعد پڑھنے کی دُعا

صبح کی نماز کے بعد جس طرح نماز میں بیٹھتے ہیں اُسی طرح دوزانو بیٹھے ہوئے بات کرنے سے قبل دس مرتبہ یا سو مرتبہ یہ کلمۂ توحید پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

ترجمہ۔ اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور اسی کی سب تعریف ہے وہی جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے اسی کے ہاتھ میں تمام تر خیر اور بھلائی ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔

اس کے بعد یہ دُعا مانگے:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا۔

ترجمہ۔ اے اللہ! میں تجھ سے حلال روزی، نفع رساں علم، مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔

مغرب کی نماز کے بعد بھی یہی کلمہ دس مرتبہ پڑھے۔


۱۱۔ سفر پر جانے کے لئے دُعا

مسافر جب سواری کے رکاب میں پاؤں رکھے یا سوار ہونے لگے تو کہے بِسْمِ اللّٰهِ جب اس کی پیٹھ پر بیٹھ جائے یا سوار ہو جائے تو کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور یہ دُعا پڑھے:۔

سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔

اور اس کے بعد یہ دُعا مانگے:۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ۔



ترجمہ: "اے اللہ ہم تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی کی اور پرہیزگاری کی اور جو عمل تجھے پسند ہو اس کی درخواست کرتے ہیں۔ اے اللہ تو ہمارا یہ سفر ہم پر آسان کر دے۔ اس کی مسافت کو طے کر دے اے اللہ تو ہی سفر میں ہمارا رفیق اور گھر بار میں ہمارا قائم مقام ہے اے اللہ میں تجھ سے سفر کی سختیوں سے اور سفر میں کسی تکلیف دہ منظر سے بیوی بچوں اور مال و منال میں تکلیف دہ واپسی سے پناہ مانگتا ہوں۔" اور جب سفر سے واپس آئے تب بھی یہی دعا مانگے اور ان کلمات کا اضافہ کرے:۔

آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ۔

ہم اب سفر سے لوٹ رہے ہیں۔ گناہوں سے توبہ کرتے ہیں۔ ہر حال میں اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور اپنے پروردگار کی حمد و ثنا کرتے ہیں۔

۱۲۔ کھانا کھانے کے بعد یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ٥

شکر ہے اللہ تعالیٰ کا جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور ہمیں مسلمان کیا۔

۱۳۔ کھانا کھلانے والوں کے لئے دعائیں

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِیْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔

اے اللہ تو نے جو رزق ان کو دیا ہے اس میں اور برکت دے پھر ان کی مغفرت فرما اور ان پر رحم کر۔

۱۴۔ سفر میں ضرورت کے وقت مدد طلب کرنے کا مجرب عمل

۱۔ اگر سفر میں سواری کا جانور چھوٹ کر بھاگ جائے بلند آواز سے کہے اَعِیْنُوْا یَا عِبَادَ اللّٰهِ رَحِمَکُمُ اللّٰهُ۔ مدد کرو اے اللہ تعالیٰ کے بندو اللہ تم پر رحم فرمائے۔

۲۔ اگر کسی مددگار کو بلانا ہو تو بلند آواز سے کہے یَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعِیْنُوْنِیْ۔ اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ (تین مرتبہ کہے)

مصنف حصن حصین فرماتے ہیں کہ یہ عمل آزمودہ ہے۔

۲۔ جب اس شہر کو دیکھے جس میں داخل ہونا چاہتا ہے تو اس کو دیکھتے ہی کہے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ اِنَّا نَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ اَهْلِهَا وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ اَهْلِهَا وَ شَرِّ مَا فِيْهَا۔

ترجمہ۔ اے اللہ ساتوں آسمانوں کے اور اس تمام مخلوق کے پروردگار جس پر یہ سایہ فگن ہیں۔ اور ساتوں زمینوں کے اور اس تمام مخلوق کے پروردگار جس کو یہ اٹھائے ہوئے ہیں۔ اور تمام شیطانوں کے اور اس تمام مخلوق کے رب جن کو انہوں نے گمراہ کیا ہے اور تمام ہواؤں کے اور ان چیزوں کے رب جن کو ہواؤں نے بکھیر دیا ہے۔ اس گاؤں میں اور اس گاؤں کے رہنے والوں میں جو خیر و خوبی ہے ہم تجھ سے اس کا سوال کرتے ہیں۔

۱۵۔ دشمن کے شر سے بچنے کے لئے

سورۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ پڑھا کرے۔

حضرت ابوالحسن قزوینی فرماتے ہیں کہ سورۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ہر نقصان و مضرت سے امان دینے والی ہے۔ آزمودہ عمل ہے۔

۱۶۔ کسی بھی غم اور پریشانی آنے کے وقت یہ وظیفہ پڑھنا چاہیئے

۱۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

۲۔ یہ دعا بھی کثرت سے پڑھا کرے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ يَا حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

۳۔ یہ دُعا بھی کم از کم تین مرتبہ پڑھے۔ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا (یا) اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا۔

۴۔ کسی بھی رنج وغم اور مصیبت کے وقت یہ پڑھے اور دُعا مانگے:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجِلَاءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ وَغَمِّیْ۔

ترجمہ۔ الٰہی میں تیرا ہی بندہ ہوں اور تیرے ہی بندے، تیری ہی بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے تیرا ہر حکم میرے حق میں نافذ ہے۔ تیرا ہر فیصلہ میرے حق میں عدل ہے میں تیرے ہر اُس نام کے توسل سے جو تیرا ہے تو نے خود اُس کو اپنا نام رکھا یا اس کو اپنی کتاب میں نازل فرمایا یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو بتلایا۔ یا تو نے اس کو علم غیب کے خزانہ میں اپنے پاس ہی محفوظ رکھا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار، نگاہ کا نور اور میرے غم کے ازالہ اور پریشانی کو دُور کرنے کا ذریعہ بنادے۔

حدیث شریف میں آیا ہے جو بھی اللہ تعالیٰ کا بندہ کسی مصیبت یا رنج وغم میں گرفتار ہو۔ اور وہ مذکورہ بالا دُعا پڑھا کرے اللہ تعالیٰ ضرور اُس کی مصیبت، پریشانی اور رنج وغم کو دور فرمائے گا۔ اور اُس کے رنج واندوہ کو خوشی ومسرت سے بدل دے گا۔

۵۔ کسی بھی رنج وغم یا بیماری میں گرفتار ہونے کے وقت کثرت سے یہ پڑھے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ حدیث میں آیا ہے جو شخص یہ پڑھتا ہے اُس کے لئے یہ ننانوے دُکھ بیماریوں کی دوا ہے جس میں سے سب سے ہلکی بیماری فکر وپریشانی ہے۔

۱۷۔ کسی بادشاہ یا ظالم شخص سے خوف کے وقت کی دُعا

یہ دُعا تین مرتبہ پڑھے:۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَعَزُّ مِنْ خَلْقِہٖ جَمِیْعًا اَللّٰہُ اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ مُمْسِکُ السَّمَآءِ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِکَ فُلَانٍ وَجُنُوْدِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَللّٰھُمَّ کُنْ لِّیْ جَارًا مِّنْ شَرِّھِمْ جَلَّ ثَنَآؤُکَ وَعَزَّ جَارُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ۔

ترجمہ۔ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔ اللہ ہی تمام مخلوق سے زیادہ قوی ہے اللہ تعالیٰ اس سے بھی زیادہ قوی ہے جس سے میں خائف ہوں اور ڈر رہا ہوں میں اس اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور جس نے اپنے حکم سے آسمان کو زمین پر آنے سے روکا ہوا ہے۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں فلاں بندے کے اور اس کی فوج ولشکر کے اور اس کے پیروؤں اور خدمت گزاروں کے شر سے جن ہوں یا انسان۔ اے اللہ تو ان سب کے شر سے مجھے پناہ دینے والا بن جا۔ تیری حمد وثنا بہت بڑی ہے اور تجھ سے پناہ لینے والا ہمیشہ غالب ہوتا ہے اور تیرے سوا کوئی بھی قابل عبادت نہیں ہے۔

۱۸۔ نمازِ حاجت کا طریقہ

۱۔ جس شخص کو اللہ تعالیٰ سے کوئی خاص حاجت ہو، یا کسی بندے سے کوئی خاص کام پیش آجائے تو اس کو چاہئے کہ وضو کرے خوب اچھی طرح، پھر دو رکعت نماز حاجت پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجے۔ اس کے بعد یہ دعا مانگے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْعِصْمَۃَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً ھِیَ لَکَ رِضًی اِلَّا قَضَیْتَھَا یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

ترجمہ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بڑا ہی بردبار اکرم کرنے والا ہے۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ جو عرش عظیم کا رب ہے، سب تعریفیں ہیں اللہ رب العالمین کے لئے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری رحمت کے واجب کر دینے والے اسباب کا اور تیری مغفرت کو پختہ کر دینے والی خصلتوں کا اور ہر گناہ سے حفاظت کا اور ہر نیکی کی نعمت کا اور ہر نافرمانی سے سلامتی کا۔ اے اللہ تو میرے کسی گناہ کو بغیر بخشے مت

چھوڑ اور میرے کسی فکر و پریشانی کو بغیر دُور کیے مت چھوڑ۔ اور میری کسی ایسی حاجت کو جو تیری رضا کے مطابق ہو بغیر پُورا کیے مت چھوڑ۔ یا ارحم الراحمین۔

نمازِ حاجت کا دُوسرا طریقہ

مذکورہ بالا طریق پر وضو کر کے نماز پڑھے۔ پھر یہ دُعا مانگے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ۔

ترجمہ۔ اے اللہ! میں تجھ سے ہی سوال کرتا ہوں اور تیری ہی طرف متوجہ ہوں۔ تیرے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نبی رحمت کے وسیلہ سے۔ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت کے بارے میں متوجہ ہوتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں تاکہ وہ پُوری ہو جائے۔ اے اللہ! تو میرے بارے میں آپ کی شفاعت قبول فرما۔

۱۹۔ پہلی کا چاند دیکھنے کے وقت کی دُعا

هِلَالُ خَیْرٍ وَّ رُشْدٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ هٰذَا الشَّهْرِ وَخَیْرِ الْقَدْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ۔

(چاند کو دیکھ کر یہ تین مرتبہ کہے)

ترجمہ۔ یہ خیر و برکت اور نیکی کا چاند ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے اِس ماہ کی خیر و برکت کا اور تقدیرِ الٰہی کی خیر و برکت کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

۲۰۔ شب قدر دیکھنے کے وقت

اور جب شب قدر دیکھنا نصیب ہو تو یہ دُعا کرے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔

ترجمہ۔ اے اللہ! بے شک تُو معاف کرنے والا ہے۔ معاف کرنے کو پسند کرتا ہے پس تو مجھے

بھی مُعاف فرما دے۔

۲۱۔ آئینہ دیکھنے کے وقت

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ تو نے ہی میری صُورت اتنی اچھی بنائی ہے پس تُو ہی میرے اخلاق کو بھی خُوب صُورت بنا دے۔

۲۲۔ قرض میں گرفتار ہونے کے وقت کی دُعا

۱۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ تو مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام سے بچالے اور اپنے فضل وکرم سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے۔

ادائیگی قرض کے لئے یہ دُعا بکثرت پڑھا کرے۔

۲۔ اَللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تُعْطِیْھِمَا مَنْ تَشَآءُ وَتَمْنَعُ مِنْھُمَا مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ۔

ترجمہ:۔ اے اللہ اے مُلک کے مالک تُو ہی جس کو چاہتا ہے مُلک دیتا ہے اور تُو ہی جس سے چاہتا ہے مُلک چھین لیتا ہے۔ تُو ہی جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور تُو ہی جسے چاہتا ہے ذلت دیتا ہے۔ ہر طرح کی خیر وخوبی تیرے قبضۂ قدرت میں ہے۔ بے شک تُو ہر چیز پر قادر ہے۔ اے دُنیا و آخرت میں بہت بڑے رحم کرنے والے تُو جس کو چاہتا ہے دُنیا و آخرت کی نعمتیں دے دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے اس کو دونوں سے محروم کر دیتا ہے۔ تو مجھ پر وہ خاص رحمت فرما کہ اس کے ذریعہ تو مجھے اپنے ماسوا کی رحمت سے بے نیاز فرما دے۔

۳۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تیری ہی پناہ لیتا ہوں ہر فکر و غم سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں عاجزی اور کاہلی سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں بزدلی اور بخل سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں قرض کے غلبہ اور لوگوں کے زور و ظلم سے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ دعا پڑھتا رہتا ہے اگر ریت کے ذروں کے برابر اس پر قرض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو ادا فرما دیتا ہے۔

۲۳- کسی دکھ یا بیماری میں کسی کو گرفتار دیکھے تو یہ دعا مانگے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا

ترجمہ: شکر ہے اللہ تعالیٰ کا جس نے مجھے اس دکھ تکلیف سے عافیت میں رکھا جس میں تجھے مبتلا کیا اور بہت سی مخلوق پر مجھے نمایاں طور پر فضیلت دی۔

حدیث شریف میں آیا ہے جو شخص کسی کو دکھ، بیماری میں گرفتار دیکھ کر مذکورہ بالا دعا پڑھے گا وہ زندگی بھر اس دکھ تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ چاہیئے کہ وہ یہ دعا آہستہ پڑھے تاکہ مریض اور دکھی کی دل شکنی نہ ہو۔

۲۴- زیارت قبور کے لئے جانے کے وقت کی دعا

جب قبر کی زیارت کے لئے قبرستان جائے تو یہ کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَّنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ۔

ترجمہ: اے اس بستی کے رہنے والے مسلمانو اور مومنو تم پر سلام۔ بے شک ہم بھی ان شاء اللہ تم سے عنقریب ملنے والے ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے اور تمہارے لئے عافیت کی دعا کرتے ہیں۔ تم ہم سب سے پہلے جانے والے ہو اور ہم تمہارے پیچھے آنے والے ہیں۔

ترکیب نوافل بمع ادعیہ

نوافل اشراق — اشراق کی بارہ رکعتیں ہیں

دعائے شکر اللہ:-

بعد فاتحہ در رکعت اوّل آیۃ الکرسی تا خالدون و در ثانی از آمن الرسول تا تمام سُورۃ و آیۃ اللہ نور السمٰوٰت والارض تا علیم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَصْبَحْتُ لَكَ لَآ اَسْتَطِيْعُ دَفْعَ مَآ اَكْرَهُ

اے اللہ میں نے صبح کی ہے تیرے لیے میں اس چیز کو دور کرنے کی طاقت نہیں رکھتا جسے میں ناپسند کرتا ہوں

وَلَآ اَمْلِكُ نَفْعَ مَآ اَرْجُوْ مِنْ رَّحْمَتِكَ اَصْبَحْتُ

اور میں اس چیز کے نفع کا مالک نہیں ہوں جس کی میں تیری رحمت سے امید رکھتا ہوں میں نے صبح کی ہے

مُرْتَهَنًا بِعَمَلِيْ وَاَصْبَحَ اَمْرِيْ بِيَدِ غَيْرِيْ فَلَا فَقِيْرَ

اس حالت میں کہ اپنے عمل میں گروی ہوں اور میرا کام میرے غیر کے ہاتھ میں ہے اور کوئی فقیر مجھ سے زیادہ محتاج نہیں

اَفْقَرُ مِنِّيْ وَلَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوِّيْ وَلَا تَسُوْءْ بِيْ

میرے دشمن کو میری حالت سے خوش نہ کر اور نہ میرے دوست کو میری حالت سے تکلیف دے

صَدِيقِي وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتِي فِي دِينِي وَدُنْيَايَ

میری مصیبت میرے دین ، میری دُنیا اور آخرت

وَلَا فِي الْآخِرَةِ وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّي وَلَا مَبْلَغَ

میں نہ کر اور نہ بنا دُنیا کو میرا مقصدِ عظیم اور نہ میرے علم کی

عِلْمِي وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيَّ مَنْ لَا يَرْحَمُنِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اللَّهُمَّ

نہایت اور نہ مسلط کر مجھ پر ایسے شخص کو جو رحم نہیں کرتا مجھ پر دُنیا میں اور آخرت میں اے اللہ!

إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الذُّنُوبِ الَّتِي تُزِيلُ بِهَا النِّعَمَ وَمِنَ

میں پناہ مانگتا ہوں تیرے واسطہ سے اُن گناہوں سے جن کے باعث تو نعمتوں کو زائل کر دیتا ہے اور اُن

الذُّنُوبِ الَّتِي تُوجِبُ بِهَا النِّقَمَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

گناہوں سے جن کے باعث تو عذاب کو واجب کرتا ہے تیری رحمت کے طفیل اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

دُعائے استعاذہ در رکعتِ اوّل سُورۂ فلق و در رکعتِ دوم سُورۂ ناس یک بار بخواند

دُعائے استعاذہ پہلی رکعت میں سُورۂ فلق اور دُوسری میں سُورۂ ناس ایک ایک بار پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْأَعْظَمِ بِكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے تیرے اسمِ اعظم کے ساتھ تیرے مکمل کلمات کے ساتھ

مِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَالْهَامَّةِ وَاَعُوْذُ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ

ہر زہریلے جانور سے اور ہر تکلیف دینے والے کیڑے مکوڑوں کے شر سے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے اسم اعظم سے

وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ وَمِنْ شَرِّ

اور تیرے مکمل کلمات سے تیرے بندوں کے شر سے اور تیرے عذاب کے

عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمَتِكَ

شر سے اور میں پناہ مانگتا ہوں بذریعہ تیرے اسم اعظم کے اور تیرے مکمل کلمات

التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ

کے ہر شیطان راندے ہوئے سے اور ہر جابر اور سرکش کے

عَنِيْدٍ وَّاَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمَتِكَ التَّآمَّةِ

شر سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے اسم اعظم کے اور تیرے مکمل کلمات کے

مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا يَجْرِيْ بِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ اِنَّ رَبِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ

ہر اس چیز کے شر سے جنہیں رات اور دن لے کر آتے ہیں بے شک میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے وہ اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے اس پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور وہ عرش عظیم کا رب ہے

اِلٰهِيْ اِنَّكَ سَلَّطْتَ عَلَيْنَا عَدُوًّا بَصِيْرًا يَّرٰنَا

اے اللہ تو نے مسلط کیا ہے ہم پر ایسا دشمن جو دیکھنے والا ہے وہ اور

بِعُيُوْبِنَا هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا نَرٰهُمْ اَللّٰهُمَّ

اُس کا لشکر دیکھتا ہے ہمارے عیبوں کو وہاں سے کہ ہم انہیں نہیں دیکھ سکتے اے اللہ!

فَاٰيِسْهُ مِنَّا كَمَا اٰيَسْتَهٗ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَقَنِّطْهُ مِنَّا

پس مایوس کردے اس کو ہم سے جس طرح مایوس کیا ہے تو نے اسے اپنی رحمت سے اور نا اُمید کردے اسے

كَمَا قَنَّطْتَهٗ مِنْ عَفْوِكَ وَاَبْعِدْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ كَمَا اَبْعَدْتَ

ہم سے جس طرح نا اُمید کیا ہے تو نے اس کو اپنی بخشش سے اور دوری کردے ہمارے درمیان اور اس کے درمیان

بَيْنَهٗ وَبَيْنَ جَنَّتِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّبِالْاِجَابَةِ

جس طرح دوری کردی ہے اس کے درمیان اور اپنی جنت کے درمیان بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے اور دعاؤں کو

جَدِيْرٌ ؕ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ

قبول کرنے والا ہے نہیں ہمارے پاس طاقت گناہوں سے بچنے کی اور قوت نیک عمل کرنے کی مگر اللہ تعالیٰ کی مدد سے جو علی اور بزرگ ہے

دُعائے استخارہ در اوّل رکعت کافرون و در دوم سورۃ اخلاص یک بار بخواند

دُعائے استخارہ ۔ پہلی رکعت میں سورۃ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص ایک بار پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ

اے اللہ! میں خیر طلب کرتا ہوں تجھ سے تیرے علم کے ذریعہ اور قدرت طلب کرتا ہوں تجھ سے

بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ

تیری طاقت کے ذریعہ اور مانگتا ہوں تجھ سے تیرا فضل عظیم بے شک تو

تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ

قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا تو جانتا ہے میں نہیں جانتا تو تمام غیبوں کو

الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَّلَا

جاننے والا ہے اے اللہ! نہیں مالک میں اپنے نفس کے لیے کسی ضرر کا اور نہ

نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ

کسی نفع کا، نہ موت کا، نہ زندگی کا اور نہ قبر سے جی اُٹھنے کا اے اللہ اگر تو

تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ

جانتا ہے کہ یہ بات بہتر ہے میرے لئے میرے دین میں، میری معاش میں اور میرے کام کے انجام کے لحاظ سے

فَاقْدِرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ

تو مقدر فرمادے اس کو میرے لئے اور آسان فرمادے اس کو میرے لئے پھر برکت عطا فرما مجھے اس میں اور اگر تو جانتا ہے کہ

اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ

یہ کام برا ہے میرے لئے میرے دین میں، میری معاش میں، میرے کام کے انجام کے لحاظ سے

فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَيْرَ

پس پھیر دے اس کو میری طرف سے اور پھیر دے مجھے اس کی طرف سے اور مقدر کردے میرے لئے بھلائی

حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

جہاں ہو پھر راضی کردے مجھے اس کے ساتھ بطفیل اپنی رحمت کے اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

دُعائے استجاب در اوّل رکعت سبّح اسم یکبار و در رکعت دوم سورۂ قدر پنج بار

یہ دعائے طلب محبت ہے۔ پہلی رکعت میں سورہ سبّح اسم ایک بار دوسری میں سورۂ قدر پانچ بار پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان اور ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيَّ وَاجْعَلْ

اے اللہ! بنادے اپنی محبت کو تمام چیزوں سے زیادہ محبوب میرے نزدیک اور بنادے

خَوْفَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِيْ اَللّٰهُمَّ اِذَآ اَقْرَرْتَ

اپنے خوف کو تمام چیزوں سے زیادہ ڈرانے والا میرے نزدیک اے اللہ جب تو ٹھنڈا کرے

عُيُوْنَ اَهْلِ الدُّنْيَا بِدُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ بِكَ وَ

اہل دنیا کی آنکھوں کو ان کی دنیا کے ذریعہ تو ٹھنڈا کر میری آنکھوں کو اپنے دیدار سے اور

بِعِبَادَتِكَ وَاقْطَعْ عَنِّيْ لَذَّاتِ الدُّنْيَا بِاُنْسِكَ

اپنی عبادت سے اور منقطع کردے مجھ سے دنیا کی ساری لذتیں اپنے انس کے ساتھ

وَالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاجْعَلْ طَاعَتَكَ فِيْ كُلِّ

اور اپنی ملاقات کے شوق کے ساتھ اور بنادے اپنی فرماں برداری کو ہر چیز میں

شَيْءٍ مِّنِّيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ

میری طرف اے بزرگی والے اے عزت والے اے اللہ نصیب فرما مجھے

حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ

اپنی محبت اور ان کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتے تھے اور ان کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتے ہیں اور ہر

عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِيْ اِلٰى حُبِّكَ وَاجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ

اس عمل کی محبت جو مجھے قریب کر دے تیری محبت کی طرف اور کر دے اپنی محبت کو سب چیزوں

الْاَشْيَآءِ اِلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ لِلْعَطْشَانِ يَا

سے زیادہ محبوب ہمارے ٹھنڈے پانی سے پیاسے کے لئے یا

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ اسْقِنِيْ بِكَاْسِ مُحَمَّدٍ

ذاالجلال والاکرام اے اللہ پلا مجھے محمد مصطفےٰ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرْبَةً لَّا اَظْمَاُ بَعْدَهَا اَبَدًا بِرَحْمَتِكَ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساغر سے ایسا پلا کہ اس کے بعد پھر مجھے کبھی پیاس نہ لگے اپنی رحمت کے طفیل

يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ دعاء شکر النہار در ہر دو رکعت سورۂ اخلاص یک بار بخواند

یا ارحم الراحمین دعاء شکر النہار ہر رکعت میں ایک ایک بار سورۂ اخلاص پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن اور رحیم ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الصَّبَاحِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اس کی اس مہربانی پر جو اس نے صبح اچھی طرح گزاری اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے

حُسْنِ الْمَسَآءِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الْمَبِيْتِ اَللّٰهُمَّ

اس لیے کہ اس نے شام اچھی طرح گزاری سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے عمدگی کے ساتھ رات گزرنے پر اے اللہ!

لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَعَ دَوَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

تیرے لیے حمد ہے ایسی حمد جو تیرے دوام کے ساتھ دائم رہے اور تیرے لیے حمد ہے ایسی حمد

لَا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ مَشِيْئَتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ

جس کی کوئی انتہا نہیں تیری مرضی کے بغیر اور تیرے لیے حمد ہے ایسی حمد جو ہر

كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا

آنکھ جھپکنے کے وقت ہو اور ہر سانس لینے کے وقت ہو سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے ایسی تعریف

دَآئِمًا عَدَدَ الْقَطَرَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ وَالْحَجَرِ وَالشَّجَرِ وَ

جو ہمیشہ رہنے والی ہے جو بارش کے قطروں، نباتات، پتھروں، درختوں اور

الْاَوْرَاقِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كِفَاءَهٗ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ

پتوں کے شمار کے مطابق ہے سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو کافی ہے اس کو اور درود ہو اس کے نبی محمد پر

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰهِىْ بِرَحْمَتِكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِىْ اِلٰى

صلی اللہ علیہ وسلم اے اللہ! میں تیری رحمت سے امید رکھتا ہوں پس مجھے میرے نفس کے

نَفْسِیْ وَلَا اِلٰی غَیْرِكَ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّلَا اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ

سپرد کر دے اور نہ کسی اور کی طرف آنکھ جھپکنے کی دیر یا اس سے بھی کم وقت میں اور

اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ

درست کر دے میرے لیے میری ہر حالت کو بطفیل لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ

وَتُبْ عَلَیَّ وَاغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ

اور رحمت کی توجہ فرما مجھ پر اور بخش دے میرے لئے اور رحم فرما مجھ پہ بے شک تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے اے اللہ!

لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَیْكَ الْمُشْتَكٰی وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

سب تعریفیں تیرے لئے ہیں شکایتیں تیری ہی بارگاہ میں ہیں تجھی سے مدد مانگی جاتی ہے برائی سے بچنے کی طاقت اور نیکی

اِلَّا بِكَ برائے حق والدین دو رکعت ہر رکعت آیۃ الکرسی یک بار و سورۂ اخلاص سہ بار بخواند

کرنے کی قوت تیرے بغیر نہیں۔ دو نفل حق والدین کے لئے ہیں ہر رکعت میں ایک بار آیۃ الکرسی اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھیے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ


اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

یَا لَطِیْفُ الْطُفْ بِیْ وَبِوَالِدَیَّ فِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ

اے لطیف! لطف و کرم فرما میرے ساتھ اور میرے والدین کے ساتھ تمام حالتوں میں

كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی یَا عَلِیْمُ یَا قَدِیْرُ وَاغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ

جس طرح تو دوست رکھتا ہے تو اور پسند کرتا ہے تو اے سب کچھ جاننے والے اے قدرت رکھنے والے بخش دے مجھ کو اور میرے والدین کو


۱۷۷
إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے
زِنُورِ شَمْسِ سُلَيْمَانْ
۱۲۹۱ھ
عیان مُحَمَّدُ الدِّیْن

دُعاء بعد دلائل الخیرات

دلائل الخیرات کی ابتدا کرتے وقت یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو رب العالمین ہے مجھے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ

نہیں کوئی طاقت اور نہ قوت گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی بجز مدد اللہ تعالیٰ کے جو اعلیٰ اور عظیم ہے اے اللہ

اِنِّيْ اَبْرَءُ مِنْ حَوْلِيْ وَقُوَّتِيْ اِلٰى حَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ

میں بیزار ہوتا ہوں اپنی طاقت اور قوت سے تیری طاقت اور قوت کی طرف

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ میں قرب حاصل کرتا ہوں تیری طرف درود بھیج کر اپنے آقا محمد پر

عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ صَلَّى

جو تیرے بندے، تیرے نبی، تیرے رسول اور تمام رسولوں کے سردار ہیں صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ امْتِثَالًا

اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وعلیہم اجمعین تیرے

لِاَمْرِكَ وَتَصْدِيْقًا لَّهٗ وَمَحَبَّةً فِيْهِ وَشَوْقًا اِلَيْهِ وَ

حکم کی تعمیل کرتے ہوئے اور نبی محترم کی تصدیق کرتے ہوئے آپ کے ساتھ محبت کرتے ہوئے آپ کی طرف اظہار شوق

تَعْظِيْمًا لِّقَدْرِهٖ وَلِكَوْنِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلًا

کرتے ہوئے اور ان کی شان کی تعظیم کرتے ہوئے اور اس لیے بھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کے اہل ہیں

لِّذٰلِكَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ بِفَضْلِكَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ

پس قبول فرما اس درود کو میری طرف سے اپنے فضل کے ساتھ اور بنا دے مجھے اپنے

الصّٰلِحِيْنَ وَوَفِّقْنِيْ لِقِرَاءَتِهَا عَلَى الدَّوَامِ بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ

نیک بندوں سے اور توفیق بخش مجھے اس کی تلاوت کی ہمیشہ اس کے رتبہ کے طفیل جو تیری جناب میں

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اللہ تعالیٰ درود بھیجے ہمارے آقا محمد پر آپ کی آل پر آپ کے تمام اصحاب پر

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے جو عظمت والا ہے اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے اور ہر حمد کا سزاوار ہے

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

کافی ہے مجھے اللہ تعالیٰ اور وہ بہترین وکیل ہے

اعوذ اور بسم اللہ کے ساتھ سورۃ اخلاص۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرے۔ پھر بسم اللہ شریف کے ساتھ اسماء الحسنیٰ کا ورد کرے۔

دُعَاۤءٌ يُقْرَءُ قَبْلَ الشُّرُوْعِ

یہ دُعا جو شروع سے پہلے پڑھی جاتی ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ مُنَّ عَلَيْنَا بِصَفَآءِ الْمَعْرِفَةِ وَهَبْ لَنَا صَحِيْحَ

اے اللہ تعالیٰ احسان فرما ہم پر اپنی معرفت کی صفائی کے ساتھ اور بخش ہمیں صحیح

الْمُعَامَلَةِ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ عَلَى السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَصِدْقَ

معاملہ ہمارے درمیان اور اپنے درمیان اہل سنت والجماعت کے طریقے کے مطابق اپنی ذات پر

التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ وَامْنُنْ عَلَيْنَا بِكُلِّ

سچا توکل اور حسن ظن عطا فرما اور ہم پر ایسے احسان فرما جو ہمیں

مَا يُقَرِّبُنَا اِلَيْكَ مَقْرُوْنًا بِالْعَفْوِ فِى الدَّارَيْنِ


تیرے قریب کر دیں تیری ذات کی طرف اس حال میں کہ دارین میں تیری عفو اور بخشش ہمارے ساتھ ہو

يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

یا رب العالمین

مُصنّفِ دلائل الخیرات شریف کے مُختصر سوانح حیات

دلائل الخیرات شریف کے عظیم مصنف کا اسمِ گرامی الشیخ الامام العارف الکامل قطب الاقطاب فریدالعصر ابو عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی السملالی ہے۔ آپ حسنی سادات سے تھے اور اکیس واسطوں سے آپ کا سلسلہ نسب حضرت سیدنا امام حسن بن علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ رضی اللہ عنہ و عنہم اجمعین سے جا ملتا ہے۔ آپ کے والد قبیلہ جزولہ اور سملالہ کے امیر لوگوں میں شمار کیے جاتے تھے۔ جن کی سکونت ضلع سوس اقصیٰ ملک بربر افریقہ تھی آپ نے مدینہ فاس میں علم حاصل کیا اور جامعہ قرویین کے کتب خانہ میں سالہا سال عزلت گزینی اور مطالعہ کے بعد آپ نے دلائل الخیرات کو مرتب کیا پھر آپ فاس سے ساحلی علاقہ کی طرف تشریف لائے اور وہاں کے عارفِ کامل شیخ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ کے دستِ حق پرست پر بیعت کی۔ پھر ریاضت و عبادت کے لیے آپ چودہ سال خلوت گزین رہے۔ اس طویل خلوت میں مدارج سلوک طے کرنے کے بعد دین کی تبلیغ اور نشر و اشاعت کے لیے آپ نے جلوت اختیار کی۔ بے شمار لوگ آپ کے دستِ حق پرست پر تائب ہوئے اور آپ کا چرچا اکنافِ عالم میں پہنچ گیا اور آپ سے بے شمار کرامات اور عظیم خوارق رونما ہوئے۔ آپ کے اوصاف و کمالات میں غور و فکر کرنے سے عقلِ انسانی دنگ رہ جاتی ہے۔ آپ کتاب و سنت کے سختی سے پابند تھے اور ہر وقت اوراد و وظائف میں مشغول رہتے تھے۔ آسفی شہر کے والی نے آپ کو وہاں سے نکال دیا۔ آپ نے موضع آفوغال جو سطرازہ کے علاقوں میں ایک مشہور بستی ہے وہاں آکر اقامت اختیار کی اور اپنے مریدین کی تربیت میں مشغول رہنے لگے۔ آپ کی برکت سے اُن کے دل انوارِ الٰہی سے جگمگانے لگے اور اسرار و معارفِ تصوف اُن پر آشکار ہونے لگے۔ آپ ہی کی برکت سے تمام بلادِ مغرب میں لوگوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کے ذکر اور حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنے کا شوق بے پایاں پیدا ہوا آپ کی شہرت ملک کے کونے کونے میں پہنچی اور آپ کے معتقدین بستی بستی میں پائے جانے لگے۔ آپ کی برکت سے ملک اور اہلِ ملک کو حیاتِ نو ارزانی ہوئی اور طریقہ تصوف جو اس علاقہ میں مٹ چکا تھا پھر زندہ ہو گیا



آپ کے خلفاء میں ایسے ایسے کامل بزرگ تھے جنھوں نے اس سلسلے کے فیض کو دُور دراز علاقوں تک پہنچایا۔ ان میں سے ایک بزرگ ابو عبد اللہ محمد الصغیر السہلی، دُوسرے الشیخ محمد عبد الکریم المنذاری بہت مشہور ہیں۔ آپ کی اور آپ کے مخلص تلامذہ کی کوششوں سے معرفتِ الٰہی کا نُور عام ہوا اور دلوں کی دُنیا اس کے انوار سے جگمگانے لگی۔ بارہ ہزار چھ سو پینسٹھ آپ کے وُہ کامل مُرید تھے جو مقامِ ولایت پر فائز ہُوئے۔ زہر خورانی سے آپ کا وصال صبح کی نماز کی پہلی رکعت کے دُوسرے سجدہ میں یا دُوسری رکعت کے پہلے سجدہ میں ہوا۔ ربیع الاوّل کی ۱۶ تاریخ تھی اور ۸۷۰ھ تھا۔ آپ کو آپ کی مسجد کے صحن میں نماز ظہر کے بعد دفن کیا گیا۔ آپ کی کوئی اولاد نرینہ نہ تھی۔

آپ کے وصال کے ستتر (۷۷) سال بعد آپ کے جسمِ مُبارک کو سُوس سے مراکش منتقل کیا گیا اور ریاض العروس کے مقبرہ میں آپ کو دفن کیا گیا اور آپ کی مرقد پر روضہ تعمیر ہوا۔

ستتر سال کے بعد جب آپ کو آپ کی قبر سے نکالا گیا تو آپ کا جسم بالکل تر و تازہ تھا جیسے آج ہی اُن کو دفن کیا گیا ہو۔ زمین نے آپ پر کوئی اثر نہ کیا تھا اور اتنی طویل مدت کے بعد آپ کے جسم پر کوئی تغیر ظہور پذیر نہیں ہوا۔ آپ کی داڑھی مُبارک اور سرِ مُبارک کے بال ایسے تھے جیسے آج ہی کسی حجام نے حجامت بنائی ہو۔ بعض لوگوں نے آپ کے چہرے پر انگلی رکھ کر دبائی، خون وہاں سے ہٹ گیا۔ اور جب انگلی اُٹھائی تو خون اپنی جگہ پر لوٹ آیا جس طرح زندہ آدمی کے ساتھ ہوا کرتا ہے۔ آپ کا مزار پُرانوار مراکش میں ہے جس پر بڑا رُعب و جلال کا سماں طاری ہے۔ لوگ زیارت کے لئے جوق در جوق حاضر ہوتے ہیں اور دلائل الخیرات بکثرت پڑھی جاتی ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر آپ کے بکثرت دُرود پڑھنے سے آپ کی قبر سے کستوری کی خوشبو آتی ہے۔ آپ کا تعلق سلسلہ شاذلیہ سے ہے۔ دلائل الخیرات کے علاوہ تصوف میں آپ کی بہت سی تصنیفات ہیں۔

دلائل الخیرات شریف پڑھنے کا طریقہ

جو

امام المتقین قطب عالم حضرت شاہ غلام علی صاحب نقشبندی مجددی قادری سے منقول ہے

دلائل الخیرات شریف پڑھنے والے کو چاہیے کہ وقت شروع منزل کے ابتدا اس دعا سے کرے جو صفحہ نمبر ۱۰۷ پر درج ہے یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الخ اس کے بعد تینوں قُل شریف اور الحمد شریف بسم اللہ کے ساتھ تین تین بار پڑھے۔ پھر اسماء حسنیٰ پڑھے۔ ہر نام مبارک کے ساتھ جَلَّ جَلَالُہٗ کہے اور اسماء حسنیٰ کے آخر میں دعا پڑھے جو درج ہے۔ پھر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء گرامی کا یوں ورد کرے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی مَنْ اِسْمُہٗ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ہر اسم مبارک کے ساتھ سیدنا اور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اضافہ کرتا جائے۔ آخر میں اسماء گرامی کے بعد جو دعا مرقوم ہے اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ بِجَاہِ نَبِیِّکَ الْمُصْطَفٰی الخ وہ پڑھے۔ ہر روز منزل پڑھنے سے پہلے ان سورتوں کی تلاوت ضرور کرے۔ بعد ازاں دلائل الخیرات شریف کی اس روز کی منزل پڑھے۔ اس ترتیب سے پڑھنے میں بڑا فائدہ اور کمال ثواب ہے۔ نیز یہ یاد رکھیں کہ دلائل الخیرات میں جہاں آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا دوسرے انبیاء کرام علیٰ نبینا وعلیہم السلام کا نام نامی آئے اس کے اول اگرچہ لفظ سیدنا مکتوب نہ ہو تاہم پڑھنے والا سیدنا کا لفظ از خود بڑھا کر پڑھے کیونکہ اس ادب و تعظیم سے نہایت قرب حاصل ہوتا ہے۔ باوضو مستقبل قبلہ بیٹھ کر پڑھنا اور اثنائے منزل میں کسی سے کلام دنیوی کرنا بہت مکروہ ہے۔ دوشنبہ[1] کے دن ہی ختم ہوتا ہے اور اس دن ہی دوشنبہ کی منزل پڑھنا مناسب

---

[1] ضروری نوٹ:۔ خواجگان چشت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے نزدیک دلائل الخیرات پڑھنے کے وہی آداب و شرائط ہیں جو اوپر مذکور ہوئے۔ صرف اتنا فرق ہے کہ یہاں پہلی منزل دوشنبہ کے بجائے جمعہ کو شروع ہوتی ہے (باقی بر صفحہ آئندہ)



ہے۔ یعنی آٹھویں دن ہی ختم۔ اسی دن پہلی منزل کا شروع ہے اور جن جن درُودوں یا دُعاؤں کو تین تین مرتبہ پڑھنا لکھا ہے اُن کو تین مرتبہ پڑھے۔ اس برکت والی کتاب کے پڑھنے میں دو جہان کی سعادات حاصل ہوتی ہیں کیونکہ اس میں سب کے سب درُود مُبارک جمع ہیں۔ جس نے اس کا وظیفہ شروع کیا اس کے دین و دُنیا کے سب کام حسن انجام پاتے ہیں۔ جتنی اعتقاد و خلوص نیت کرے گا نیک نیت سے ہی اجر حاصل ہوتا ہے۔ واللہ الموفق والمعین۔ بعد ختم دلائل الخیرات کے ایک دفعہ درُود کبریت احمر پڑھنا چاہیے۔



(بقیہ صفحہ گزشتہ) اور آخری منزل جمعہ کو ہی ختم ہوتی ہے۔ اس لیے سلسلہ چشتیہ سے جو لوگ منسلک ہیں وہ دلائل الخیرات کی تلاوت میں اس ترتیب کو ملحوظ رکھیں۔ ہر منزل کی ابتدا میں نوٹ لکھ دیا گیا ہے کہ یہ منزل سلسلہ چشتیہ میں کس روز پڑھی جانی چاہیے۔

فقیر محمد کرم شاہ

سجادہ نشین بھیرہ ضلع سرگودھا

مُقَدِّمَہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے اور درود و سلام ہوں ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ○ قَالَ الشَّیْخُ

محمد پر اور آپ کی آل و اصحاب پر فرمایا شیخ نے

اَلْاِمَامُ الْوَلِیُّ الْکَبِیْرُ الْقُطْبُ الشَّھِیْرُ سُلْطَانُ

جو پیشوا ہیں، ولی کبیر ہیں قطب شہیر ہیں مقربین کے

الْمُقَرَّبِیْنَ وَقُطْبُ دَآئِرَۃِ الْمُحَقِّقِیْنَ ○

بادشاہ ہیں محققین کے حلقہ کے قطب

وَسَیِّدُ الْعَارِفِیْنَ ○ صَاحِبُ الْکَرَامَاتِ

عارفوں کے سردار ہیں کرامات اور

الظَّاھِرَۃِ وَالْاَسْرَارِ الْبَاھِرَۃِ ○ سَیِّدِیْ اَبُوْ

روشن اسرار کے مالک ہیں یعنی میرے سردار ابو

عَبْدِ اللّٰہِ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْجَزُوْلِیُّ

عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ○

رضی اللہ عنہ کر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰنَا لِلْاِیْمَانِ وَالْاِسْلَامِ ○

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس نے ہماری رہنمائی فرمائی ایمان اور اسلام کی طرف

وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّہٖ

اور درود و سلام ہوں ہمارے آقا محمد پر جو اللہ کے نبی ہیں

الَّذِی اسْتَنْقَذَنَا بِہٖ مِنْ عِبَادَۃِ الْاَوْثَانِ

جن کے طفیل اللہ نے ہمیں بتوں اور جھوٹے خداؤں کی پرستش سے

وَالْاَصْنَامِ ○ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ النُّجَبَآءِ الْبَرَرَۃِ

نجات دی نیز آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر جو برگزیدہ نیکوکار اور

الْکِرَامِ ○ وَبَعْدَ ھٰذَا فَالْغَرَضُ فِیْ ھٰذَا الْکِتَابِ

اہل کرم ہیں حمد و نعت کے بعد اس کتاب کی تالیف کا مقصد

ذِکْرُ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے

وَفَضَائِلِھَا نَذْکُرُھَا مَحْذُوْفَۃَ الْاَسَانِیْدِ لِیَسْھُلَ

اور اس کے فضائل کا بیان ہے ہم انہیں ذکر کریں گے اسناد کو حذف کر دیں گے تاکہ قاری پر



حِفْظُهَا عَلَى الْقَارِئِ وَهِيَ مِنْ اَهَمِّ الْمُهِمَّاتِ

ان کا حفظ آسان ہو جائے اور یہ اہم ترین مقاصد سے ہے

لِمَنْ يُّرِيْدُ الْقُرْبَ مِنْ رَّبِّ الْاَرْبَابِ ۝

اُس خوش نصیب کے لئے جو رب العالمین کے قرب کا خواستگار ہو

وَسَمَّيْتُهٗ بِكِتَابِ

میں نے اس کتاب کا نام

دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ

دلائل الخیرات

وَشَوَارِقِ الْاَنْوَارِ

اور شوارق الانوار

فِيْ ذِكْرِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ ۝ اِبْتِغَاءً

فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار رکھا ہے مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ

لِمَرْضَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَحَبَّةً فِيْ رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

راضی ہو اور محبت نصیب ہو اُس کے رسول کریم

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ۝

ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی

وَاللّٰهُ الْمَسْئُوْلُ اَنْ يَّجْعَلَنَا لِسُنَّتِهٖ مِنَ التَّابِعِيْنَ ۝

اور اللہ تعالیٰ سے ہی ہم التجا کرتے ہیں کہ ہمیں آپ کی سنت کے فرمانبرداروں

وَلِذَاتِهِ الْكَامِلَةِ مِنَ الْمُحِبِّيْنَ ۝ فَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ

اور آپ کی کامل ذات کے عشاق میں سے کرے بے شک وہ اس پر

قَدِيْرٌ ۝ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ وَلَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُهٗ ۝ وَهُوَ

قادر ہے نہیں کوئی معبود سوائے اس کے اور نہیں کوئی بھلائی بجز اس کی بھلائی کے اور وہ

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

بہترین دوست اور بہترین مددگار ہے ہمارے پاس نیکی کرنے اور گناہ سے بچنے

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

کی کوئی طاقت اور قوت نہیں بجز اللہ کی مدد کے جو برتر اور عظمت والا ہے

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ۝

تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری نہ کرو

فَصْلٌ فِیْ فَضْلِ الصَّلٰوۃِ

یہ فصل نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پر

عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۝

درود بھیجنے کے فضائل میں ہے

قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ

فرمایا اللہ نے جو غالب اور بزرگ ہے بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں

عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ

اس نبی معظم پر۔ اے ایمان والو تم بھی آپ پر درود بھیجا کرو اور بڑے ادب

سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝

اور احترام سے سلام عرض کیا کرو

وَیُرْوٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جَآءَ ذَاتَ یَوْمٍ وَّالْبُشْرٰی تُرٰی فِیْ وَجْھِہٖ فَقَالَ

ایک روز تشریف لائے اور خوشی ظاہر ہو رہی تھی آپ کے رُخِ انور سے پس آپ

اِنَّہٗ جَآءَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ لِیْ اَمَا

نے فرمایا کہ میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے ہیں اور مجھے کہا ہے کہ اے

تَرْضٰى يَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ

محمد مصطفےٰ آپ اس بات پر راضی نہیں کہ آپ کا کوئی امتی آپ پر ایک بار درود

اُمَّتِكَ اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا ۝ وَلَا يُسَلِّمُ

بھیجے تو میں اس پر دس بار درود بھیجوں اور آپ کا جو امتی

عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا ۝

آپ پر ایک بار سلام بھیجے تو میں اس پر دس بار سلام بھیجوں

وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے سب سے زیادہ قریب وہ ہوگا جو ان میں

بِيْ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سے مجھ پر بہت کثرت سے درود بھیجے گا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلٰئِكَةُ مَادَامَ

فرمایا جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے اس پر فرشتے درود بھیجتے رہتے ہیں جب تک وہ

يُصَلِّيْ عَلَيَّ فَلْيُقَلِّلْ عِنْدَ ذٰلِكَ اَوْ لِيُكْثِرْ ۝ وَقَالَ

مجھ پر درود بھیجتا رہے۔ اب اس کی مرضی تھوڑا درود بھیجے یا زیادہ۔ رسول کریم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الْبُخْلِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی کے بخیل ہونے کے لئے

أَنْ أُذْكَرَ عِنْدَهٗ وَلَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ

اتنا ثبوت ہی کافی ہے کہ اس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔ رسولِ کریم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۝

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کثرت سے درود بھیجا کرو مجھ پر جمعہ کے دن

وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مِنْ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری اُمت سے جو شخص مجھ پر

أُمَّتِيْ مَرَّةً وَّاحِدَةً كُتِبَتْ لَهٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَّ

ایک مرتبہ درود پڑھے گا اس کے نامۂ عمل میں دس نیکیاں لکھی جائیں گی اور

مُحِيَتْ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

دس گناہ مٹا دیئے جائیں گے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ الْأَذَانَ وَالْإِقَامَةَ ۝

نے فرمایا جب کوئی شخص اذان اور اقامت سن کر یہ کہتا ہے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ

اے اللہ! اس کامل دعوت کے اور قائم ہونے والی نماز کے مالک!

اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ

عطا فرما اپنے محبوب (محمدؐ) کو وسیلہ اور بزرگی اور بلند درجہ

وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُودَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ حَلَّتْ لَهٗ

اور انہیں مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے تو اس

شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

کے لئے روز قیامت میری شفاعت حلال ہو جائے گی۔ نبی رحمت نے فرمایا

وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ كِتَابٍ لَّمْ تَزَلِ الْمَلٰٓئِكَةُ تُصَلِّیْ

جس نے مجھ پر درود کتاب میں لکھا فرشتے اس پر اس وقت تک درود

عَلَیْهِ مَادَامَ اسْمِیْ فِیْ ذٰلِكَ الْكِتَابِ ○ وَقَالَ

پڑھتے رہیں گے جب تک میرا نام اس کتاب میں لکھا رہے گا حضرت ابو سلیمان دارانی

اَبُوْ سُلَیْمَانَ الدَّارَانِیْ مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّسْئَلَ اللّٰهَ

نے فرمایا کہ جو ارادہ کرے کہ اللہ تعالیٰ سے اپنی

حَاجَتَهٗ فَلْیُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ

حاجت مانگے تو اسے چاہیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود پڑھے

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ یَسْئَلِ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ وَلْیَخْتِمْ

پھر اللہ سے اپنی حاجت مانگے اور چاہیے کہ ختم کرے

بِالصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ

اپنی التجا کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے سے کیونکہ



اللّٰهَ يَقْبَلُ الصَّلٰوتَيْنِ وَهُوَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَّدَعَ مَا

اللہ تعالیٰ دونوں درُودوں کو تو قبول فرماتا ہی ہے اور اُس کا کرم گوارا نہیں کرتا کہ درمیان

بَيْنَهُمَا ۝ وَرُوِيَ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ

کی دعا کو مسترد کر دے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مروی ہے کہ حضور نے

قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِائَةَ مَرَّةٍ غُفِرَتْ

فرمایا جو جمعہ کے دن سو مرتبہ مجھ پر درود پڑھے گا اُس کی

لَهٗ خَطِيْئَةُ ثَمَانِيْنَ سَنَةً ۝ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

اسّی سال کی خطائیں بخش دی جائیں گی حضرت ابوُ ہریرہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ قَالَ لِلْمُصَلِّيْ عَلَيَّ نُوْرٌ عَلَى الصِّرَاطِ وَمَنْ

فرمایا مجھ پہ درود پڑھنے والے کے لیے پُل صراط پہ نوُر ہوگا اور جو

كَانَ عَلَى الصِّرَاطِ مِنْ اَهْلِ النُّوْرِ لَمْ يَكُنْ مِّنْ

پُل صراط پر اہل نوُر سے ہوگا وُہ دوزخیوں میں سے

اَهْلِ النَّارِ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

نہیں ہوگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے

نَسِیَ الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فَقَدْ اَخْطَاَ طَرِیْقَ الْجَنَّۃِ وَاِنَّمَا

فراموش کر دیا مجھ پر درود پڑھنے کو اُسے بھول گیا جنت کا راستہ۔ نسیان سے مراد ترک درود

اَرَادَ بِالنِّسْیَانِ التَّرْکَ وَاِذَا کَانَ التَّارِکُ مُخْطِیْ طَرِیْقِ

ہے اور جب درود کا تارک جنت کا راستہ بھول جاتا ہے تو درود پڑھنے والا

الْجَنَّۃِ کَانَ الْمُصَلِّیْ عَلَیْہِ سَالِکًا اِلَی الْجَنَّۃِ ۝ وَفِیْ

جنت کی راہ پر گامزن ہوتا ہے حضرت

رِوَایَۃِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَّضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَآءَنِیْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس

جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ لَا یُصَلِّیْ

جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہا یا محمد حضور کا جو اُمتی

عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا صَلّٰی عَلَیْہِ سَبْعُوْنَ

آپ پر ایک بار درود پڑھے گا ستر ہزار

اَلْفَ مَلَکٍ وَّمَنْ صَلَّتْ عَلَیْہِ الْمَلٰٓئِکَۃُ کَانَ مِنْ

فرشتے اُس پر درود پڑھیں گے اور جس پر فرشتے درود پڑھتے ہیں وہ

أَهْلِ الْجَنَّةِ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرُكُمْ

اہل جنت سے ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جو

عَلَيَّ صَلٰوةً أَكْثَرُكُمْ أَزْوَاجًا فِي الْجَنَّةِ ۝ وَرُوِيَ

زیادہ مجھ پر درود پڑھے گا اُسے جنت میں حوریں بھی زیادہ ملیں گی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

عَنْهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ

سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا جو شخص مجھ پر

صَلٰوةً تَعْظِيمًا لِحَقِّي خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ ذٰلِكَ

درود بھیجتا ہے محض میرے حق کی تعظیم بجالانے کے لیے تو اللہ تعالیٰ پیدا فرماتا ہے اس درود

الْقَوْلِ مَلَكًا لَهُ جَنَاحٌ بِالْمَشْرِقِ وَالْآخَرُ بِالْمَغْرِبِ

سے ایک فرشتہ اس کا ایک پر مشرق میں اور دوسرا مغرب میں

وَرِجْلَاهُ مَقْرُوْرَتَانِ فِي الْأَرْضِ السَّابِعَةِ السُّفْلٰى

اور اس کے دو پاؤں گڑے ہوتے ہیں نیچے والی ساتویں زمین میں

وَعُنُقُهُ مُلْتَوِيَةٌ تَحْتَ الْعَرْشِ يَقُوْلُ اللهُ عَزَّ

اور اس کی گردن لپٹی ہوتی ہے عرش کے نیچے اللہ عزّ و جلّ

وَجَلَّ لَهُ صَلِّ عَلٰى عَبْدِي كَمَا صَلّٰى عَلٰى نَبِيِّي فَهُوَ

اُسے حکم دیتے ہیں کہ درود پڑھ میرے اس بندہ پر جس طرح اس نے درود پڑھا میرے نبی پر سو وہ

يُصَلِّيْ عَلَيْهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ○ وَرُوِيَ عَنْهُ صَلَّى

قیامت تک اُس پر درود پڑھتا رہے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ الْحَوْضَ يَوْمَ

مروی ہے کہ آپ نے فرمایا روزِ قیامت حوض کوثر پر میرے

الْقِيٰمَةِ اَقْوَامٌ مَّا اَعْرِفُهُمْ اِلَّا بِكَثْرَةِ الصَّلٰوةِ عَلَيَّ ○

پاس ایسی قومیں آئیں گی جن کو میں محض اُن کے کثرتِ درود سے پہچانتا ہوں

وَرُوِيَ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا جو مجھ پر

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ

ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ اُس پر دس بار

مَرَّاتٍ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ عَشْرَ مَرَّاتٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

درود پڑھتا ہے اور جو مجھ پر دس مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اُس پر

مِائَةَ مَرَّةٍ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مِائَةَ مَرَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ

سو مرتبہ درود پڑھتا ہے اور جو مجھ پر سو مرتبہ پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ

عَلَيْهِ اَلْفَ مَرَّةٍ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ اَلْفَ مَرَّةٍ حَرَّمَ اللّٰهُ

ہزار بار اُس پر درود پڑھتا ہے اور جو شخص مجھ پر ہزار بار درود بھیجے اس کے جسم کو اللہ تعالیٰ

جَسَدَهُ عَلَى النَّارِ وَثَبَّتَهُ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى

آگ پر حرام کر دیتا ہے اور اس کو پکے قول پر ثابت قدم رکھتا ہے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ وَاَدْخَلَهُ

دُنیا کی زندگی میں اور آخرت میں سوال کے وقت قبر میں اور داخل فرمائے گا

الْجَنَّةَ وَجَآءَتْ صَلٰوتُهُ عَلَىَّ نُوْرًا لَّهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اُسے جنت میں اور آئے گا اس کا درُود جو اس نے مجھ پر بھیجا ہے نور بن کر قیامت

عَلَى الصِّرَاطِ مَسِيْرَةَ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَّاَعْطَاهُ

کے دن جو پُلصراط پر پانچ سو سال کی مسافت تک پھیلا ہوا ہوگا اور ہر درُود کے بدلے

اللّٰهُ بِكُلِّ صَلٰوةٍ صَلَّاهَا عَلَىَّ قَصْرًا فِى الْجَنَّةِ قَلَّ

اللہ تعالیٰ جنت میں اُسے ایک محل دے گا تھوڑا پڑھے

ذٰلِكَ اَوْ كَثُرَ ○ وَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یا زیادہ (یہ اُس کی مرضی) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَا مِنْ عَبْدٍ صَلّٰى عَلَىَّ اِلَّا خَرَجَتِ الصَّلٰوةُ مُسْرِعَةً

جو بندہ مجھ پر درُود بھیجتا ہے تو اُس کا درُود اُس کے منہ سے تیزی سے

مِّنْ فِيْهِ فَلَا يَبْقٰى بَرٌّ وَّلَا بَحْرٌ وَّلَا شَرْقٌ وَّلَا غَرْبٌ

نکلتا ہے پھر کوئی باقی نہیں رہتی ہے خشکی نہ کوئی سمندر نہ مشرق اور نہ مغرب

اِلَّا وَتَمُرُّ بِهٖ وَتَقُوْلُ اَنَا صَلٰوةُ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ

مگر وہ وہاں سے گزرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں فلاں بن فلاں کا درود ہوں

صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ فَلَا يَبْقٰى

جو اس نے محمد مختار جو اللہ کی سب مخلوق سے بہتر ہے پر بھیجا ہے پس نہیں باقی رہتی

شَيْءٌ اِلَّا وَصَلّٰى عَلَيْهِ وَيُخْلَقُ مِنْ تِلْكَ الصَّلٰوةِ

مگر اس پر درود بھیجتی ہے اور اس درود سے ایک پرندہ پیدا

طَآئِرٌ لَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ جَنَاحٍ فِيْ كُلِّ جَنَاحٍ

کیا جاتا ہے جس کے ستر ہزار بازو ہوتے ہیں اور ہر بازو میں

سَبْعُوْنَ اَلْفَ رِيْشَةٍ فِيْ كُلِّ رِيْشَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ

ستر ہزار پر ہوتے ہیں اور ہر پر میں ستر ہزار

رَأْسٍ فِيْ كُلِّ رَأْسٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ وَجْهٍ فِيْ كُلِّ

سر ہوتے ہیں اور ہر سر میں ستر ہزار چہرے ہوتے ہیں اور ہر چہرے

وَجْهٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ فَمٍ فِيْ كُلِّ فَمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ

میں ستر ہزار منہ ہوتے ہیں اور ہر منہ میں ستر ہزار

لِسَانٍ فِيْ كُلِّ لِسَانٍ يُسَبِّحُ اللّٰهَ تَعَالٰى بِسَبْعِيْنَ اَلْفَ

زبانیں اور ہر زبان ستر ہزار لغات میں اللہ کی تسبیح کرتی ہے

لُغَاتٍ وَّيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ ثَوَابَ ذٰلِكَ كُلِّهٖ ○ وَعَنْ

اور اللہ تعالیٰ اُن سب کا ثواب اُس کے لئے لکھتا ہے حضرت

عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ نے کہا کہ رسول اللہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے جمعہ کے دن مجھ پر

مِائَةَ مَرَّةٍ جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَعَهٗ نُوْرٌ لَّوْ قُسِّمَ ذٰلِكَ

سو مرتبہ درود بھیجا وہ روزِ قیامت آئے گا اور اُس کے ساتھ نور ہوگا اگر اُس کی

النُّوْرُ بَيْنَ الْخَلْقِ كُلِّهِمْ لَوَسِعَهُمْ ذُكِرَ فِيْ بَعْضِ

روشنی ساری مخلوق پر تقسیم کی جائے تو سب کو کافی ہو بعض اخبار میں

الْاَخْبَارِ مَكْتُوْبٌ عَلٰى سَاقِ الْعَرْشِ مَنِ اشْتَاقَ اِلَيَّ

مذکور ہے کہ عرش کے ستون پر لکھا ہے کہ جو میرا مشتاق ہوگا تو

رَحِمْتُهٗ وَمَنْ سَاَلَنِيْ اَعْطَيْتُهٗ وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَيَّ

میں اُس پر رحمت کروں گا اور جس نے مجھ سے مانگا میں اُس کو عطا کروں گا اور جو میرے

بِالصَّلٰوةِ عَلٰى حَبِيْبِيْ مُحَمَّدٍ غَفَرْتُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ وَلَوْ

حبیب محمد مصطفیٰ پر درود بھیج کر میرا قرب حاصل کرے گا میں اُس کے گناہ بخش دوں گا اگرچہ

كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ۝ وَرُوِيَ عَنْ بَعْضِ

سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں بعض صحابہ

الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَنَّهٗ قَالَ

رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ جس

مَا مِنْ مَجْلِسٍ يُصَلّٰى فِيْهِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

محفل میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا

وَسَلَّمَ اِلَّا قَامَتْ مِنْهُ رَائِحَةٌ طَيِّبَةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ

جاتا ہے اُس سے ایک خوشبودار مہک اُٹھتی ہے جو آسمان تک

عَنَانَ السَّمَآءِ فَتَقُوْلُ الْمَلٰٓئِكَةُ هٰذَا مَجْلِسٌ صُلِّيَ فِيْهِ

جا پہنچتی ہے پھر فرشتے کہتے ہیں یہ وہ محفل ہے جس میں

عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۝ ذُكِرَ فِيْ بَعْضِ

محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا گیا ہے بعض اخبار میں مذکور

الْاَخْبَارِ اَنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ اَوِ الْاَمَةَ الْمُؤْمِنَةَ اِذَا

ہے جب کوئی بندہ مومن یا مومن بندی حضرت

بَدَاَ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا شروع کرتی ہے

فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَالسُّرَادِقَاتُ حَتّٰى اِلَى

تو کھول دیئے جاتے ہیں اُس کے لئے آسمانوں کے دروازے اور اُٹھا دیئے جاتے ہیں

الْعَرْشِ فَلَا يَبْقٰى مَلَكٌ فِى السَّمٰوٰتِ اِلَّا صَلّٰى عَلٰى

حجابات عرش تک پس کوئی فرشتہ آسمانوں میں باقی نہیں رہتا مگر وہ

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِذٰلِكَ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجتا ہے اور مغفرت طلب کرتا ہے اُس بندے

الْعَبْدِ اَوِ الْاَمَةِ مَاشَآءَ اللّٰهُ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور بندی کے لئے جتنا اللہ چاہے اور فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَةٌ فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ

وسلم نے جس پر مشکل ہو جائے کوئی حاجت پس اُسے چاہیئے کہ کثرت سے

عَلَىَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرُوْبَ

درود بھیجے مجھ پر کیونکہ درود دُور کرتا ہے سب افکار کو، سب غموں کو، سب تکلیفوں کو

وَتُكَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِى الْحَوَآئِجَ ۝ وَعَنْ

اور زیادہ کرتا ہے روزیوں کو اور روا کرتا ہے سب حاجتوں کو ایک بزرگ

بَعْضِ الصّٰلِحِيْنَ اَنَّهٗ قَالَ كَانَ لِىْ جَارٌ نَسَّاخٌ فَمَاتَ

سے مروی ہے اُنہوں نے فرمایا کہ میرا ایک پڑوسی تھا جو کتابت کیا

فَرَاَيْتُهٗ فِی الْمَنَامِ فَقُلْتُ لَهٗ مَا فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ

کرتا تھا وہ مرگیا تو میں نے اُسے خواب میں دیکھا اور پوچھا تو اللہ تعالیٰ نے

فَقَالَ غَفَرَ لِیْ فَقُلْتُ لَهٗ فِيْمَ ذٰلِكَ فَقَالَ كُنْتُ اِذَا

تمہارے ساتھ کیا برتاؤ کیا۔ کہا مجھے بخش دیا میں نے پوچھا کیسے۔ کہا کہ جب میں

كَتَبْتُ اسْمَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ كِتَابٍ

حضور کا اسم مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم لکھا کرتا تو میں درود پڑھا کرتا تھا آپ پر

صَلَّيْتُ فَاَعْطَانِیْ رَبِّیْ مَا لَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ

اس کے صلہ میں مجھے میرے رب نے وہ نعمتیں بخشیں جو نہ آنکھ نے دیکھیں نہ کان نے

سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ ۞ وَعَنْ اَنَسٍ

سنیں اور نہ کسی کے دل میں اُن کا تصور ہوا حضرت انس سے مروی ہے

اَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آپ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰی اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ

تم میں سے کوئی کامل مومن نہیں بن سکتا یہاں تک کہ میں اُسے محبوب تر ہو جاؤں

نَفْسِهٖ وَمَالِهٖ وَوَلَدِهٖ وَوَالِدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۞

اُس کے نفس سے، اُس کے مال سے، اُس کی اولاد سے، اُس کے والد سے اور تمام لوگوں سے۔

وَفِیْ حَدِیْثِ عُمَرَ اَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

حدیث میں ہے حضرت عمرؓ نے عرض کی یارسول اللہ آپ مجھے ہر چیز سے

مِنْ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا نَفْسِیَ الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبَیَّ فَقَالَ لَہٗ عَلَیْہِ

محبوب ہیں بجز میرے نفس کے جو میرے پہلو میں ہے حضور علیہ الصلوٰۃ

الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ لَا تَکُوْنُ مُؤْمِنًا حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ

والسلام نے فرمایا کہ تو مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں تمہیں تمہارے

اِلَیْکَ مِنْ نَّفْسِکَ فَقَالَ عُمَرُ وَالَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْکَ

نفس سے بھی محبوب تر نہ ہوں۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا اس ذات کی قسم جس نے

الْکِتَابَ لَاَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیَ الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبَیَّ

آپ پر قرآن نازل فرمایا آپ مجھے میرے نفس سے بھی اب پیارے ہو گئے ہیں

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْاٰنَ یَا عُمَرُ

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب اے عمرؓ!

تَمَّ اِیْمَانُکَ ○ وَقِیْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

تیرا ایمان مکمل ہو گیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا

وَسَلَّمَ مَتٰی اَکُوْنُ مُؤْمِنًا وَّفِیْ لَفْظٍ اٰخَرَ مُؤْمِنًا

میں کب مومن ہوں گا اور دوسری روایت میں ہے کہ کب

صَادِقًا قَالَ اِذَآ اَحْبَبْتَ اللّٰهَ فَقِيْلَ مَتٰى اُحِبُّ

سچا مومن ہوں گا فرمایا جب تم اللہ تعالیٰ سے محبت کروگے۔ اُس نے عرض کی کب میں اللہ

اللّٰهَ قَالَ اِذَآ اَحْبَبْتَ رَسُوْلَهٗ فَقِيْلَ وَمَتٰى اُحِبُّ

سے محبت کروں گا فرمایا جب تم اُس کے رسول سے محبت کروگے عرض کی میں اُس کے رسول سے

رَسُوْلَهٗ قَالَ اِذَا اتَّبَعْتَ طَرِيْقَتَهٗ وَاسْتَعْمَلْتَ

کب محبت کروں گا فرمایا جب تم اُن کی راہ پر چلوگے اور اُن کی سُنت پر عمل

بِسُنَّتِهٖ وَاَحْبَبْتَ بِحُبِّهٖ وَاَبْغَضْتَ بِبُغْضِهٖ وَ

کروگے اور اُس کی محبت کے باعث کسی سے محبت کروگے اور اُس کے بغض کی وجہ سے کسی سے

